روزانہ روحانی مطالعہ

شمارہ 1

جنوری-فروری-مارچ 2023

# خوشخبری

روزنامہ

مفت

فروخت نہ کیا جائے

اس روحانی مطالعہ کی قیمت کی پیشگی ادائیگی ہمارے شراکت داروں کی طرف سے کی جا چکی ہے تاکہ اسے مفت تقسیم کیا جا سکے۔

وہ خوشخبری جو دور کے ملک سے آئے ایسی ہے جیسے تھکے ماندہ کی جان کے لیے ٹھنڈا پانی- (امثال 25:25)

Uebert & BeBe
ANGEL



# UEBERT & BEBE ANGEL

سالہاسال کل وقتی خدمت کے نتیجے میں، یوبرٹ اور بی بی اینجل، پوری دنیا میں خدا کے فضل (یوانگیلیون) اور نبوتی خوشخبری کی منادی کرنے میں پیش پیش اور سرکردہ آوازیں ہیں۔ اس کے ساتھ، وہ روحانی لڑائی، خدا کے ساتھ قربت، دعائیہ بینک، مومن کی معجزاتی طاقت، وغیرہ جیسے موضوعات کے سب سے زیادہ فروخت ہونے والے مصنفین ہیں۔ یوبرٹ اور بی بی اینجل بین الاقوامی سطح پر چاہے جانے والے مقررین ہیں اور عالمی رہنما کے طور پر، انہیں ان کے نظریے، جدت طرازی اور دلیری کی وجہ سے انتہائی معتبر مانا جاتا ہے۔ گڈ نیوز چرچ (اسپرٹ ایمبیسی) کے بانیوں کے طور پر اور نبوت کے عہدہ پر فائز ہونے کے ناطے انہوں نے خدا کے فضل (یوانگیلیون) کی خوشخبری کا مکاشفہ لا کر روحوں کو جیتنے کے اپنے جذبے کے ذریعے دنیا بھر میں لاکھوں زندگیوں کو متاثر کیا ہے۔


THE GOODNEWS WORLD
Halo 2006 · Wild custard apple 1985
Become a
GoodNewsWorld
PARTNER
PARTNER NOW AND HELP SPREAD
THE GOODNEWS AROUND THE WORLD
VISIT www.goodnewsworld.com/ partner



**1 - یوحنا 5: 4**

جو کوئی خُدا سے پَیدا ہُؤا ہے وہ دُنیا پر غالِب آتا ہے اور وہ غلبہ جِس سے دُنیا مغلُوب ہُوئی ہے ہمارا اِیمان ہے۔

ایمان پوری دنیا اور خدا کےکلام میں افضل ہے۔ بغیر ایمان کے، آپ خدا کو پسند نہیں آ سکتے۔ بائبل کہتی ہے ایمان کے بغیر خدا کو پسند آنا ناممکن ہے۔ ایمان مسیح میں دولتمند، نامور لوگوں کا طرززندگی ہے، کیونکہ ہم ایمان سے جیتے، عالمِ اسباب میں انہونی کا مقابلہ اور فتح کرتے، صلیب پر مسیح کی جان دینے کےعوض خریدے گئے تمام فوائد تک رسائی اور ملکیت حاصل کرتےہیں۔

اس نئےسال، زمین پرجنت کا سال، میں مزید آگے بڑھتے ہوئے اپنے ایمان کی ترقی اورعمل کو ترجیح بنائیں، اسی میں آپکی فتح مضمر ہے۔ ایمان صرف سننے سے پیدا ہو سکتا ہے، اور سننےکی صلاحیت صرف خدا کےکلام سے پیدا ہوتی ہے۔ پس اپنی روح کو خدا کے کلام سے معمور کرنے کیلئے ہرموقع کا فائدہ اٹھائیں۔ کلام پڑھیں۔ تعلیمات سنیں۔ ہر نشریات دیکھیں، کتابیں پڑھیں جو آپکے ایمان کی تعمیر، استحکام، افزائش میں مدد کریں گی۔ ابھی یہ روزنامہ خوشخبری کا مطالعہ کرتے ہوئے آپکے ایمان میں اضافہ ہو رہا ہے۔ ہیلیلویاہ! مرحلہ عمیق زندگی آپ کیلئے ایسا مسیحی ہونےکا موقع ہےجیسا آپ کو ہونا تھا، ایک مسیحی جو زمین پرایک جنت جیسی زندگی جیتا ہے!!

## نبوتی اقرار

میں زمین پرجنت کی ذندگی جیتا ہوں! میرے ایمان میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے۔ جب میں اپنے ایمان کو عمل میں لاتا ہوں، میری زندگی کا ہر مسئلہ کمزور پڑ جاتا ہے۔ میں کسی طور بےبس نہیں ہوں، کیونکہ میرا ایمان مجھے فاتح بناتا ہے، خدا کی حمد کرو!

**مزید مطالعہ**

یعقوب 1: 25-22

## فخر کرو !



**1 - تِیمُتھِیُس 4: 15**

اِن باتوں کی فِکر رکھ۔ اِن ہی میں مشغُول رہ تاکہ تیری ترقّی سب پر ظاہِر ہو۔

ہمیں سکھایا گیا، فخر کرنا غلط ہےکیونکہ فخرغرور، خودپسندی کا نتیجہ ہے۔ یہ سچ ہو سکتا ہے اگر کسی کی فطرت میں تکبرہو، خدا کے کلام میں ایسی مثالیں ہیں جہاں فخر کی اجازت ہے۔ زبور 34: 2 میں بادشاہ داؤد اعلان کرتا ہے، "میری روح خداوند پر فخر کرے گی۔ حلیم یہ سن کر خوش ہوں گے۔" اس سے معلوم ہوتا ہے، کچھ فخریہ باتیں لوگوں کو سننے کی ضرورت ہوتی ہے۔

خدا آپکو فخر کی اجازت دیتا ہے۔ آج کےکلام میں، یہ یقینی بنانا آپکا حق، زمہ داری ہےکہ دوسروں کو آپکی زندگی میں خدا کےاحسان کے بارے معلوم ہو۔ لیکن ایسا ہونےکیلئے، آپکو ہمیشہ خد ا کےکلام پر دھیان کاعزم کرنا ہوگا۔

دھیان کےدوران، خدا آپکے ساتھ تدبیر کرتا ہےاور چاہتا ہے، نتائج آپ دوسروں پرظاہرکریں۔ آپکی ترقی واحد چیز ہے جسکی نمائش میں خدا کو دلچسپی ہے۔ سوشل میڈیا آپکے جسم نہیں، ترقی کی نمائش سے بھرا ہونا چاہیے۔ ہر جگہ آپکی ترقی کا اظہار ہونا چاہیے! دنیا کوثابت کریں کہ مسیح میں آپکی زندگی زمین پرجنت ہےاورخدا کا کلام برقت کام کرتا ہے۔ دھیان کےذریعے، آپ چیزیں واقع ہونےکا سبب بن سکتےہیں۔ جیسےہی آپ دھیان کرنےکا فیصلہ کریں‌گے، آسمانی سرحدیں آپ پر کھل جائیں‌گی، آپکو طول وعرض تک رسائی حاصل ہو گی۔ دھیان کریں، اورآپکی ترقی سب پر ظاہر ہوگی!

### نبوتی اقرار

اس سال میری زندگی میں چیزیں تبدیل ہورہی ہیں! سب مجھےحیرت سے دیکھیں گے کیونکہ میں اپنی زندگی میں خدا کی موجودگی کو ثابت کرتا ہوں۔ میرا راستہ بامراد ہے، اور مجھے اب یسوع کے نام سے شاندار کامیابی حاصل ہے!

**مزید مطالعہ**

اِفِسیوں 2: 7



یرمِیاہ 51: 20
تُو میرا گُرز اور جنگی ہتھیار ہے اور تُجھی سے مَیں قَوموں کو توڑتا اور تُجھی سے سلطنتوں کو نیست کرتا ہُوں۔

میں نےایک رویا دیکھی جہاں مجھےاپنی صحت پہ توجہ دینےکا کہا گیا۔ میں نےفورًا ورزش شروع کردی۔ عمیق زندگی، گناہ کےخلاف بغاوت ہے۔ اسکا مطلب خدا کی محبت سےمحبت، اور خدا کی نفرت سےنفرت کرنا ہے، اسکی قابل نفرت چیزوں میں ایک بیماری ہے۔ وہ اس سے اتنی نفرت کرتا ہےکہ بیماری کو آپ سے دور کرنےکیلئے مجسم ہو کر آیا اور جان دی۔

بائبل کہتی ہے، جسمانی ریاضت کا فائدہ کم ہے (1 - تِیمُتھِیُس 4: 8)۔ یہ ہمیں یہ بھی بتاتی ہے، ہمیں اپنی فائدہ مندی سب پہ ظاہر ہونےدینی چاہیے۔ یعنی اگرکوئی فائدہ ہو رہا ہے تو سب کو نظر آنا چاہیے۔ آپکی صحت میں نمایاں بہتری ہونی چاہیے۔ زمین پر آپکا جسم ہی آپکو فعال بناتا ہے۔ اس لیے یسوع کو جسم کا لباس اوڑھنا پڑا، لہٰذا اس نئے سال میں آپکےطبعی جسم کی دیکھ بھال بہت ضروری ہے۔

ورزش کو یہ سمجھ کر روحانی بنائیں، خدا کو زمین پر اپنا کام پورا کرنےکیلئے آپکےجسم کی ضرورت ہے۔ اسکا مطلب یہ نہیں، آپکوہلکان ہونا پڑیگا اورجِم خانہ کی رکنیت خریدنی ہوگی۔ آپ چہل قدمی جتنی آسان چیز سےشروعات کرسکتے ہے۔ آپ جو کر سکتےہیں کریں۔ یاد رکھیں، خدا نے آپکا جسم پہنا ہوا ہے، لہٰذا زمین پرجنت کےاس سال میں اسکا اچھی طرح خیال رکھیں، اور یہی زمین پر جنت ہوگی ہیلیلویاہ!

## نبوتی اقرار

میں خداوند کا گرز ہوں، میرا جسم بیماری، وبا کے خلاف خداوند کا ہتھیار ہے۔ میرے جسم کے زریعے، وہ بیماروں کو شفا دیتا، مردے زندہ کرتا، بدروحوں کونکالتا اور تاریکی کے کاموں کو نیست کرتا ہے۔

**مزید مطالعہ**
1 - تِیمُتھِیُس 4: 8



**1 – تِیمُتھِیُس 2: 8**

پس مَیں چاہتا ہُوں کہ مَرد ہر جگہ بغَیر غُصّہ اور تکرار کے پاک ہاتھوں کو اُٹھا کر دُعا کِیا کریں۔

ہاتھ، بازوؤں کےسروں پر واقع حیران کن کثیرجہتی آلات ہیں۔ ہاتھوں سےہم چھوتے، گرفت، محسوس، پکڑ، جوڑتوڑ، پیار، اوربہت کچھ کرتے ہیں۔ بولنےکےدوران، ہاتھ اس بات کا اہم حصہ ہوتے ہیں، ہم کون ہیں اور کیا کہتےہیں۔ ہاتھوں سےدماغ کا سب سے زیادہ تعلق ہے۔ ہمارے مغز کا بڑا حصہ ہمارے ہاتھوں سےمتعلق افعال کیلئےوقف ہے۔ چہرے کےعلاوہ آپ اپنے ہاتھ دنیا کو زیادہ دکھاتے ہیں۔ ہم کون ہیں، ہمارے ہاتھ اسکا اہم حصہ ہیں۔

یہ اتفاقیہ نہیں کہ خدا نےدعا کیلئےجسم کے اس مخصوص حصےکے استعمال پر زور دیا ہے۔ آپ پورے پاک ہیں۔ وہ کسی بھی حصےکا انتخاب کر سکتا تھا لیکن اسنے خصوصاً ہاتھ منتخب کیے۔ آپکے ہاتھ صرف منفرد نہیں بلکہ خدا کیلئے خاص استعمال کیلئےمخصوص ہیں۔ ہمارا کلام 'مرد' بطور نر کا حوالہ دیتا ہے، لیکن یہ عمومی طور پر مردوں، عورتوں دونوں کیلئےاستعمال ہوتا ہے۔ آپکے ہاتھوں سے اس کی قدرت، محبت جاری ہو رہی ہے۔ وہ آپکےہاتھوں کو کھوئے ہوئے لوگوں تک پہنچنے، بیماروں کو شفا دینے، اپنا فضل عطا کرنے، دوسروں کے سامنے اپنا اظہار کرنے کیلئے استعمال کرنا چاہتا ہے۔ پاک ہاتھوں کو دُعا میں اُٹھانا کتنا بڑا اعزاز ہے!

اس سال، اپنے ہاتھوں کےذریعے، آپ زمین پر جنت کا تجربہ کرینگے۔ ہروہ چیزجسےآپ اپنے پاک ہاتھوں سے چھوئیں گے، یسوع کےنام سے پھلےپھولےگی!!

## نبوتی اقرار

میرے ہاتھ خُدا کی توسیع ہیں، جو اُس کی محبت، طاقت کو دنیا میں جاری کررہےہیں۔ میرے ہاتھ یسوع کےقادر نام سے نشانات، عجائبات، معجزات کیلئےبابرکت ہیں۔ میں جس بھی چیزکوچھوتا ہوں وہ پھلےپھولےگی ہیلیلویاہ!!

مزید مطالعہ
اَعمال 19: 11-12



پَیدائش 13: 14-15
اور لُوطؔ کے جُدا ہو جانے کے بعد خُداوند نے ابرامؔ سے کہا کہ اپنی آنکھ اُٹھا اور جِس جگہ تُو ہے وہاں سے شِمال اور جنُوب اور مشرِق اور مغرِب کی طرف نظر دَوڑا۔ کیونکہ یہ تمام مُلک جو تُو دیکھ رہا ہے مَیں تُجھ کو اور تیری نسل کو ہمیشہ کے لِئے دُوں گا۔

ایک وقت، میں بالکل نئی کارچاہتاتھا لیکن بجٹ نہیں تھا۔ مجھےاسکےلیےآیت ملی۔ یسوع نےلُوقا 19: 30 میں کہا، "۔۔۔ ایک گدھی کابچّہ بندھا ہُوا مِلےگا جِس پرکبھی کوئی آدمی سوارنہیں ہُوا۔" ایک گدھا یسوع کےوقت رولس رائس تھا، اس پرکبھی سواری نہیں کی گئی تھی یعنی یہ بالکل نیاتھا۔ اب میرےپاس ایک آیت تھی۔

بائبل، عِبرانیوں 11: 1 میں کہتی ہے، "ایمان اُمّید کی ہُوئی چیزوں کا اِعتماد ہے۔۔۔" ایمان، اعتماد ہے، یعنی نیچےکھڑے ہونا۔ ایمان کوعمل میں لاناچاہیں تو ایسی آیت ڈھونڈیں جسکےنیچےآپ کھڑےہوسکیں، اورجب تک آپکی خواہش کی چیزظاہرنہ ہو، اس پرسےنہ ہٹیں۔ بائبل کہتی ہے، آپ خدا کی مرضی کےمطابق کچھ بھی مانگیں - جوکہ اس کا کلام ہے- وہ آپکی سنتا، اورآپکی درخواست منظورکرتا ہے۔ جو آپکی خواہش ہے، اگرآپ اسےکلام میں دیکھتےہیں توخدا آپکا دیکھنا، دیکھتا ہے، اور آپ وہ پا لیتےہیں۔ جیسا خدا نےابرام کو پیدائش 13: 14 میں بتایا، "اپنی آنکھ اُٹھا اورنظر دَوڑا ۔۔۔" آپکی ہرضرورت کیلئےایک آیت ہے۔ اسےڈھونڈیں اورجان لگا کراس پہ کام کریں! آنکھ اُٹھائیں اوردیکھیں آپکےلیےذخائرمیں سب سےبہترین چیزموجود ہے۔ آنکھ اُٹھائیں اوراپنی شفایابی کودیکھیں۔ آنکھ اُٹھائیں اوردیکھیں، پیسہ آ رہا ہے، آنکھ اُٹھائیں اور زمین پرجنت دیکھیں!!

## نبوتی اقرار

جومیرا ہے، مجھ پرظاہر ہے۔ میں یسوع کےنام سے فرمان واعلان کرتا ہوں، مجھےاپنےزخائر وصول کرنے، اپنی املاک کی ملکیت لینےکا فضل حاصل ہے۔

مزید مطالعہ
1 - یُوحنّا 5: 14-15



اِفِسیوں 3: 1
اِسی سبب سے مَیں پَولُس تُم غَیر قَوم والوں کی خاطِر مسِیح یِسُوعؔ کا قَیدی ہُوں۔۔۔

70 کی دہائی کے آخرمیں، ایک بڑی فاسٹ فوڈ کمپنی برگر کنگ نے اس نعرے "اپنےطریقےسےحاصل کرو" کیساتھ تشہیری مہم کا آغاز کیا۔ 1996 کے موسم گرما میں، کوکا کولا، اسپرائٹ اسپارکلنگ سوڈا بنانے والی کمپنی نے نوجوانوں تک پہنچنےکیلئےمہم جاری کی۔ وہ ایک اشتہاری ایجنسی، جو نوجوان عوام کو مائل کرنےکی صلاحیت کیلئے مشہور تھی، کی خدمات سےنعرہ لیکر آئے، "اپنی پیاس کومانو۔" یہ مہم اتنی کامیاب رہی، انھوں نے پچیس سال بعد اپنی پہنچ وسیع کرنے کیلئےاسےجدید بنایا۔

وہ کریں جس سےآپ اچھا محسوس کریں، یہ نظریہ دنیاوی سوداگروں کا نشان ہے۔ عمیق زندگی کی علامت 'مصلوب زندگی' ہے۔ پولس نے خود کو رسول، پھر خدا کا خادم کہا، مصلوب زندگی کوسمجھنےکےبعد، اس نے اپنی شناخت بطور 'مسیح کا قیدی' کی۔ مصلوب زندگی میں خدا کی مرضی سےانکار کرنےکی احمقانہ نفس پرستی نہیں ہے، نہ ہی یہ نفسانی خواہشات کی تکمیل میں بھٹکتی ہے۔ یہ ایک ایسی زندگی ہے جو کُلی طور پر خدا کو ہدیہ کی گئی ہے، جس پر فراوانی، طاقت، اور وہ سب کچھ جو خُدا آپ کیلئے چاہتا ہے، کی مہر ہے۔

آپ نے اپنی پیاس کو مانا اورسوائےتکلیف کےکچھ حاصل نہیں کیا۔ آپ نے اپنا طریقہ آزمایا اوراب باہرکی راہ ڈھونڈ رہے ہیں۔ لیکن خدا کا راستہ بہترین راستہ ہے، ہرچیزجسکی کبھی خواہش کر سکتےہیں، مصلوب زندگی میں ملتی ہے۔

## نبوتی اقرار

میں مسیح، جو میرے اندر ہے، کا چلتا پھرتا اظہار ہوں۔ میں ایک اعلٰی روح ہوں جو ہوس کے نفسانی پھندوں سے دور رہتی ہے۔ میں اس زمین پرجنت کےسال میں، مصلوب زندگی میں خواہشمند حصہ دار ہوں ہیلیلویاہ!!

مزید مطالعہ
گلتِیوں 2: 20



فِلِپّیوں 2: 5-6
وَیسا ہی مِزاج رکھّو جَیسا مسِیح یِسُوعؔ کا بھی تھا۔ اُس نے اگرچہ خُدا کی صُورت پر تھا خُدا کے برابر ہونے کو قبضہ میں رکھنے کی چِیز نہ سمجھا۔

سوشل میڈیا نےنامور بننےکی شوقین عوام کو ایک منچ دیدیا ہے۔ چرواہے، کاروباری لوگ مشہورہونےکیلئےہزاروں ڈالر خرچ کرتےہیں۔ مشہورشخصیات اور "عام" لوگ سب "پہچان، پسند، بھروسہ" بڑھانےکی کوشش میں ہیں۔ اس سب کا تعلق انکی اپنی ساکھ سےہے، لیکن خداکےپاس صرف راست بازی شمارہوتی ہے۔

خُداوند یسوع نےکبھی اشتہارنہیں چھاپا، انسٹاگرام ریل نہیں بنائی، فیس بک، یوٹیوب کا اشتہارنہیں چلایا۔ اس نےاپنی شہرت کیلئےکبھی کچھ نہیں کیا۔ فِلِپّیوں 2: 7 میں بائبل واضح کرتی ہے، اس نے "اپنےآپ کو خالی کر دِیا۔۔۔" یہی اس کا زمین پر اورابدیت کی حدود میں مشہور و معروف ہونےکا رازتھا۔ وہ اپنےبلاوے اورخدا سےوابستگی پرمرکوز رہا۔ وہ بھلائی کرنے، شیطان کےظلم سےدبائےہوئےلوگوں کو شفا دینےکیلئےاس حد تک چلا گیاکہ روح القدس اس کا خاص مددگاربن گیا۔ تو کیا اپنے سوشل میڈیا پیجز پرمعلومات شائع کرناغلط ہے؟ نہیں، بلکہ اپنےسوشلزکوقربان گاہ کےبلاوے کےطورپراستعمال کریں - لوگوں کوآپکومسیح کیلئےایک سائن پوسٹ کےطورپردیکھنےدیں۔

آپکوضرورت صرف خدا کےآپکےساتھ ہونےکی ہے۔ خدا کو سب سےزیادہ دلچسپی آپکےتنہائی میں کیےگئےکاموں میں ہے۔ خدا کےکلام میں جانےاور اپنی زندگی کا مقصد دریافت کرنےسے، آپ دریافت کریں گے، آپ کون ہیں اورکیا کرنےکےقابل ہیں۔ آپکو صرف خدا کے "لائک" کی ضرورت ہے۔ پس انسان کومتاثرکرنےکی کوشش نہ کریں۔ اپنے آپکو خالی کریں، اور دیکھیےگا خدا آپکو مشہور کرتا ہے!

## نبوتی اقرار

میں اس راستے پرقائم ہوں، جسکی مجھے پیروی کرنی ہے۔ خدا میری زندگی ہے، اور میری زندگی خدا کیلئےہے! میں روح جیتنے، کلام پرعمل کرنے، رائناسرس جیسےایمان کیلئےمشہورہوں - میں مسیح میں امیر اورشہرت یافتہ ہوں ہیلیلویاہ!

مزئد مطالعہ
اَعمال 10: 38



آعمال 6: 8
اور سِتِفَنُس فضل اور قُوّت سے بھرا ہُوُا لوگوں میں بڑے بڑے عجِیب کام اور نِشان ظاہِر کِیا کرتا تھا۔

یسعیاہ 40: 31 ایک ایسی آیت ہے جسکومکمل طور پرغلط استعمال کیا گیا ہے۔ یہ کہتی ہے، "خُداوند کا اِنتظار کرنےوالے ازسرِنَو زورحاصِل کریں گے۔" لوگوں نےاس آیت کوعمل میں تاخیر اورکچھ ہونےتک "انتظار" کرنے، یا اس سےبھی بدتر، خدا کےکچھ کرنےکا "انتظار" کرنےکیلئےاستعمال کیا ہے۔ خدا نےجو کرناتھا وہ کرچکا ہے، اور خدا کا انتظارکرنےکا مطلب غیرفعال ہونا نہیں ہے۔ یہ ایک اہم سبق ہےخصوصاًاب جبکہ ہم ایک بالکل نئےسال، زمین پرجنت کاسال، میں مزید آگےبڑھ رہےہیں! میں جانتا ہوں، آپ میں سےبہت سےلوگ کسی نہ کسی چیزکےہونےکا "انتظار" کر رہے ہیں، لیکن یہ غلط قسم کا انتظارہے۔ میں آپکودکھاتا ہوں۔

جب ابتدائی کلیسیا پروان چڑھ رہی تھی، رسولوں نےکھانے پینے پر "انتظار" کرنےکیلئے روح القدس سےبھرے مردوں کو منتخب کرنےکا فیصلہ کیا۔ سِتِفَنُس ان میں شامل تھا۔ اسکا انتظارخدا کےکچھ کرنےکےانتظار پرمشتمل نہیں تھا۔ کھانے پینے پر انتظارکےدوران، وہ نشان ظاہرکر رہا تھا، حکمت پھیلا رہا تھا، اورعجیب کام کر رہا تھا! وہ روح القدس سےاتنا بھرا ہوا تھا، وہ آپکو کھانےکی پلیٹ دیتا، اور کینسرنکل جاتا تھا۔ وہ ایک کرسی صاف کرتا، اورجو اگلا شخص اس پر بیٹھتا، اسے نجات مل جاتی۔ ہیلیلویاہ!

اگلی دفعہ جب آپ خدا کا انتظارکرنےکا سوچیں، مصروف ہوجائیں! روح القدس سےبھرے رہیں اورجائیں لوگوں کےدرمیان بڑےبڑےعجیب کام اورنشان ظاہر کریں۔ اس قسم کےانتظار کوخدا منظورکرتا ہےاور اسی کا وہ انتظار کر رہا ہے۔

## نبوتی اقرار

میں خدا کا انتظار کرنے والا ہوں۔ میں اس کی خدمت کیلئے موجود ہوں۔ اور اپنے انتظار کے دوران، میں یسوع کے قادر نام سے نشانیاں، عجیب کام اور معجزے دکھاتا ہوں!

مزید مطالعہ
آعمال 6: 1-10



ایُّوب 23: 12
مَیں اُس کے لبوں کے حُکم سے ہٹا نہیں۔ مَیں نے اُس کے مُنہ کی باتوں کو اپنی ضرُوری خُوراک سے بھی زِیادہ ذخِیرہ کِیا۔

ایک اوسط بالغ کا خالی معدہ ایک لیٹر سےکم، بھرا ہو تو دو سے چار لیٹر کے درمیان ہو سکتا ہے۔ بالغ ہونےکے بعد آپکے معدہ کا حجم ایک ہی رہتا ہے - اگر اسے چھوٹا کرنے کیلئے سرجری نہ کروا لیں۔ اگرچہ معدہ پھیلنےوالا ہوتا ہے، زیادہ کھانےسےممکن ہےکہ معدہ پھٹ جائے یا ہرنیا ہو جائے۔

آپکی روح کی بھی ایک بھوک ہے۔ یہ ہر وقت خدا کا کلام چاہتی ہے۔ یہ بھی، جو کچھ آپ اسے دیتے ہیں، وصول کرنےکی صلاحیت کو بڑھانے کیلئے، پھیلتی ہے۔ لیکن، اس میں لامحدود صلاحیت ہے۔ آپ روح کو کتنا ہی کلام دیں، یہ ہمیشہ زیادہ چاہتی ہے اوربغیر ٹوٹے پھیل سکتی ہے۔ ایک بار جب یہ پھیلتی ہے، کبھی اپنے پچھلے حجم پر واپس نہیں جاتی ہے۔

اپنی روح کو دو لیٹر خوراک پرکیوں رکھیں جب اس میں لامحدود صلاحیت ہے؟ ابھی، آپکی روح کلام کی بھوک سے کراہ رہی ہے۔ روحانی آئینے میں دیکھ کریہ سوچنےکی غلطی نہ کریں، آپ پہلے ہی موٹے ہیں۔ ایسا کرنا روحانی بھوک کی کمی کی علامت ہوگا۔ بائبل کہتی ہے فیاض دل موٹا ہو جائیگا۔ کلام کی خوراک لینے میں فیاض بنیں، یہ سمجھیں، آپکی روح کبھی زیادہ نہیں کھا سکتی۔ لہٰذا، نہ صرف معیار بلکہ مقدار میں بھی، کلام کی گہرائی میں جائیں۔

## نبوتی اقرار

کلام کے لیے میری بھوک ہر روز بڑھ رہی ہے۔ میں فضل میں بڑھ رہا ہوں، اور کلام میری زندگی کے ہرپہلو میں زبردست طریقے سے بڑھ رہا ہے!

**مزید مطالعہ**
امثال 11: 25



زبُور 45: 1
میرے دِل میں ایک نفِیس مضمُون جوش مار رہا ہے۔ مَیں وُہی مضامِین سناؤُں گا جو مَیں نے بادشاہ کے حق میں قلم بند کِئے ہیں۔ میری زُبان ماہِر کاتب کا قلم ہے۔

بائبل کی کتابوں کےلکھاری بہت ہیں، لیکن مصنف ایک ہے۔ بائبل کہتی ہے مقدس آدمی روح القدس سے متاثر ہو کر لکھنےکیلئے متحرک ہوئے۔ روح القدس ہمیشہ اپنےالفاظ کیساتھ بامقصد اور مخصوص رہتا ہیں۔ یہ آپکی بہتری کیلئے ہے کہ آپ کلام کا مطالعہ کریں اور دریافت کریں، وہ آپکی بائبل کےصفحات پر ظاہری الفاظ کےعلاوہ کیا کہہ رہا ہے۔

آجکا کلام زبان، بولنے کو قلم یا لکھنے سے جوڑتا ہے۔ جب آپ بولتے ہیں، کچھ لکھا جا رہا ہوتا ہے۔ غور کریں، یہ ایسے کسی کا قلم نہیں ہے۔ یہ "ماہر کاتب" کا قلم ہے۔ ایک ماہر کاتب وہ ہے جو ہنرمند اور محنتی دونوں ہو۔ ماہر کاتب صرف ایک بار نہیں لکھتا اور قلم نیچے رکھ دیتا ہے، نہیں۔ ماہر کاتب اپنا اوزار (قلم) ہمیشہ اپنے پاس رکھتا ہے۔

الفاظ آپکی زندگی کا نقشہ بناتے ہیں۔ ایسےالفاظ بولیں جو مشق کرنے، دہرانے، یاد رکھنےکےقابل ہوں۔ اگر آپکو معلوم نہیں ہے، آپکو کیا کہنا چاہئے، پولس کی لکھی ہوئی بائبل کی کتابوں میں جائیں، دوہرانےکے قابل الفاظ ڈھونڈیں۔ وہ الہامی الفاظ ہیں اور فضل سےبھرے ہیں۔ جسطرح مقدس مردوں کو خُدا کی روح سےتحریک ملی، جب آپ اُس کےکلام کی مشق کریں گے، آپکی زندگی اس نئےسال میں آگےاوراوپر کیطرف بڑھےگی!!

## نبوتی اقرار

میں اپنی زندگی کا مصنف ہوں۔ میں صرف الہامی الفاظ بولتا ہوں جو میری زندگی کو آگے بڑھاتے ہیں۔ میں امیر ہوں. میں خوشحال ہوں۔ مجھے یسوع کےقادر نام سے فراوانی سےمہیا کیا گیا ہے!

**مزید مطالعہ**
2 - پطرؔس 1: 21-16



پَیدائش 3: 19
تُو اپنے مُنہ کے پسِینے کی روٹی کھائے گا جب تک کہ زمِین میں تُو پِھر لَوٹ نہ جائے اِس لِئے کہ تُو اُس سے نِکالا گیا ہے کیونکہ تُو خاک ہے اور خاک میں پِھر لَوٹ جائے گا۔

کیا آپ جانتےہیں، خدا کےفرزند ہونےکےناطےآپکا مقصد زندگی میں کبھی مشقت کرنا نہیں تھاَ؟ نوکری، فراوانی، زندگی میں اچھی چیزیں حاصل کرنےکیلئے پسینہ بہانا، یہ آپکی غلطی ہے۔ میں آپکوسُن رہاہوں۔ آپ کہہ رہے ہیں، ٹھیک ہے، اس کلام کا کیاجو ہم نے ابھی پڑھا؟ مجھےبہت خوشی ہوئی کہ آپ نے پوچھا۔

وہ کلام نکالےہوئےانسان، آدم کو دیا گیا تھا۔ یہ ایک لعنت تھی، آپ کسی لعنت کےتحت نہیں ہیں، خُدا کا کلام ہمیں بتاتا ہے، مسیح نےہمیں لعنت سےچھڑایا ہے۔ بائبل ہمیں بتاتی ہے، مسیح کےدکھوں میں، اس کا پسینہ خون کے قطروں کی طرح بہا تھا۔ اس نےپسینہ بہایا تاکہ آپکواسکی ضرورت نہ پڑے۔ وہ آپکوفراوانی کی زندگی دینےآیا تھا تاکہ آپکواسکے حصول کیلئے جدوجہد، مشقت نہ کرنی پڑے۔

آپ فضل وصول کرنےوالے ہیں، فضل کےمزدورنہیں۔ آپکوخوشحال ہونےکا فضل حاصل ہے، نہ کہ اپنا پسینہ بہانےکا۔ یہ سال ہمیں خدا کیطرف سےزمین پرجنت کےسال کےطورپردیا گیا ہے - آپکو اس سال کوئی تکلیف نہیں ہوگی۔ خدا نےآپکو اپنےدن خوشحالی، سال خوشگواری اور شادمانی میں گزارنےکیلئےمقررکیا ہے۔ اسےایمان کیساتھ قبول کریں، اور زبان سے اقرارکریں، اورآپکےکاروبارترقی کریں گے۔

## نبوتی اقرار

میری زندگی میں مشقت کے پسینے کی اجازت نہیں ہے۔ خدا کی نعمتیں میری ہیں، اور میں جدوجہد سے انکار کرتا ہوں۔ خدا کی برکتیں میری ہیں، اور میں مشقت سے انکار کرتا ہوں۔ میں اب گاہک، صارفین اور معاہدوں کو اپنےکاروبار میں بلاتا ہوں! میں اپنے کاروبار کو یسوع کےقادر نام سے پھلنے پھولنےکا حکم دیتا ہوں!

مزید مطالعہ
گلتِیوں 3: 13



گلتِیوں 2: 20

مَیں مسِیح کے ساتھ مصلُوب ہُوا ہُوں اور اب مَیں زِندہ نہ رہا بلکہ مسِیح مُجھ میں زِندہ ہے اور مَیں جو اَب جِسم میں زِندگی گُذارتا ہُوں تو خُدا کے بیٹے پر اِیمان لانے سے گُذارتا ہُوں جِس نے مُجھ سے مُحبّت رکھّی اور اپنے آپ کو میرے لِئے مَوت کے حوالہ کر دِیا۔

ایمان کا موضوع زمین پر رہتےکبھی ختم نہیں ہوسکتا۔ ایمان آپکا طرز زندگی ہے۔ آپ زندگی میں جو کچھ کرتےہیں، جو کچھ آپکے پاس ہے، ایمان کےذریعے کیا جاتا، حاصل کیا جاتا، برقرار رکھا جاتا ہے۔ یہاں تک کہ طبعی جسم، ایمان سے برقرار رکھاجاتا ہے۔

آجکا کلام بتاتا ہے، خدا کےبیٹےکا ایمان آپکےطبعی جسم کی زندگی کو برقرار رکھتا ہے۔ مسیح کےآنے، مرنے، جی اُٹھنےسے پہلے، واحد طریقہ آپکےجسمانی طورپر زندہ رہنے یا زندگی کو برقرار رکھنےکا، جسمانی خون کےذریعےتھا، لیکن اب، آپ خون کی اقسام 'اے، اےبی، بی' کی کمزوریوں کےتابع نہیں ہیں۔ آپ ایمان سےزندہ رہتےہیں!

خوبصورت بات: آپکو اس ایمان کوخود بنانےکی ضرورت نہیں ہے۔ کسی جسمانی ہڈی کےگودے یا خلیےکی ضرورت نہیں ہے، اب آپ اس کےگوشت کا گوشت اور اس کی ہڈیوں کی ہڈی ہیں۔ خدا نےآپکواپنا ایمان دیا ہے۔ کیوں؟ کیونکہ وہ آپ سے محبت کرتا ہے! اپنی جسمانی بیماری کوبتائیں، اب آپ خدا کےایمان سےزمین پرجنت کی زندگی جیتےہیں، اور کوئی بیماری، مہلک اثر، جراثیم باقی نہیں رہ سکتا۔

## نبوتی اقرار

میرا جسم بیماری، وباؤں کے تابع نہیں ہے۔ میں بیماری اور موت کی کسی بھی علامت کو، میرے جسم میں باقی رہنے سے انکار کرتا ہوں۔ میں اُس کے گوشت کا گوشت، اُس کی ہڈیوں میں سے ہڈی ہوں۔ لہٰذا، میرا جسم یسوع کے قادر نام سے بالکل مکمل ہے!

**مزید مطالعہ**

اِفِسیوں 5: 30



**کُلسِّیوں 2: 15**
اُس نے حُکُومتوں اور اِختیاروں کو اپنے اُوپر سے اُتار کر اُن کا برملا تماشا بنایا اور صلِیب کے سبب سے اُن پر فتح یابی کا شادِیانہ بجایا۔

جب یسوع صلیب پرتھا، ساری دنیا کے گناہ اس پر تھے۔ چنانچہ جب وہ مرا تو وہ جہنم میں گیا، شیطان اوراسکےساتھیوں نے اسے پکڑ لیا۔ اُنھوں نے سوچا، "اب ہم نے اُسے پا لیا ہے!" لیکن انہیں اپنی زندگی کا سب سےبڑا دھچکہ لگا جب اس نے انہیں مچھروں کی طرح جھٹک دیا!

یسوع نے شیطان کوجھٹکا جیسے شیطان کوئی کیڑامکوڑا ہو، لیکن غورکریں، اسنے یہ بحیثیت آدمی کیا۔ وہ ابھی نئے سرے سے پیدا نہیں ہوا تھا کیونکہ وہ ابھی دوبارہ زندہ نہیں ہوا تھا اور نہ ہی اس کا خون سرپوش پر چھڑکا گیا تھا۔ اب، اگر وہ آدمی، یسوع، ابلیس اور اسکے ساتھیوں کو شیطان کےعلاقےمیں شکست دے سکتا ہے، تو آپ کس قدر قابل ہیں؟

بعض اوقات آپکو لگتا ہے، آپ پربہت تکلیف دہ وقت ہے۔ یہ مبالغہ آمیز طریقہ ہےکہنے کا کہ آپکو بہت مشکلات کا سامنا ہے۔ لیکن یہ جان لیں: آپکو ابلیس کوشکست دینےکی ضرورت نہیں ہے۔ وہ پہلےسے شکست زدہ ہے! اگرلگتا ہے، شیطان آپکو پریشان کر رہا ہے، اسکایہی مطلب ہے: وہ تجاوزکر رہا ہے، اور آپکے پاس اسےباہرنکالنےکا اختیار ہے۔ آپکےاندر وہ ہےجس نےشیطان کوجھٹک دیا تھا۔ وہ کلام ہے، لہٰذا جب اس نے ابلیس کوجھٹکا، یہ کلام تھا جو یہ کر رہا تھا۔ آپ بھی ایسا کرسکتے ہیں۔

## نبوتی اقرار

میرے اندر اور میرے منہ میں خُدا کا کلام، ابلیس کیلئے ایک مہلک کیڑے مار دوا ہے۔ میں کسی شیطان سے نہیں ڈرتا، کیونکہ خدا میرے ساتھ ہے!

**مزید مطالعہ**
**یسعیاہ 14: 16**



1 - سموئیل 2: 1
اور حنّہ نے دُعا کی اور کہا کہ میرا دِل خُداوند میں مگن ہے۔ میرا سِینگ خُداوند کے طُفیل سے اُونچا ہُوا۔ میرا مُنہ میرے دُشمنوں پر کھُل گیا ہے کیونکہ مَیں تیری نجات سے خُوش ہُوں۔

کچھ مخلوقات صرف گہرائیوں میں پائی جاتی ہیں۔ مثلاً، نیلی وہیل زمین پر رہنےوالا سب سےبڑا جانور ہے، جوکسی بھی ڈائناسور سےبڑا ہے۔ اسکا وزن چارلاکھ پاؤنڈ تک ہے- تقریباً تینتیس بالغ ہاتھیوں کےوزن کےبرابر - اورتقریباً 30 میٹر لمبا ہے۔ یہ اتنا بڑا ہےکہ اسکےنوزائیدہ کا وزن ایک بالغ ایشیائی ہاتھی کےبرابر ہے۔ ایسی مخلوق آپکوکم گہرے پانی والی جگہوں پر نہیں ملےگی۔

آپ تصورکرسکتےہیں، اس جسامت کی مخلوق ہلکی آواز نہیں نکالتی۔ بلیو وہیل زمین کےبلند ترین آواز والے جانوروں میں سےایک ہے۔ وہ ہزاروں کلومیٹر کےفاصلےسے رابطہ کرسکتےہیں۔ انسان انکی آوازیں نہیں سن سکتے کیونکہ وہ انسانی سماعت کی پہنچ سےدور ہیں۔ اس سےمعلوم ہوتا ہے، بعض آوازیں گہرائی کیلئےمخصوص ہیں۔

اس زمین پرجنت کےسال میں، عمیق زندگی میں، آپکی آوازلازمی تبدیل ہونی چاہیے، کیونکہ یہ غلطی ہوگی، آپ گہرائی میں جائیں اور آپکی آواز ویسی ہی رہے۔ بڑا بولیں۔ آپ ایک بازگشت نہیں ہیں۔ آپ ایک آواز ہیں، اور اس آواز کو وسعت دی جائیگی اور سنی جائیگی۔ یسوع کےنام سے، میں روح کےاختیار سےبولتا ہوں کہ آپکا منہ ہر دشمن پر کھلا ہے، اور آپکےالفاظ میں وزن ہے!

## نبوتی اقرار

میرے الفاظ خدا کےجلال کیساتھ وزنی ہیں۔ اس لیے، جب میں بولتا ہوں، میرے اردگرد کی ہر چیز لازماً جواب دیتی ہے۔ لہٰذا، میں اپنی زندگی کےاندر بحالی کی بات کرتا ہوں۔ دولت آ رہی ہے، اور میری تقدیر یسوع کے نام سے اچھے کیلئے بدل رہی ہے!

**مزید مطالعہ**
1 - پطرؔس 4: 11



مرقس 16: 15
اور اُس نے اُن سے کہا کہ تُم تمام دُنیا میں جا کر ساری خلق کے سامنے اِنجِیل کی مُنادی کرو۔

ہم اخیر زمانہ کےآخری حصہ میں ہیں، یہ اہم ترین وقت ہےجب کلیسیا روحوں کی فصل کاٹےگی، جتنی پہلےکبھی نہیں کاٹی۔ جبکہ ہم خداوند کی جلد واپسی کیلئے تیاری کررہےہیں، انجیل کی منادی زیادہ جذبے، سچائی، تاثیر کیساتھ کی جائیگی۔

ہمیں تمام دنیا میں جاکرانجیل کی منادی کرنی چاہیے جو ناقابل یقین حد تک ایک سچی خبر ہے۔ 'دنیا' کرہ ارض، اسکےتمام مکینوں پرمشتمل ہے، یہ مکین صرف انسانوں تک محدود نہیں ہیں۔ آجکی آیت بتاتی ہے، 'ہرمخلوق' کوانجیل کی منادی کریں، اورمخلوق ہر وہ چیز ہےجو تخلیق کی گئی ہے۔

آپ ہرتخلیق شدہ چیزکومنادی کرنےکےمجازہیں، یعنی بےجان چیزیں آپکو سن سکتی ہیں۔ یسوع نےکہا، اگرلوگ چپ رہے تو پتھر چلاّ اٹھیں گے (لُوقا 19: 40)۔ یعنی پتھرسنتےہیں۔ ایک موقع پر، اس نےدرخت کو جواب دیا، یعنی، درخت بول، بات چیت کرسکتا، اور سن سکتا ہے۔ سائنسدانوں نےدریافت کیا ہے، درخت آپس میں بات چیت کرتےہیں۔ اگردرخت سن سکتےہیں تو آپکا پیسہ سن سکتا ہے۔ اگر چٹانیں سن سکتی ہیں تو وہ رسولی یا پھوڑا سن سکتے ہیں۔ جوچیزآپ سوچتےہیں، کاروبارمیں چل نہیں رہی، سن سکتی ہے۔ دیواریں سن سکتی ہیں۔ اسطرح بولنا شروع کریں جسطرح پہلےکبھی نہیں بولے، اور اپنے ارد گرد کی ہر چیزکوانجیل کی منادی کریں!

## نبوتی اقرار

میری زندگی مسلسل اور مستقل فتح سے عبارت ہے۔ یہ زمین پرخالص جنت ہے! میں ناکام نہیں ہوتا، کیونکہ میں خُدا سے پیدا ہوا ہوں، اور خدا ناکام نہیں ہوتا۔ میں اپنے تمام کاموں میں مستعد اور قابل ہوں۔ میری زندگی میں ہر چیز کو خوبصورت بنایا جا رہا ہے۔

**مزید مطالعہ**
رُومِیوں 8: 19



لُوقا 5: 4
جب کلام کر چُکا تو شمعُوؔن سے کہا گہرے میں لے چل اور تُم شِکار کے لِئے اپنے جال ڈالو۔

خدا نےہمیں آوازکی ٹیکنالوجی دی، تاکہ ہم فرشتوں کےسفرکیلئے راستے، شاہراہیں تیارکرسکیں۔ آپکےبولنےپر آوازکی لہریں، جوآپ نےکہا، اسکی ترسیل کیلئے، روحوں کےنقل و حمل کا ایک نظام بن جاتی ہیں، لہٰذا، جب آپ بولتے ہیں، آپ روحوں کو بااختیار بناتے ہیں۔ کس قسم کی روحیں متحرک ہیں، اسکا تعین آپکےبولنےسےہوتا ہے۔

خوف، بیماری، موت کی بات کرکےآپ بدروحوں کی حوصلہ افزائی کرتےہیں، وہ آپکی طرف بولی گئی چیزوں کیساتھ سفرکریں۔ بیکاربیانات مثلاً «میرے پیروں سےجان نکل رہی ہے»، «میں بھوکا مر رہا ہوں»، بدروحوں کو یہ دیکھنے کیلئے حرکت میں لاتے ہیں، کیا یہ الفاظ وہی پیدا کرتےہیں جو آپ نےکہا تھا۔ یہی وجہ ہے، آپکےالفاظ طاقتور ہیں اورجوکچھ آپ بولتے ہیں اسےخدا کےکلام سےلازمی ہم آہنگ کرناچاہیے۔

جب آپ جوکچھ بھی خُدا آپکوبتاتا ہے، کرنےکیلئےمخلص ہوتے ہیں، آپکی روح میں گہرائی بڑھ جاتی ہے، آپکےالفاظ بدل جاتے ہیں۔ آپکی دعائیہ زندگی درخواستوں کی ایک لمبی دوڑبننےسےرک جاتی ہے۔ اسکی بجائے، یہ خداوند کیساتھ بات چیت کرنے، فرمان و اعلان کرنےکا وقت بن جاتا ہےکہ آپ کیسے چاہتے ہیں کہ چیزوں کو ہونا چاہیے۔ جسطرح پانی میں جتنی گہرائی میں جائیں، آواز اتنی تیزی سے سفر کرتی ہے، آپ خدا میں جتنی گہرائی میں جاتےہیں، آپکاحکم جاری کرنے کا درجہ بڑھتا جاتا ہے، اوراپنےبولنے پر، نتائج کواتنی ہی تیزی سےدیکھتےہیں۔

## نبوتی اقرار

میرا منہ خدا کےکلام کاغلام ہے۔ میں صرف وہی باتیں کہتا ہوں جومیری برکت کیلئےمخصوص ہیں۔ میں اپنی ترقی کے خلاف بولے جانے والے کسی بھی برے لفظ کو مسترد کرتا ہوں، اور کوئی لعنت مجھے چھو نہیں سکے گی۔

مزید مطالعہ
زبُور 103: 20



2 – سموئیل 22: 12
اور اُس نے اپنے چَوگِرد تارِیکی کو اور پانی کے اِجتماع اور آسمان کے دَلدار بادلوں کو شامِیانے بنایا۔

کیا آپ کبھی کسی تاریک کمرے میں گئے اور فوراً روشنی کردی؟ کچھ دیکھے یا سنے بغیر، آپ نے تصور کرنا شروع کیا کہ اندھیرے میں کوئی بری چیزچھپی ہوئی ہے، لیکن روشنی ہونے پر آپکو احساس ہوا، ڈرنےکی کوئی بات نہیں تھی۔ جائزہ لیں تو یہ ایک مزاحیہ منظر نامہ ہے، لیکن یہ بہت سےمسیحیوں کےخدا تک پہنچنےکےطریقےکی منظرکشی کرتا ہے۔ وہ کہتےہیں، وہ خدا کیساتھ اپنےرشتےکو مزید گہرا کرنا چاہتے ہیں، پھربھی وہ اس چیزسےڈرتےہیں جو وہ نہیں دیکھ سکتے۔

اس لیے، بہت سے لوگ خودکو خدا کی تلاش کرنےوالےکہتے ہیں، لیکن بہت سےلوگوں کوخدا کو پا لینےوالے بننےکا اعزازحاصل نہیں ہے۔ موسیٰ ایک تھا، جس نےایسا کیاتھا۔ جس دوران اس کےارد گرد ہرکوئی خدا سےبھاگ رہا تھا، موسیٰ سیدھےاس گہری تاریکی میں چلا گیا جہاں خدا تھا۔ خدا کےنزدیک تاریکی اور روشنی ایک جیسی ہیں۔ وہ اپنےآپ کوتاریکی سےگھیرلیتا، تاریکی میں بولتا، اپنےقدموں کےنیچےگھنی تاریکی کےساتھ چلتا، اورتاریکی سےروشنی کوپکارتا ہے۔

عمیق زندگی خدا کو پا لینےوالوں کیلئے ہے جنہیں عقل ہے کہ خدا کےجلال کو کیسےحاصل کرنا اور لیکرچلنا ہے۔ اس کیلئے کلام کا نور درکار ہے۔ اس لیے تاریکی سےڈرنےکی ضرورت نہیں۔ جسطرح آپ اندھیرے والے کمرے میں اجالا کرتےہیں، اسی طرح خدا کےکلام کاعلم حاصل کرکےروشنی حاصل کریں، کیونکہ اس کےکلام کی تشریح آپکو نوربخشتی ہے۔

## نبوتی اقرار

میں خوشحالی میں، پیسے میں، جائیداد میں، کاروبار میں، اور روح کی چیزوں میں روشن ستارہ ہوں۔ میں خدا کےکلام کی سچائی میں کام کرتا ہوں، میں تاریکی سے خوفزدہ نہیں ہوتا ہوں۔

مزید مطالعہ
زبُور 119: 130



2 - تِیمُتھِیُس 1: 7
کیونکہ خُدا نے ہمیں دہشت کی رُوح نہیں بلکہ قُدرت اور مُحبّت اور تربِیّت کی رُوح دی ہے۔

عالمی وبا، بلکہ منصوبہ بند وبا، کےدوران بیمہ اور جنازہ گھرکی صنعتوں میں تیزی آئی۔ منصوبہ بند خبرسازی سےلوگوں کو یقین دلایا گیا، انکی جانوں کوخطرہ ہے۔ انہیں مسلسل یاد دلایا جاتا، انکی زندگیاں کتنی نازک تھیں، اور انھوں نےاس پریقین کیا۔

ہم ایک خوفزدہ معاشرے میں رہتےہیں جہاں ہمیں ہر وقت یہ بتایاجاتا ہے، مصیبت بالکل قریب ہے۔ درحقیقت، ہرطرح کےوقت کیساتھ، کئی طرح کےامکانات اورمواقعوں کا ایک مجموعہ ہوتا ہے، اور ان میں سےسبھی اچھےنہیں ہوتے۔ شیاطین بھی لوگوں کےخوف سےفائدہ اٹھانےکی کوشش کرتےہیں اور ان امکانات کاحصہ بنا کر، اپنےمنصوبےمتعارف کرواتے ہیں۔ لیکن خدا آپکےخوف سےبڑا ہے۔

موت کو خُداوند یسوع مسیح پہلےہی مکمل طور پرشکست دےچکےہیں، اورشیطان آپکومارنےکی طاقت نہیں رکھتا! جو چیزلوگوں کو مارتی ہےوہ موت کا خوف ہے۔ خوف لوگوں کو ایسےالفاظ بولنےکا سبب بنتا ہےجوشیطانوں کی سرگرمیوں کو تقویت اوراختیار دیتا ہے۔ لیکن ہم خوف سے نہیں بلکہ ایمان کیساتھ کام کرتے ہیں۔ جب ہم سفرکرتے ہیں توہم خداکےکلام کی حفاظت میں چلتےہیں۔ تو، چھٹی لیں، اجلاس میں جائیں، اور مکمل ذہنی سکون کیساتھ گاڑی چلائیں یہ جانتےہوئے جس نے موت کو شکست دی وہ آپکےساتھ ہےاورآپکو محفوظ اورسلامت رکھتا ہے۔

## نبوتی اقرار

میں محفوظ طریقےسےسفر کرتا ہوں۔ میں نہ تھکوں گا نہ ہی لڑکھڑاؤں گا۔ میں بغیر کسی پریشانی کےدوپہرکی نیند لوں گا اوراچھی رات کی نیند کا لطف اٹھاؤں گا۔ میں خطرے کی گھنٹیوں، غیرمتوقع چیزوں یا "قیامت بالکل قریب ہے" جیسی پیشین گوئیوں سے نہیں گھبراؤں گا، کیونکہ خدا یہاں میرے ساتھ ہے؛ وہ مجھے محفوظ اور سلامت رکھے گا۔

**مزید مطالعہ**
امثال 3: 23-26



لُوقا 10: 11-10

لیکن جِس شہر میں داخِل ہو اور وہاں کے لوگ تُمہیں قبُول نہ کریں تو اُس کے بازاروں میں جا کر کہو کہ ہم اِس گرد کو بھی جو تُمہارے شہر سے ہمارے پاؤں میں لگی ہے تُمہارے سامنے جھاڑے دیتے ہیں مگر یہ جان لو کہ خُدا کی بادشاہی نزدِیک آ پہنچی ہے۔

زمین پرجنت کے اس سال، روحوں کو جیتنا اختیاری نہیں ہے، اور اس حکم کو نظر اندازکرنےکےسنگین نتائج برآمد ہوتےہیں۔ کسی کی ابدی تقدیر کا انحصار روحوں کی فصل کی کٹائی میں آپکی شرکت پرہے۔ تاہم، آپکی انجیلی بشارت کی کوششوں کومسترد کرنیوالوں کیلئے بھی سنگین نتائج ہیں۔

خدا نے آپکو اپنے امن کا رکھوالا بنایا ہے۔ یُوحنّا 14: 27 میں، وہ کہتا ہے، "اپنا اطمینان تمہیں دیتا ہوں۔" آپکو امن دوسروں میں بانٹنےکا، اور اسےہٹانےکا بھی اختیاردیا گیا ہے۔ خدا کا کلام کہتا ہے، کسی جگہ میں داخل ہوتےوقت اسےدعاِی خیر دےسکتے ہیں، اور خدا کی سلامتی وہاں پرقائم ہوگی (متّی 10: 13-12)۔ اور جب آپ بشارت دینےکیلئےگلیوں میں نکلتے ہیں، اگر آپ جس شخص کی خدمت کر رہےہیں وہ انجیل کو رد کرتا ہے، تو اس سے لگ ہوتےوقت اپنے پاؤں کی گرد جھاڑ دیں (متّی 10: 14)۔ کیوں؟ کیونکہ وہ آپکو نہیں بلکہ خداوند یسوع کو رد کر رہےہیں۔ اورمسیح کو رد کرنا خود کو سزا دینا ہے۔

اس آگاہی میں زندگی بسرکریں، آپ خُدا کی سلامتی کو لیکرچلتےہیں۔ جب آپ روحوں کوجیتنےکیلئےنکلتےہیں تو خدا نے آپکوجو اختیار دیا ہےاس میں چلیں، یہ جان کرکہ آپکےپاس دوسروں کو سکون دینےکی، اور اسے لینےکی بھی طاقت ہے۔

## نبوتی اقرار

میں خُدا کےآسمانی امن کا نگہبان ہوں۔ اس لیے میں جہاں بھی جاتا ہوں امن کا ماحول رکھتا ہوں۔

**مزید مطالعہ**
لُوقا 10: 6-5، 12-10



پَیدائش 2: 18
اور خُداوند خُدا نے کہا کہ آدمؔ کا اکیلا رہنا اچھّا نہیں۔ مَیں اُس کے لِئے ایک مددگار اُس کی مانِند بناؤں گا۔

اب جبکہ ہم جانتےہیں، خُداوند بہت جلد آنےوالا ہے، شادی بہت سے مسیحیوں کےذہنوں میں ہے۔ وہ لوگ جو پہلے سے شادی شدہ ہیں وہ یہ سمجھنےلگے ہیں، جو وقت باقی ہے، اس میں شادی کا بھرپور فائدہ اٹھالیں۔ بہت سےغیرشادی شدہ لوگ، اٹھائےجانےسے پہلےشادی کرنا ضروری سمجھ رہے ہیں۔

بائبل ہمیں بتاتی ہے کہ آدم اکیلا ہو گیا تھا۔ یہ نہیں کہتا کہ وہ تنہا ہو گیا۔ تنہا اور اکیلا ہونے میں فرق ہے۔ آپ لوگوں کے درمیان ہوکرتنہا ہوسکتے ہیں، لیکن آپ صرف کسی چیز پر اکیلے ہوسکتے ہیں۔ جب آدم نے حوا سے شادی کی تو اسکی وجہ یہ تھی کہ اسے اپنی بادشاہی تفویض کو انجام دینے میں مدد کیلئے ایک موزوں مددگار کی ضرورت تھی۔

سب سےاہم شادی کےمقصد کوسمجھنا ہے تاکہ زمین پر باقی رہنے والےمختصر وقت میں ہم اپنی شادیوں سےزیادہ سےزیادہ فائدہ حاصل کرسکیں۔ شادی خدمت (منسٹری) کیلئے ہوتی ہے۔ یہ افزائش نسل کیلئے، یا شکل، رنگت، یا مالی حیثیت کیلئے نہیں ہے، حالانکہ یہ چیزیں قابل غور ہیں۔ ترجیح، خدمت ہے ۔ آپ خدا اور بادشاہی کیلئے جتنا غیرشادی شدہ ہونے پر کرتے ہیں،اگر اکٹھا ہونے پر اس سے زیادہ کرسکتے ہیں ، تو سب سےاہم معیار پورا ہو گیا ہے۔ شادی کیلئےدنیا کےبنائے ہوئے معیارمیں نہ الجھیں۔ بلکہ، اپنی بادشاہی تفویض پر توجہ مرکوز کریں، اور آپ اپنی شادی میں زمین پر جنت کا لطف اٹھائیں گے۔

## نبوتی اقرار

یسوع میری ترجیح ہے؛ لہذا، میں اس کو اپنا سب کچھ خدمت کیلئے دیتا ہوں۔

مزید مطالعہ
پَیدائش 2: 24-18



اِفِسیوں 5: 27
اور ایک اَیسی جلال والی کلِیسیا بنا کر اپنے پاس حاضِر کرے جِس کے بدن میں داغ یا جُھرّی یا کوئی اَور اَیسی چِیز نہ ہو بلکہ پاک اور بے عَیب ہو۔

دورانِ سفر، انگلستان کےشاہی خاندان کےافراد کیساتھ ایک وفد بھی شامل ہوتا ہے۔ شاہی خاندان میں آپکا مقام جتنا اونچا ہوتا ہے، اتنےہی زیادہ لوگ آپکےساتھ سفرکرتےہیں۔ ملکہ الزبتھ دوم تقریباً چونتیس لوگوں کیساتھ سفر کرتی تھیں۔ حسبِ موقع، وہ اپنےوفد میں پچاس افراد تک رکھ سکتی تھیں۔ ایک وفد خادموں، نوکروں، یا ساتھیوں کا ایک گروہ ہے جو بادشاہ کے ہمراہ اور اسکا گھیراؤ کیےہوتا ہے۔

وفد کےکچھ ارکان بادشاہ سےپہلےجاتےہیں تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جا سکےکہ بادشاہ کی آمد کیلئےسب کچھ ترتیب سے ہے، اسطرح بادشاہ کےآنےکیلئے ماحول تیارکیا جاتا ہے۔ بادشاہوں کا بادشاہ آنےوالا ہے، اور آپ اس کےشاہی وفد کاحصہ ہیں! آپ اس کےآنےکیلئے راستہ تیار کر رہےہیں۔

بائبل کہتی ہے، وہ ایک ایسےکلیسیا کیلئےواپس آ رہا ہےجس میں کوئی داغ یا جھری نہ ہو۔ اپنےآپ سے آغاز کرتےہوئے، آپکو یہ یقینی بنانےکا شاندار اعزازحاصل ہےکہ کلیسیا پیش کرنےکےقابل اور اُس کی آمد کیلئےتیار ہے۔ لہذا، چاہے آپ گانے کا ریاض، یا واعظ کی تیاری، یا کلیسا میں آنےوالوں کا استقبال کر رہےہیں، آپ بطوربادشاہی وفد کےایک قابل قدر رکن، اپنےشاہی فرائض سرانجام دے رہے ہیں۔ آپ جو کچھ بھی خداوند کےگھر میں کرتےہیں، اسےخدا کیلئےدل سےکریں، یہ جانتےہوئے، آپ اس کی آمد کیلئے ماحول تیارکر رہےہیں۔

## نبوتی اقرار

میں خدا کے وفد کا حصہ ہوں۔ میں اس کی جلد واپسی کیلئے ماحول تیار کرتا ہوں۔ میں کائنات کےاندر اور باہر کے امیرترین ملک کا سرکاری نمائندہ ہوں!

**مزید مطالعہ**
کُلسِّیوں 3: 23



**قُضاۃ 16: 6**

تب دِلیلہ نے سمسُوّن سے کہا کہ مُجھے تو بتا دے کہ تیری شہزوری کا بھید کیا ہے اور تُجھے اذِیّت پُہنچانے کے لِئے کِس چِیز سے تُجھے باندھنا چاہِئے؟

آپ نےکبھی سمسُوّن کی زندگی پرفلم دیکھی یا کوئی تصویری کتاب پڑھی ہے؟ عموماً اسےبطورایک دیو ہیکل کردار، دکھایا جاتا ہے، جیسےشوارزینگر اپنےعروج میں تھا۔
سمسُوّن اپنی غیبی طاقت کیلئےجانا جاتا تھا، یہ خیال کیا جاسکتا ہےکہ وہ دیکھنے میں ویسا تھا، لیکن ایسا نہیں تھا۔ سمسُوّن کی جسمانی صلاحیت، اسکی ظاہری شکل سےعیاں نہیں تھی، اسی لیے فلستیوں نےاسکی طاقت کا رازدریافت کرنےکی ہرممکن کوشش کی۔

ہم مسیحیوں کوایسےہی المیےکا سامنا ہے۔ ہم انسانوں سےماورا ہیں، لیکن ہم ایسی دنیا میں رہتےہیں جہاں ہمیں ظاہری شکل پر پرکھاجاتا ہے۔ اوسط انسانی آنکھ کو، ہم محض فانی انسان اورکمزوردکھائی دےسکتے ہیں، لیکن ہم ایسےنہیں ہیں۔ بائبل کہتی ہے، ہمارے پاس ایک خزانہ ہمارے مِٹّی کےبرتنوں میں رکھّا ہے، یعنی ہمارے جسم۔ ہم خدا کو لیکرچلتے ہیں، جو کائنات کا قادرمطلق خالق ہے، اورہماراکسی کمزوری سےتعلق نہیں ہے۔

دنیاوی حکومتیں ہمیں مردم شماری میں شامل کرتی ہیں۔ وہ ہمیں زمین کےاربوں انسانوں میں شمار کرتے ہیں، لیکن ہم یہاں کےنہیں ہیں۔ جب لوگ آپکو حقیر سمجھتے اور سوچتے ہیں کہ آپ ان جیسے یا اس سے بھی کم ہیں تو پریشان نہ ہوں۔ انھوں نے یسوع کیساتھ بھی ایساکیاتھا۔ اپنا سراٹھا کرچلیں کیونکہ خدا آپ میں ہے۔

## نبوتی اقرار

میں اندر سے توانا ہوں، کیونکہ خدا کی روح مجھ میں کام کر رہی ہے۔ میں اسی سرعت سے کام کرتا ہوں جسطرح خدا کرتا ہے۔ مجھ میں اس کی طاقت ناقابل تردید ہے۔

مزید مطالعہ
2 - کُرِنتھِیوں 4: 7



اِستِثنا 30: 19
مَیں آج کے دِن آسمان اور زمِین کو تُمہارے برخِلاف گواہ بناتا ہُوں کہ مَیں نے زِندگی اور مَوت کو اور برکت اور لَعنت کو تیرے آگے رکھّا ہے پس تُو زِندگی کو اِختیار کر کہ تُو بھی جِیتا رہے اور تیری اَولاد بھی۔

موت، مسیحیوں کیلئے نہیں تھی۔ یہی ہماری حقیقت ہے۔ ہم یہ ماننےکیلئےدنیا کےنظام سےمشروط ہیں کہ موت بالآخرناگزیر ہے، لیکن ہم اس دنیا کےنہیں ہیں۔ آج کے کلام میں، بائبل بتاتی ہے، موت اور زندگی ایک انتخاب ہے۔ وہ کہتا ہے، "زندگی کا انتخاب کرو!" یعنی اگرآپ زندگی کا انتخاب کرسکتےہیں، تو آپ نہ مرنےکا فیصلہ کرسکتےہیں۔

کلیسیائی ثقافت جسمانی موت کو قبول کرچکی ہے۔ مرنےکی توقع کرنا معمول بن گیا ہے۔ بہت سےمنادی کرنیوالےموت کا جواز پیش کرنےکیلئے عبرانیوں 9: 27 کا حوالہ دیتےہیں - "آدمِیوں کے لِئے ایک بار مَرنا مُقرّر ہے۔" لیکن یہ آپکو یہ نہیں بتاتا، آپکو مرنا ہے۔ یہ بس ہمیں یہ بتاتا ہے، مسیحیوں کو کتنی بارمرناچاہئے: ایک بار۔ بائبل بتاتی ہے، یسوع ایک بارتمام انسانوں کیلئےمرا، اور جب وہ مرا، آپ اس کے ساتھ مرگئے۔ تو، آپ پہلےہی ایک بارمرگئےتھے!

جو چیزباقی کلیسیا کیلئےرسمی ہے وہ ہمارے لیےرسمی نہیں ہے، جنھوں نے عمیق زندگی کا انتخاب کیا ہے۔ ہم موت اور مرنےکو معمول پرنہیں لاتے۔ اس زمین پرجنت کے سال میں، ہم نہ مرنے کا انتخاب کرتے ہیں۔ یسوع کے نام سے موت سے انکارکریں!

## نبوتی اقرار

میں موت سے انکار کرتا ہوں! میں کمزور اور بیمار نہیں ہوتا۔ میرا ذہن صاف، چوکنا رہتا ہے۔ میرا جسم خُدا کی روح سے جاندار ہے، اور یہ ناکام نہیں ہوگا۔ میں نہیں مروں گا بلکہ زندہ رہوں گا تاکہ اٹھائے جانا اور خداوند کی جلالی آمد کو دیکھوں!

**مزید مطالعہ**
رُومِیوں 6: 9-3



**یُوحنّا 1: 14**

اور کلام مُجسّم ہُؤا اور فضل اور سچّائی سے معمُور ہو کر ہمارے درمِیان رہا اور ہم نے اُس کا اَیسا جلال دیکھا جَیسا باپ کے اِکلَوتے کا جلال۔

بائبل بتاتی ہے، کلام مجسم ہوا۔ یعنی کلام اُس کی اصل حیثیت میں مجسم نہیں تھا۔ وہ ایک روح تھا جس نے جسم رکھا، زمین پرظاہر ہوا، اور ہمارے درمیان رہا۔ جب یسوع روح کی حدود میں تھا، وہ روح تھا، جس نےایک برتن تلاش کیا، جسے ہم نفس یا جسم کہتے ہیں۔ آپکےالفاظ، بغیر جسم کے، روح بھی ہوسکتے ہیں، بائبل کہتی ہے، "جو باتیں مَیں نے تُم سے کہی ہیں وہ رُوح ہیں" (یُوحنّا 6: 63)۔

خدا آپکو اپنےمنہ کےالفاظ سےزمین پرلایا، اس نے ہمیں بھی وہ تخلیقی صلاحیت عطا کی ہے۔ یعنی آپکے پاس روح - آپکےبولےگئےالفاظ - کو مجسم کرنےکی صلاحیت ہے۔ آپ کہہ سکتےہیں، پیسہ آ رہا ہے، اور یہ آپکےکھاتےمیں مجسم ہوجاتا ہے۔ کسی سےبحث کےدوران آپ جوبولتےہیں وہ روح ہے۔ اگرآپ اپنےشریک حیات یا بچےکو احمق کہتےہیں، تو روحانی اثرایک احمق کا ہی نکل کر آئیگا۔

کلام کےاندر کی روح کو مارا نہیں جا سکتا کیونکہ اس میں خدا کی زندگی ہے۔ اگرآپ نےلاپرواہی سےبات کی ہے، تو آپکواس لفظ کو دوسرے الفاظ سے دفن کرنےکی ضرورت ہے۔ آپکےالفاظ آپکے لیے کام کر رہے ہیں، لہٰذا ایسے الفاظ بولنےکا خیال رکھیں جو زمین پر جنت بنائیں!

## نبوتی اقرار

میرے پاس حکمت اور ضبط نفس کی روح ہے۔ اس لیے جب میں بولتا ہوں تو اپنے الفاظ ناپ تول کر بولتا ہوں۔ میں وہ زندگی تخلیق کرتا ہوں جسکی میں خواہش کرتا ہوں، کیونکہ میرے الفاظ خدا کی روح کے زیر انتظام ہیں۔

**مزید مطالعہ**
واعِظ 5: 2



پَیدائش 1: 2
اور زمِین وِیران اور سُنسان تھی اور گہراؤ کے اُوپر اندھیرا تھا اور خُدا کی رُوح پانی کی سطح پر جُنبِش کرتی تھی۔

رویا تمام عالمی تبدیلیوں کیلئےایک بنیادی ضرورت ہے۔ رویا، الفاظ کے صحیح چناؤ میں آپکی مددکرتا ہے۔ جب خدا نے زمین کو تخلیق کیا تو اس نے ایک رویا سےآغاز کیا۔ اس نےفیصلہ کیا، درخت کہاں ہوں گے، پانی کہاں سے بہنا اور کہاں رک جانا چاہیے۔ اس نےتصور کیا، شیر کوکہاں رہنا اورآدمی کوکیا کھانا چاہئے۔ جب وہ مسلسل ایک چیز کے تصور سے اضطراب میں رہ چکا، تب ہی اس نےالفاظ جاری کیے، "ہو جا!"

جب آپکےپاس ایک رویا ہے، تب ہی آپ بات کرسکتےہیں. آپ خُدا کےکلام کو پڑھ کراورخود سےبُڑبڑاتے ہوئےکہ اصل میں آپ کیسےچاہتے ہیں کہ چیزیں ہوں' اپنےرویا کوبھرتےہیں۔ جب آپ خُدا کی روح سے بھرجاتے ہیں، ایسے الفاظ بولیں جو آپکو فائدہ پہنچائیں۔

بائبل کہتی ہے، اپنے اندر خُداوند کا اعتماد رکھیں۔ آج سے، اپنےلیے بڑی بڑی باتیں بولیں! خود کو تصور کریں، ایسا نہیں جیسےآپ آج ہیں بلکہ جیسےآپ ہوں‌گے۔ زمین پر جنت دیکھیں! خود کو بتائیں، "میں بڑا ہوں!" خود کو ایسےدیکھیں کیونکہ خدا آپکو اسی طرح دیکھتا ہے۔ پھرعظمت کےاس رویا کو خود پرمسلسل بُڑبڑاتے رہیں۔ ایک ثقافت کےطور پر، ہم ایک دوسرے کو "آپ کو خوشخبری پہنچے" کیساتھ خوش آمدید کہتے ہیں، لیکن جب آپ دوسروں کوخوشخبری سناتےہیں، توخود کوخوشخبری دینا یاد رکھیں۔

## نبوتی اقرار

میں بڑا ہوں! میں جو کچھ کرتا ہوں اس میں مجھ سے بہتر کوئی نہیں ہے۔ میں اپنے خاندان اور برادری کی زندگی میں سب سے اچھی چیز ہوں۔ میں اپنے ارد گرد کے مسائل کو خدا کا جواب ہوں! ہیلیلویاہ!

مزید مطالعہ
اِفِسیوں 1: 18



**1 - تِیمُتھِیُس 6: 12**

اِیمان کی اَچھی کُشتی لڑ۔ اُس ہمیشہ کی زِندگی پر قبضہ کر لے جِس کے لِئے تُو بُلایا گیا تھا اور بُہت سے گواہوں کے سامنے اچھّا اِقرار کِیا تھا۔

مکےبازی کےکھیل میں، عام طورپر رسیوں کا سہارا لینا اچھی بات نہیں ہے۔ جب ایسا ہوتا ہے، لڑاکا کے پاس جیتنےکا امکان صرف ایک صورت میں ہوتا ہے: وہ ہےغیرروایتی طریقے سے کشتی لڑنا۔ آپ بھی لڑائی میں ہیں۔ بائبل اسے'ایمان کی اچھی کشتی' کہتی ہے۔ یہ 'اچھی' ہے کیونکہ خدا آپکی فتح کویقینی بنانےکیلئےسارے وسائل فراہم کرچکا ہے۔

کبھی کبھی، آپ ایمان کی لڑائی میں آرام پسند ہو سکتے ہیں۔ اگر آپ بنیادی طور پر، جو آپ زندگی میں چاہتے ہیں، اسے حاصل کرنےکیلئے، اپنے مرد خدا یا خدا کی عورت کےایمان پرانحصار کریں۔ خدا کےدیےگئے ایمان کو روزانہ عمل میں لانا چاہیے۔ ہر روز بیدارہونےپر، اپنی روح کو کلام سےبھریں، پھر ارد گرد نظرڈالیں اوردیکھیں، آپ اس دن کیلئے اپنے ایمانی ہدف کےطور پرکیا استعمال کرسکتے ہیں۔

ایمان ہمیشہ تب بڑھتا ہے جب آپکے پاس کوئی متبادل راستہ نہ ہو۔ کبھی کبھی خود کو ایک کونے میں واپس لیجانےکی اور ایمان کیساتھ غیر روایتی کشتی لڑنےکی ضرورت ہوتی ہے۔ خود کو پرکھنےکیلئےگزرے ہوئےدن کی نسبت ایک بڑے ایمانی ہدف کو نشانہ بنائیں۔ جب آپ اپنے ایمان پر اسطرح عمل کرتے رہیں گے، آپکو ایمان کےبھاری فاتح کی جیت کی پیٹی پہننے میں زیادہ دیر نہیں لگےگی!

## نبوتی اقرار

میں ایک فاتح ہوں! میں کسی امتحان سے پیچھے نہیں ہٹتا، کیونکہ میرا ایمان ہی کافی اور موثر ہے۔ مجھے کلام کی پشت پناہی حاصل ہے، اور میں کبھی نہیں ہارتا، یسوع کے نام سے!

**مزید مطالعہ**

**رُومِیوں 1: 17**



رُومِیوں 12: 1

پس اَے بھائِیو۔ مَیں خُدا کی رحمتیں یاد دِلا کر تُم سے اِلتماس کرتا ہُوں کہ اپنے بدن اَیسی قُربانی ہونے کے لِئے نذر کرو جو زِندہ اور پاک اور خُدا کو پسندِیدہ ہو۔ یِہی تُمہاری معقُول عِبادت ہے۔

زندگی بچاؤ مہم میں، لائف گارڈ کو درپیش بدترین صورتحال میں سےایک یہ ہے، جس ڈوبتےہوئےشخص کولائف گارڈ بچانےکی کوشش کر رہا ہےوہ گھبراہٹ میں لائف گارڈ کوساتھ نیچےگھسیٹ رہا ہے۔ یہ انسانی دماغی جبلت ہے، وہ بقا کےموڈ میں چلاجائےاور زندہ رہنےکیلئےجو کچھ بھی کرسکتا ہے، کرے۔ زندہ رہنےکی تڑپ میں، یہ بچانےوالےکوسب سےزیادہ خطرےمیں ڈال سکتا ہے۔ اگرکوئی لائف گارڈ ایسی حالت میں ہے، تو انہیں خود ڈوبکی لگا جانی چاہیے۔ یہ ڈوبنےوالےکو چھوڑنےپرمجبورکریگا اورلائف گارڈ اور اسکےدرمیان فاصلہ پیدا کریگا۔

بائبل کہتی ہے، ہمیں خداکو اپنےبدن ایسی قربانیاں ہونےکیلئےنذر کرنےچاہئےجو زندہ ہوں۔ یہی ہماری معقول عبادت ہے (رُومِیوں 12: 1)۔ یعنی اگر آپ ایسا نہیں کرتےہیں تو آپ غیرمعقول، ناسمجھ، غیرمنطقی ہو رہےہیں۔

یہ دنیا ڈوب رہی ہےاور آپکوساتھ نیچےگھسیٹنےکی کوشش کر رہی ہے، لیکن عمیق زندگی اتنی ہی آسان یا مشکل ہے جتنی آپکی مزاحمت کی سطح۔ جتنا آپ اس دنیا کےخلاف لڑیں گے، یہ آپکواسکےساتھ نیچےگھسیٹنےکی کوشش کریگی۔ گہرائی میں ڈبکی لگاجائیں۔ اگرخداکیلئےآپکی عقیدت سطحی تھی تومزید گہرائی میں جائیں۔ یہ کرنا سمجھداری یا معقول بات ہے۔ کلام کی مزید گہرائی میں جائیں۔ دعا اورخدا کیساتھ قربت میں گہرائی میں جائیں۔ جب آپ گہرائی میں جاتےہیں، تو دنیا کےپاس آپ پراپنی گرفت چھوڑنےکےعلاوہ کوئی چارہ نہیں ہوتا۔

## نبوتی اقرار

مسیح کی زندگی مجھ میں عیاں ہے، اور خُدا کیلئے میری عقیدت کامل ہے۔ میں چلتا پھرتا کلام ہوں، اور میں خداوند کیلئے 7/24 وقف ہوں!

مزید مطالعہ

2 – کُرِنتھِیوں 3: 2-3



لُوقا 13: 8
اُس نے جواب میں اُس سے کہا اَے خُداوند اِس سال تو اَور بھی اُسے رہنے دے تاکہ مَیں اُس کے گِرد تھالا کھودُوں اور کھاد ڈالُوں۔

عمیق زندگی کوئی اشتہار، تکیہ کلام، نعرہ نہیں ہے۔ یہ ایک طرز زندگی ہے۔ یہ خوشخبری کی دنیا کی راہداریوں، ہمیشہ پھیلتی ہوئی سرحدوں سے آگے ہے۔ یہ وسیع پیمانے پرکلیسیا کومصلوب زندگی، سپردگی کی زندگی گزارنےکیطرف واضح بلاوا ہے۔
کلیسیا میں عمومیت سرایت کرچکی ہے، لیکن ہم گناہ کےخلاف بغاوت اورخُداوند کیلئےوقف ہونےکےبلاوے کاجواب دے رہےہیں۔

جب ہم کہتےہیں، "مزید معمولی نہیں،" تو ہم سنجیدہ ہیں، اورجو ہمارے لیےمعمولی تھا وہ بہت سے کلیسیاؤں کیلئےغیر معمولی ہے، لیکن ہم مزید گہرائی میں جا رہےہیں۔ بےشمارعجائبات کےسال میں، ہم نےقابل ذکرواقعات کی گواہی دی۔ ہم نےجسمانی شفایابی کا مشاہدہ کیا جوحیران کن تھیں۔ نا قابل تصور معجزے رونما ہوئے۔ قدرت نےبھی جواب دیا۔ زمین پر جنت کےاس سال میں معیاربڑھا دیا گیا ہے! ہم اس سےبھی زیادہ تجربہ کرینگے ہیلیلویاہ!!

اگرابھی تک "مرحلہ عمیق ذندگی" کاعزم نہیں کیا، تویہ آپکا ذاتی دعوت نامہ ہے۔ خدا آپکو اس سال بھی ایساکرنیکا فضل عطاکرچکا ہے۔ خُداوند جلد آنیوالا ہے، اور وہ آپ پرمہربان ہوناچاہتا ہے، اِس لیےخُدا کےجلال کو ہمیشہ سےزیادہ دیکھنے کی توقع رکھیں۔ جب ہم کہتے ہیں 'مرحلہ'، تو مجھے واضح کرنےدیں، یہ ختم نہیں ہو رہا۔ ہم جاری رکھ رہےہیں، اورہم مزید گہرائی اور زیادہ گہرائی میں جائیں گے۔

## نبوتی اقرار

میں عمیق زندگی کےبلاوے کوقبول کرتا ہوں اورجو خدا کہتا ہےاسےکرنیکاعہد کرتا ہوں۔ میں مصلوب زندگی گزارنے کیلئےوقف ہوں۔ اس لیے، میں اب گناہ کیطرف متوجہ نہیں ہوتا۔ خدا کےفضل سے، میں مزید گہرائی میں جا رہا ہوں اور گہرائی میں رہ رہا ہوں، یسوع کےقادر نام سے!

مزید مطالعہ
زبُور 42: 7



1 - کُرِنتھِیوں 4: 15
کیونکہ اگر مسِیح میں تُمہارے اُستاد دَس ہزار بھی ہوتے تَو بھی تُمہارے باپ بُہت سے نہیں۔ اِس لِئے کہ مَیں ہی اِنجِیل کے وسِیلہ سے مسِیح یِسُوعؔ میں تُمہارا باپ بنا۔

آپ کسی گرم ملک کےباسی ہیں تو، آپکوتصویروں، فلموں میں دیکھےہوئےبرفانی پہاڑوں اوراجلی سفید برف کی تمنا ہوگی۔ اگرآپ سرد آب و ہوا میں رہتے ہیں، تو آپ ساحل سمندر پربیٹھنے یا ایک خوبصورت نیلگوں آسمان کےنیچے دھوپ میں کشتی رانی کاخواب دیکھ سکتے ہیں۔ جو لوگ درمیانی آب و ہوا میں رہتےہیں وہ عموماً وہاں رہنےپرمطمئن ہوتے ہیں۔

آپکی خواہش آپکی آب و ہوا کےمطابق بن سکتی ہے، جوچیز ہمارے پاس نہیں ہوتی، ہم اسی کیلئےمتحرک ہوتےہیں۔ یہی چیز رہنمائی کواہم بناتی ہے۔ ایک استاد آپ سےاتفاق کرنےکیلئےنہیں بلکہ آپکی اور اسکی زندگی کےدرمیان فرق کوواضح کرنے کیلئے ہوتا ہے۔ ایک استاد سےبھی بڑی چیز ہے: ایک روحانی باپ۔

مجھ سےاکثر پوچھا جاتا ہے، میں روحانی بیٹا یا روحانی بیٹی کیسے بنوں؟ میراجواب ہمیشہ ایک ہی ہوتا ہے۔ ایک روحانی باپ وہ ہوتا ہےجسکےمکاشفہ سےآپ زندگی گزارتے ہیں۔ آپکو کسی رسمی اعلان کی ضرورت نہیں ہے. اگرآپکو یقین ہے کہ میں آپکا باپ ہوں تو بیٹا یا بیٹی کی طرح کام کرو۔ یہ سب سےاہم ہےکہ آپ ہرخلفشار کو ختم کریں اور اس آخری انتظام میں ایک آوازکی پیروی کریں۔ ڈگمگائیں نہیں۔ اپنی انتہا کا انتخاب کریں اورپرجوش رہیں! اسکےوفاداررہیں جسےخدا نے آپکےپاس بھیجا ہے۔ آپ بڑھیں گےاور اپنی زندگی میں خُدا کےجلال کا مشاہدہ کرنا شروع کردیں گے!

## نبوتی اقرار

میں اپنے باپ کے گھر پر بھروسہ کر سکتا ہوں۔ میں خدا اور اپنے روحانی باپ کے سامنے قابل بھروسہ ہوں۔

مزید مطالعہ
1 - تِیمُتھِیُس 1: 2



یُوحنّا 14: 1
تُمہارا دِل نہ گھبرائے۔ تُم خُدا پر اِیمان رکھتے ہو مُجھ پر بھی اِیمان رکھّو۔

خدا اچھا ہے. یہ آپکو ہونیوالے سب سے گہرے مکاشفات میں سے ایک ہے۔ "بلیسڈ میموری" کے اورل رابرٹس نے اسے اسطرح کہا: "خدا ایک اچھا خدا ہے، اور شیطان ایک برا شیطان ہے۔" یہ سمجھنا بہت ضروری ہے تاکہ آپ دونوں کی پہچان میں کبھی غلطی نہیں کریں۔

جب بری چیزیں ہوتی ہیں، یا جب چیزیں آپکے متوقع طریقے، یا وقت پر نہیں ہوتی، آپ اسکو سمجھے بغیرخدا پرالزام لگا سکتے ہیں۔ لوگوں کےمرنےپرکہا جاتا ہے، "خدا نے انہیں لے لیا"، جبکہ خدا نےکسی کونہیں لیا، بیماری آپکے یا کسی عزیز کےجسم پرحملہ کرتی ہے، اور آپ سمجھتےہیں خدا نےایساہونےدیا ہے۔ یا شاید آپ خدا کی مرضی مان کرمفلسی یا غربت سے دکھ اٹھا رہے ہیں۔ ایسا نہیں ہے!

خُدا یسوع مسیح کی صورت میں آپکو زندگی دینےآیا، نہ کہ لینے۔ وہ آپکو الہی صحت دینے کیلئے مرا، نہ کہ بیمار کرنے کیلئے۔ وہ آپکو فراوانی اور خوشحالی کی زندگی دینے آیا تھا جہاں آپ کو کسی اچھی چیز کی کمی نہیں ہے۔ اس لیے آپ کا دل پریشان نہ ہو۔ خدا ایک اچھا خدا ہے! اس کی بھلائی پر یقین رکھیں۔ جب آپ کو مشکل حالات کا سامنا ہوتا ہے، اپنے شکوک و شبہات پر شک کریں، اور کسی بھی ایسی چیز سے انکار کریں جو خدا کی بھلائی پر سوال اٹھاتی ہے۔

## نبوتی اقرار

خُداوند مُجھے روزانہ نعمتیں بخشتا ہے۔ اس کی مجھ سے محبت یقینی ہے۔ اس لیے میں مصیبت کے دن سے نہیں ڈرتا، کیونکہ خدا میرے ساتھ ہے، اور اس کا کلام میرا مضبوط مینار ہے۔ میں زمین پرجنت کےسال میں بہترین کا تجربہ کرونگا!

**مزید مطالعہ**
زبُور 145: 8



**یُوحنّا 10: 10**

چور نہیں آتا مگر چُرانے اور مار ڈالنے اور ہلاک کرنے کو۔ مَیں اِس لِئے آیا کہ وہ زِندگی پائیں اور کثرت سے پائیں۔

آپکا الہی صحت کا حق صلیب پرمحفوظ کرلیا گیا تھا۔ بائبل کہتی ہے، خداوند یسوع نے ہر کمزوری کو اپنےاوپر لےلیا اورہر بیماری کو دورکیا۔ اس میں جسم اور روح کی ہر طرح کی مرض، معذوری، کمزوری، یا وبا شامل ہے۔ جب وہ صلیب پر تھا،وجود میں موجود ہر بدروح اس پر آیا، اوراس نےان سب کو شکست دی۔ یعنی آپکی زندگی میں کسی بھی قسم کی تکلیف کو آنےکی اجازت نہیں ہے۔

ایک مسیحی کی زندگی میں کسی بھی شکل میں بیماری غیرقانونی ہے۔ یہ آپکے روحانی ڈی این اے کا حصہ نہیں ہے۔ بیماری کی کوئی بھی علامت اس بات کا اشارہ ہے کہ شیطان تجاوز کر رہا ہے۔ لہذا، جب آپکو ہلکی سی کھانسی بھی محسوس ہوتی ہےتو اسےکوئی معمولی چیز سمجھ کرنظرانداز‌نہ کریں۔ اسے رد کریں! شیطان کے پاس صرف ایک طریقہ کار ہے: چوری کرنے، مارنے اور تباہ کرنے کیلئے۔


شیطان کے سامان کو اپنانےسےانکارکریں۔ زمین پرجنت کےاس سال، کسی بھی شکل میں بیماری کا دعویٰ نہ کریں۔ یہ آپکا کینسر، آپکی ذیابیطس، آپکاہائی بلڈ پریشرنہیں ہے۔ اسکا تعلق شیطان سے ہے۔ بائبل نےکہا کہ ہمیں بدروحوں کو نکالنا چاہئے (مرقس 16: 17)۔ اس میں شیطانی طاقتیں اوران کا سامان شامل ہے۔ الہی صحت آپکا حق ہے۔ اگرآپکو کسی چیزکو اپنانا ہے تو اسے اپنائیں۔

## نبوتی اقرار

میں کوئی بھی مرض، بیماری، یا علامت کو اپنانے سے انکار کرتا ہوں جو خدا کے میرے لیے زندگی، صحت اور خوشحالی کے اعلان کے خلاف ہو۔ میں اپنی خوشحالی لیتا ہوں۔ شیطان، تو اپنی بیماری لے، یسوع کےقادر نام سے!!

**مزید مطالعہ**

متّی 8: 16-17


OSBORN INSTITUTE of THEOLOGY
ENROL NOW
FOR NEXT INTAKE
CERTIFICATE & DIPLOMA
ACADEMIC EXCELLENCE
TRANSWORLD ACCREDITING COMMISSION
INTERNATIONAL
EDUCATION
ACCOUNTABILITY
THE OSBORN INSTITUTE OF THEOLOGY FOUNDED BY PROPHET UEBERT ANGEL AND FULLY ACCREDITED BY TRANSWORLD ACCREDITING COMMISSION INTERNATIONAL, PROVIDES AN AWARD-WINNING ONLINE LEARNING PLATFORM THAT EQUIPS MEN AND WOMEN WITH THE REVEALED WORD OF GOD. OIT PREPARES MEN AND WOMEN TO SHARE AND BEAR WITNESS OF JESUS CHRIST TO THE CHURCH AND THE WORLD.
ENROL NOW AT WWW.OSBORNINSTITUTE.COM


The Millionaire Academy
with
H.E. Ambassador Uebert Angel
Forbes featured mogul Uebert Angel helps rising entrepreneurs grow their businesses with 'The Millionaire Academy'. -FOX
'Prophet of Success' -Forbes
www.themillionaireacademy.org



**آعمال 20: 24**

لیکن مَیں اپنی جان کو عزِیز نہیں سمجھتا کہ اُس کی کُچھ قدر کرُوں بمُقابلہ اِس کے کہ اپنا دَور اور وہ خِدمت جو خُداوند یِسُوعؔ سے پائی ہے پُوری کرُوں یعنی خُدا کے فضل کی خُوشخبری کی گواہی دُوں۔

پولوس رسول وہ پیشرو تھا جس نےہمیں فضل کی انجیل کا مکاشفہ پہنچایا، جسکی ہم آج منادی کرتےہیں۔ اس خوشخبری کے ساتھ چلانے کیلئےاس آخری انتظام میں جوحقیقت ہمیں دی گئی ہے وہ ثبوت ہےکہ ہم سب سےتیز رفتار ہیں۔ ریلی کی دوڑ میں، آخری رنرٹیم کوفائنل لائن تک لیجانےوالا سب سےتیز رفتارہوتا ہے۔

ہم اس پیغام کیساتھ دوڑجاری رکھےہوئےہیں، جو خدا کےجرنیلوں کی طرف سےدی گئی اس دوڑ کو پوری کرنے کیلئے ہمیں دیا گیا ہے۔ ہم بھٹکتے نہیں کیونکہ ہمیں سمجھ ہےکہ ایک رنرکو فائنل لائن اوراسکےسامنے رکھےگئےانعام پرتوجہ مرکوز رکھنی چاہیے۔ گرانڈ اسٹینڈ میں، ہمارے پاس خدا کے جرنیل ہیں جو ہمارے انتظام سےپہلےچلےگئے، جیسے آرچ بشپ بینسن ایڈاہوسا، ماریا ووڈ ورتھ ایٹر، کیتھرین کولمین۔

ان تمام جرنیلوں نےاتنی طاقت سے دوڑ دوڑائی، پھربھی انہوں نےفائنل لائن کوعبور کرنے کیلئے ڈنڈا ہمارے حوالےکیا۔ اس دوڑ میں دوڑنے کا درحقیقت اس سےزیادہ فائدہ ہےجو دوسروں کےپاس تھا۔ آپ اس دوڑ کو پوری کرنےکیلئے خدا کی طرف سےبنائےگئےاشرافیہ گروپ کا حصہ ہیں۔ ہمت نہ ہاریں۔ آپ یقیناً دوڑ فتح اور شاندار خوشی میں پوری کرینگے! ہیلیلویاہ!

## نبوتی اقرار

میں اپنی دوڑ پوری کر رہا ہوں۔ میری نظریں منزل پر جمی ہوئی ہیں، اور میں کسی بھی چیز سے رکنے یا بھٹکنے والا نہیں ہوں۔ انعام اب پیچھے مڑ کر دیکھنے کیلئے بہت قریب ہے۔ لہذا، ہمیشہ آگے بڑھتا ہوں، کبھی پیچھے مڑ کر نہیں دیکھتا! ہیلیلویاہ!

**مزید مطالعہ**

2 - تِیمُتھِیُس 4: 7



پَیدائش 3: 24
چُنانچہ اُس نے آدمؔ کو نِکال دِیا اور باغِ عدن کے مشرِق کی طرف کرُّوبِیوں کو اور چَوگرد گُھومنے والی شُعلہ زن تلوار کو رکھّا کہ وہ زِندگی کے درخت کی راہ کی حِفاظت کریں۔

خُدا کے تخت کے سامنے، آپکو آگ کے کوئلے ملتے ہیں جس پرسرافیم چلتا ہے۔ بائبل کہتی ہے کہ ہمارا دشمن، شیطان، ایک کروب ہے لیکن وہ سراف کیطرح آگ کے کوئلوں پرچلنے کے قابل تھا۔ شیطان کا ڈی این اے اور جینیاتی بناوٹ آگ کی ہے۔ دشمن کے خلاف استعمال ہونے والا ہرعنصر پسپا اور منہدم ہوجائیگا سوائے ایک چیزکے جوکہ آگ ہے۔ جب یوحنا بپتسمہ دینے والے نے یسوع کا تعارف کرایا تو اس نے پرزورطریقے سے کہا، وہ تمہیں پانی اور آگ سے بپتسمہ دے گا۔

دشمن آپ پرجو بھی پھینکے، جواب آگ ہے۔ یہ آگ کا آگ سے لڑنے کا وقت ہے۔ روح القدس کی آگ دشمن کے آتش گیر میزائلوں کے خلاف حتمی ہتھیار ہے۔ روح القدس کی وہ آگ آپکے ڈی این اے کا حصہ ہے۔ یہ آپکے پاس ہے، اور یہ آپکی حقیقی شناخت کوظاہر کرنیکا وقت ہے. جو تم میں ہے وہ اس سے زیادہ طاقتور ہے جو دنیا میں ہے۔ آگ بننا، سادہ الفاظ میں مسیح کیلئے انتہائی جوش و ولولہ سے کام کرنا ہے۔ آپ آگ کا گولہ ہیں جو دشمن کا مقابلہ کرنے کیلئے تیار ہے۔ آپکو برتری حاصل ہے، لہذا جرات مند اور مضبوط بنیں. آپکی فتح یسوع کے نام سے یقینی ہے!

## نبوتی اقرار

میں آگ میں ہوں اور دشمن کا مقابلہ کرنے کیلئے تیار ہوں۔ میں اپنے علاقے سے دستبردار نہیں ہوں گا اور نہ ہی اپنی جگہ دشمن کے حوالے کروں گا۔ میں خود کو حالات کے ہاتھوں شکست نہیں ہونے دوں گا، بلکہ یسوع کے نام سے ہمیشہ حالات سے بالاتر رہوں گا۔ ہیلیلویاہ!

مزید مطالعہ
2 - سلاطِین 6: 17



اَعمال 17: 28

کیونکہ اُسی میں ہم جِیتے اور چلتے پِھرتے اور مَوجُود ہیں۔ جَیسا تُمہارے شاعِروں میں سے بھی بعض نے کہا ہے کہ ہم تو اُس کی نسل بھی ہیں۔

برسوں پہلے، ہم اپنی اتوارکی خدمت کیلئےایک جگہ کرایہ پر لےرہےتھے۔ یہ مانچسٹر، برطانیہ کےمرکزمیں ایسےعلاقے میں تھا جو'گے ولیج' (ہم جنس پرستوں کا گاؤں) کہلاتا ہے۔ 'گے ولیج' ایک حقیقی 'ایل جی بی ٹی پلس' برادری ہے۔ اس جگہ کامینجرجسکو ہم کرایہ پر لےرہےتھے، کھل عام ہم جنس پرست تھا۔ ہماری ایک خدمت کے دوران، اس نےوقت ختم ہونےکا اعلان کردیا۔ میں نےاسےنظر اندازکیا، لیکن اس نےمجھےدروازے پرملنےکا اشارہ کیا۔

خدا کےکاموں میں خلل ڈالنےمیں اسکی گستاخی نےمیری روح کو مشتعل کیا، لہذا میں منبر سےنیچےاترا، اپنےمنادی کرنے کےفرائض کومعطل کیا، اور دروازے سےباہر چلا گیا، جہاں میں نےایک مخفی لکیر کھینچی۔ میں نےفرمان و اعلان کیا کہ اگرمینیجر نے اس لکیرکوعبورکرنےکی کوشش کی تو وہ طاقت کی ایک دوسری سطح پر خدا کی قدرت کا سامنا کریگا۔

پھرمینیجرنے ہمیں عمارت سےباہرنکالنےکیلئےدو بڑی جسامت کےمحافظوں کو بلایا۔ جب منیجر نے اس مخفی لکیر کو عبور کرنےکی کوشش کی تو وہ فوراً ہی خدا کی قدرت سےزمین پر گر گیا۔ دونوں محافظ بھی موقع سے فرار ہوگئے۔ اپنی طاقت کی سطح کو بلند کریں اور یسوع کےنام سےشیطان کو آپکے سامنےبھاگتےہوئےدیکھیں!

## نبوتی اقرار

میں اسی لمحے اپنی طاقت کی سطح کو بڑھاتا ہوں۔ اس میں کبھی کمی نہیں آئیگی۔ میں دشمن پر مسلسل دباؤ ڈالوں گا۔ میزیں میرے حق میں ہو گئی ہیں، اور دشمن کا خیمہ اب مکمل طور پر افراتفری اور الجھن کا شکار ہے۔ میں نے یسوع کے قادر نام سے دشمن کو بھگا دیا ہے!

مزید مطالعہ
ایُّوب 12: 10



زبُور 76: 2
سالِم میں اُس کا خَیمہ ہے اور صِیُّون میں اُس کا مسکن۔

جب ہم کہتے ہیں، ہم روح بولتےہیں، تو یہ شہرصیون کیوجہ سےہے جس سےہمارا تعلق ہے۔ بائبل کہتی ہے، ابراہیم ایک ایسا شہرڈھونڈ رہا تھا جسکی بنیاد، معمار، خالق خدا ہو۔ ابراہیم نےخدا پراپنےایمان سےجان لیا، انسانوں کےعام فن تعمیرسے باہر ایک شہرموجود ہے، جو خدا کی موجودگی کی نمائندگی کرتا ہے۔ ابراہیم کو اس شہرکا باشندہ بننےکی اتنی خواہش تھی، وہ اس شہرکی تلاش میں جگہ جگہ گھوما اورخیموں میں رہا۔

میں صیون میں لوگوں سے ملا ہوں، اور جب میں کلیسیا کے اجتماع میں ان سےملتا ہوں، تو فوراً اس آسمانی شہر "صیون" میں ہوئی اپنی ملاقات کو قلمبند کرسکتا ہوں۔ صیون میں پیشگی ملاقات مجھے کسی کی زندگی میں چیزوں کا اعلان کرنے کی بصیرت فراہم کرتی ہے، اور وہ شخص، عموماًغیریقینیت، کیساتھ تصدیق کرتا ہے!

صیون میں تقدیربدلنے والے نقشےڈاؤن لوڈ کیےجاتے ہیں۔ اس شہر میں رسد کی کوئی کمی نہیں، اور قلت کےبارے میں کبھی سنا نہیں ہے۔ جب آپکو یہ ادراک ہوجائے، آپ اگرچہ اس دنیا میں ہیں لیکن اس دنیا کےنہیں ہیں، آپ چیزوں کو وجود میں لانےکا فرمان و اعلان کرنا شروع کردیں‌گے اوراس سال اوراس سےآگےزمین پرجنت کا تجربہ کرینگے۔ صیون میں، کوئی بیماری، وبا یا غربت نہیں ہے۔ آج اسےآپکی حقیقت بننے دیں، اور آپ یسوع کےنام سےبلندی سےطاقت کا تجربہ کریں‌گے!

## نبوتی اقرار

میں صیون کا شہری ہوں، ہیلیلویاہ۔ لہٰذا، میں ابھی کرم کا فرمان و اعلان کرتا ہوں۔ میرے پاس مالی وسائل کی فراوانی ہے، اور مجھے اپنی زندگی میں کبھی کسی چیز کی کمی نہیں ہوگی۔ میرا باہر جانا اور آنا، اب اور ہمیشہ، یسوع کے نام سے برکت پائیگا۔

### مزید مطالعہ

زبُور 132: 13



2 - تِیمُتھِیُس 3: 2
کیونکہ آدمی خُودغرض۔ زر دوست۔ شیخی باز۔ مغرُور۔ بدگو۔ ماں باپ کے نافرمان۔ ناشُکر۔ ناپاک۔

یہ نسل بہت آگےنکل گئی ہےجہاں یہ تنزلی کا شکار ہے، جہاں اخلاقی بدعنوانی کی عوامی چوک میں نمائش اور سراہنا کی جاتی ہے۔ وہاں بہت زیادہ شور ہےجوغلط چیزوں کی حوصلہ افزائی کر رہا ہے۔ اسکا مطلب ہے، آپکو خدا کیلئے کھڑا ہونے، اورغلط آوازوں سے زیادہ بلند ہونے کی ضرورت ہے۔

خدا کی چیزوں اور خدائی راستبازی کیلئے شوروغوغا سب سے زیادہ بلند ہونا چاہئے۔ وہاں کی آوازیں بے خبری میں کلیسیا میں بھی داخل ہوئیں اور منادی کرنیوالوں اور چرواہوں کو خاموش کرنےکا سبب بنی ہیں۔ آجکل جوکچھ ہم کلیسیاؤں میں سنتےہیں، ان میں سےزیادہ ترفضول فلسفےاور انسانی علم کے اکسانےوالےالفاظ سےزیادہ کچھ نہیں، جو خدا کی قدرت کا مظاہرہ نہیں کرتے!

ہمارا کام خدا کی قدرت کا اس حد تک مظاہرہ کرنا ہےکہ لاادری اور ملحد خدا کےبارے میں اپنا نظریہ بدل دیں۔ اس زمین پر جنت کے سال میں، خدا کیلئے آپکی آواز بلند ترین ہوگی۔ آپکو خاموش نہیں کیا جا سکتا۔ اس مرحلہ عمیق زندگی میں، آپ شیطان کے شکنجوں میں نہیں آئیں گے۔ آپ مسیح میں محفوظ ہیں۔ لہٰذا، اب وقت آگیا ہے کہ آپ اس طاقت کا مظاہرہ کریں جو عقلمندوں کو پریشان کر دیگی۔ مضبوط رہو، کیونکہ خداوند تمہارے ساتھ ہے۔ ہیلیلویاہ!

## نبوتی اقرار

میں یسوع کو ہدیہ ہو گیا ہوں، اور میری زندگی مسیح میں ہے۔ میں اب مصلوب زندگی گزار رہا ہوں، جو تیار، آمادہ، اور مصیبت کے وقت یسوع کیلئے کھڑا ہونے کے قابل ہے۔ مجھے ہلایا نہیں جا سکتا، اور میں مرحلہ عمیق زندگی میں، میں مسیح میں کون ہوں، اس پہ کبھی سمجھوتہ نہیں کرونگا!

**مزید مطالعہ**
رُومِیوں 12: 2



آعمال 28: 23

اور وہ اُس سے ایک دِن ٹھہرا کر کثرت سے اُس کے ہاں جمع ہُوئے اور وہ خُدا کی بادشاہی کی گواہی دے دے کر اور مُوسیٰ کی تَورَیت اور نبِیوں کے صحِیفوں سے یِسُوع کی بابت سمجھا سمجھا کر صُبح سے شام تک اُن سے بیان کرتا رہا۔

موسیٰ اورنبیوں میں فرق ہے۔ یہ فرق خُدا کےکلام میں غلطی یا کسی دماغی خلل یا تخیل کیوجہ سےنہیں ہے۔ خُدا نےموسیٰ کو بذاتِ خود ایک زمرے میں رکھا ہے، جو دوسرے نبیوں سےبہت دور ہے۔

جب میں قوموں، صدروں، وزرائےاعظموں، شاہی خاندانوں اور کھیلوں کو نبوت دیتا ہوں، اور وہ پورا ہوتا ہے، وہ اس لیے کیونکہ خدا مجھ پر ان خفیہ چیزوں کو ظاہر کرنےکا انتخاب کرتا ہے جو صرف اس کی ملکیت ہیں۔ ایک اوربات قابل غور ہےکہ خداجانتا ہے، دھمکیوں، تکلیفوں کےباوجود، میں وہی بولوں گا جو وہ مجھے بولنےکا حکم دیتا ہے۔

خدا افراد کا احترام کرنےوالا نہیں ہے، وہ آپکو کسی بھی وقت استعمال کرنےکیلئےمنتخب کرسکتا ہے۔ کچھ رضامند اور فرمانبردار رہےہیں، اور خدا ان کو زمین پر اپنے مقاصد کو پورا کرنے کیلئےوسیع پیمانے پر استعمال کرتا ہے۔ خُدا کا کلام ہمیں بتاتا ہے کہ ایسےلوگوں سےڈرنے کی ضرورت ہے کیونکہ وہ خُدا کا کہا بولتے ہیں، اور وہ پورا ہوتا ہے۔ آمین۔

## نبوتی اقرار

میں وہی بولتا ہوں جو میں چاہتا ہوں کہ واقع ہو، اور ایسا ہی ہوگا۔ میں خدای قادر کی آواز بولتا ہوں۔ میں ڈگمگا نہیں سکتا، اور مرد میرا کچھ نہیں بگاڑ سکتے کیونکہ میں خدا کی طاقت سے جڑا ہوا ہوں۔ میں اب اور ہمیشہ اپنی زندگی میں خدا کے مقاصد کو پورا کروں گا۔

مزید مطالعہ

اِفِسیوں 2: 10



گلتِیوں 4: 7
پس اب تُو غُلام نہیں بلکہ بیٹا ہے اور جب بیٹا ہُؤا تو خُدا کے وسِیلہ سے وارِث بھی ہُؤا۔

برطانیہ میں شہریت ملنے پر مجھے کچھ فوائد حاصل ہوئے، لیکن شروع میں، میں ان سے لاعلم تھا۔ مثلاً، گھر منتقل کرتے وقت، میں نئے گھر کے سازوسامان کیلئے مدد کے طور پر ایک مخصوص رقم کا حقدار ٹھہرا۔ بطور خُدا کے فرزند، آپکے پاس حقوق اور مراعات ہیں جن کے آپ صرف ہمارے خُداوند، یسوع مسیح کی بادشاہی میں پیدا ہونے پر حقدار ہیں۔

اپنے حقوق اور فوائد کو جاننے اور ان کا دعویٰ کرنےمیں فرق ہے۔ کچھ مسیحی جانتےہیں یا یہ جاننےکا دکھاوا کرتےہیں کہ انکے پاس فوائد ہیں، لیکن افسوسناک حقیقت یہ ہے کہ وہ کبھی بھی ان کا دعویٰ نہیں کرتے اور غربت میں جیتے رہتے ہیں۔ خدا کا فرزند ہونے کے فوائد اور مراعات بہت زیادہ ہیں! اس سال میں، زمین پرجنت کےسال کےطورپرخدا کیطرف سےہمیں دیا گیا ہے، یہ وقت آ گیا ہےکہ یسوع کے نام سےجوآپکا ہےاس پر دعویٰ کیا جائے۔

بائبل اعلان کرتی ہے، " اور یُوحنّا بپتِسمہ دینے والے کے دِنوں سے اب تک آسمان کی بادشاہی پر زور ہوتا رہا ہے اور زورآور اُسے چِھین لیتے ہیں" (متی 11: 12)۔ اس حقیقت کا ادراک کریں کہ آپ کس کےہیں اورآپ مسیح میں کون ہیں، آپکی فتح واضح ہو جائیگی، یسوع کےنام سے!

## نبوتی اقرار

خدا کے فرزند کے طور پر، میں مسیح یسوع میں اپنے حقوق، فوائد اور مراعات کا دعوی کرنے کے لیے پرعزم ہوں۔ میں اپنے حقوق سے دستبردار نہیں ہوں گا اور جو میرا ہے دشمن کے حوالے نہیں کروں گا۔ میں زمین پر جنت کی زندگی جیوں گا، یسوع کے نام سے! ہیلیلویاہ!

**مزید مطالعہ**
رُومِیوں 8: 17



ایُّوب 22: 24
تُو اپنے خزانہ کو مِٹّی میں اور اوفِیر کے سونے کو ندیوں کے پتّھروں میں ڈال دے

حالیہ برسوں میں، آپکی بوائی نے آپکےخالق کےسامنے ایک یادگاربنائی ہے، آپکےنوشتےجنت میں محفوظ ہیں۔ آپ نے دیا، دیا، اور دوبارہ دیا ہے۔ آپ نے پودے لگاکرانتظار کیا۔ آپ نےخدا کیساتھ حصہ ڈالا اور آنسوؤں میں بیج بوئے، یہ کٹائی کا سال ہے۔ میں ایک وافر پیداواردیکھتا ہوں جو آپکی زندگی کو ہمیشہ کیلئےبدل دیگا، اس بات کی گواہی دینے کیلئے، خداوند رحیم وکریم ہے۔ آپ بہت اچھی پیداوارلیں گے!

آپکی بڑی کٹائی کاوقت اب ہے، اورآپ مٹی کیطرح سونےکےڈھیرلگائیں گے! آپ اپنی فراوانی کی جگہ میں داخل ہوچکےہیں جو مسلسل اورمستقل ہے۔ آپکی پرورش بطورایک بادشاہی سرمایہ دار ہوئی ہےجو خدا کےکام کوایک اورسطح پرتعاون کریگا۔

اقبال مندی کو ترک نہ کریں جسےآپ لباس کیطرح پہنیں گے، خدا کہتا ہے، "جو میرے سچّے مُعاملہ کی تائِید کرتے ہیں وہ خُوشی سے للکاریں اور شاد ہوں۔ وہ سدا یہ کہیں خُداوند کی تمجِید ہو جِس کی خُوشنُودی اپنے بندہ کی اِقبال مندی میں ہے۔" (زبور 35: 27)۔ خدا اس فراوانی کی جگہ کا انجینئر، ڈیزائنر ہےجس میں آپ داخل ہیں۔ آپکی بوائی نہ صرف حالیہ برسوں میں ہوئی ہے، بلکہ جب ہم نے 2023 عبورکیا، آپ نےاسےدوبارہ کیا۔ اب، آپکی پیداوار یہاں ہے. سدا خوش رہو! ہیلیلویاہ!

## نبوتی اقرار

میں آج اپنی فصل کی کٹائی میں جا رہا ہوں، میں بہت کثرت، بہتات سے، اس سے آگے جو میں سوچ یا تصور کر سکتا ہوں، کاٹنے کیلئےتیار ہوں۔ میں جانتا ہوں، خُدا نےاسے میرے لیےضرورت سے زیادہ مہیا کیا ہے، اور میں اب اپنی فصل یسوع کےنام سے کاٹوں گا! ہیلیلویاہ!

**مزید مطالعہ**
حجَّی 2: 8



زبُور 92: 13
جو خُداوند کے گھر میں لگائے گئے ہیں وہ ہمارے خُدا کی بارگاہوں میں سرسبز ہوں گے۔

سال آئے اور گئے، اور آپ ابھی تک یہاں ہیں. حقیقت یہ ہے کہ خدا نےآپ کوعالمی وبا (یاجیسا کہ کچھ کہتےہیں، "منصوبہ بند وبا") کی انتہا کےدوران زندہ رکھا، جو یہ ثابت کرتا ہے کہ آپ خدا کیلئے خاص ہیں۔ آپکے اردگرد ایسے لوگ ہو سکتے ہیں جو آپکی موجودہ صورتحال کا مذاق اڑا کر اپنا کام بناتے ہیں، آپکی زندگی پر ایک الٰہی بلاوا ہے جس سےانکارنہیں کیا جاسکتا۔ آپ اسےجانتےہیں، آپکے خاندان، آپکے آس پاس کےلوگ بھی اسےجانتےہیں۔

آپکی صورتحال محض اس لیے اکھڑی ہوئی تھی کیونکہ خُدا اپنےکام اورکلام کیلئے آپکی لگن اورعزم کو ظاہرکر رہا تھا۔ اب انہیں بتاؤ، جوسوچ رہےتھے کہ آپ دوبارہ نہیں اٹھیں گے، یہ مرحلہ عمیق زندگی ہے، میں نیچے نہیں جاؤں‌گا۔ ان کیلئے دعا کریں، وہ آپکو جنگلی سانڈ کے سینگ کی طرح بلند ہوتے دیکھ سکیں (زبور 92: 10)۔

مرحلہ عمیق زندگی میں، آپ اس وقت اوپر اٹھ رہے ہوتے ہیں جب لوگ نیچےکھینچنےکیلئےآوازلگا رہےہوتے ہیں۔ ایوب کی طرح، آپ کی زندگی تہوں اور ابواب میں ڈھکی ہوئی ہے۔ اور بہت جلد، اسی سال کےاختتام سے پہلے، وہ لوگ جو آپکو نیچا دکھاتے رہے وہ آپکے آخری باب کو مبارکباد دینے اور منانے والے ہوں گے۔ آپکو آپ کی مشکلات کے بدلے دو بار تاج پہنایا جائیگا! ہیلیلویاہ!

## نبوتی اقرار

میرا وقت آ گیا ہے! میں شرمندگی اور ملامت سے بہت دور ہوں۔ میں خدا کا پیارا، ہر طرف سے محفوظ ہوں۔ میرے ہاتھ مبارک ہیں اور یسوع کے قادر نام سے کارنامے کرنے کیلئےتیار ہیں۔ ہیلیلویاہ!

مزید مطالعہ
یسعیاہ 60: 1



پَیدائش 3: 11
اُس نے کہا تُجھے کِس نے بتایا کہ تُو ننگا ہے؟ کیا تُو نے اُس درخت کا پَھل کھایا جِس کی بابت مَیں نے تُجھ کو حُکم دِیا تھا کہ اُسے نہ کھانا؟

جب خُدا شام کی ٹھنڈی ہوا میں اترا، آدم اورحوا کیساتھ بات چیت کی تو وہ اُن کا واحد باپ اور دوست تھا۔ آدم کیساتھ خدا کا باپ کا رشتہ اتنا منفرد تھاکہ خدا نے جانوروں کوتخلیق کرکےآدم کوانکےنام رکھنےکا کہا۔ اس الہی ماحول میں، بطور ایک باپ، خدا کی آواز آدم کےوجود کو مقصد اورمعنی دیتی ہے۔

آدم نے ایک آوازسننے کو اپنا مرکزبنایا، تو اس نےباپ کیطرف سے پرورش پا کرمکمل ذہنی سکون حاصل کیا۔ شیطان اورحوا کےدرمیان ہونیوالی گفتگو نے، جنہوں نےبعد میں آدم کو بھی قائل کرلیا، ان کی خدائی تقدیر اور مقصد کو بگاڑ دیا اور نتیجتاً نوع انسانی اس میں پھنس گئی۔

آدم اورحوا کیطرف خُدا کاغصہ ایک سوال میں لپٹا ہوا تھا: "تجھے کس نے بتایا؟" (پیدائش 3: 11)۔ یہی سوال آج تک گونج رہا ہے۔ کس نےبتایا کہ آپ بچہ پیدا نہیں کرسکتے؟ کس نےبتایا کہ آپ ساری زندگی غربت برداشت کریں گے؟ غورکریں، یہ بہت اہم ہےکہ آپکو معلومات کون فراہم کر رہا ہے۔ آپکی زندگی، خدا کی آوازکیساتھ خوشحالی میں لپٹی ہوئی ہے تاکہ آپکو نسل درنسل نعمت بنایا جا سکے۔ اس سال، کئی آوازوں کوسننا بندکردیں جو آپکوخداداد تقدیرسےہٹا دیں گی اورایک آوازسنیں۔

## نبوتی اقرار

اب میں اپنےکانوں کو ایک نبوتی آواز کی طرف جھکاتا ہوں جو مجھ پر بولتی ہے۔ میں اپنی تقدیر کے خلاف بولنے والی آوازوں سے پریشان نہیں ہوں۔ میں یسوع کے نام سے روزانہ نبوت کی رہنمائی کیساتھ اپنے بلاوے پر مرکوز رہوں گا!

**مزید مطالعہ**
پَیدائش 3: 12



یسعیاہ 60: 3
اور قَومیں تیری رَوشنی کی طرف آئیں گی اور سلاطِین تیرے طلُوع کی تجلّی میں چلیں گے۔

65 سال کی عمرمیں، 'کے ایف سی' (کینٹکی فرائیڈ چکن کےبانی، کرنل ہارلینڈ سینڈرزنےاپنے 105$ ماہانہ سوشل سیکیورٹی چیک کا استعمال کرکےاپنے چکن کےکاروبارکی شاخیں کھولنا شروع کیا۔ آج، 'کے ایف سی' ریاستہائے متحدہ میں 5،200 سے زیادہ ریستوراں اوردنیا بھر میں 15،000 سے زیادہ یونٹ چلاتا ہے۔ صرف 2020 میں، آمدنی تقریباً 28 بلین ڈالر سےزیادہ ہوگئی! ایک ایسے شخص کیلئےکتنا ناقابل یقین سفرہےجسکی سوانح عمری دو وقت کی روٹی کیلئے جدوجہد سے بھری پڑی ہے۔

عمر کبھی بھی آپکی حد نہیں ہونی چاہئے۔ جب تک آپ اپنے اندرموجود صلاحیت کوبروئے کارلانا شروع نہیں کرتے، آپ جدوجہد کرتےرہیں گے اور ان لوگوں کوناپسند کرتےرہیں گے، جوخودکو دریافت کرچکےہیں۔ آدم تنہا تھا، پھربھی حوا اس میں بند تھی۔ زیادہ ترلوگوں کیساتھ مسئلہ یہ ہےکہ انھوں نےعمر، پس منظر، سماجی سطح بندی، تعلیمی علم وغیرہ کیوجہ سےخود کوکامیابی کی سیڑھی سےباہرشمارکرلیا ہے۔

اگر 'کےایف سی' کا بانی، 65 کی عمرمیں، اپنی زندگی میں کروڑوں کا کاروباربنانےکیلئےچیزوں کا رخ موڑسکتا ہے اوراپنی نسلوں کیلئے اربوں ڈالرمالیت کی دولت چھوڑسکتاہے، آپ کتنی زیادہ کرسکتےہیں؟ آپ روح القدس اورقدرت سے معمور ہیں، اورجب آپ بولتے ہیں، مخلوق سنتی ہے! یہ زمین پرجنت کا سال آپکی کہانی اور حیثیت مستقلاً تبدیل ہونے کا سال ہے۔

## نبوتی اقرار

میں امیر، دولت مند ہوں، اور میرا پیسہ آ رہا ہے! میں زمین پرجنت کی زندگی جیتا ہوں۔ مجھے کسی اچھی چیز کی کمی نہیں ہوگی۔ میری زندگی خوشیوں سے بھری ہوئی ہے، اورمیں ہمیشہ خداوند، اپنے بنانےوالے کی تعریف کروں گا۔ میں جہاں بھی جاؤں گا نعمت بن جاؤں گا۔ یہ یسوع کے طاقتور نام سےمیرا حصہ ہے۔ ہیلیلویاہ!

مزید مطالعہ
یسعیاہ 49: 23



یُوحنّا 3: 16
کیونکہ خُدا نے دُنیا سے اَیسی مُحبّت رکھّی کہ اُس نے اپنا اِکلَوتا بیٹا بخش دِیا تاکہ جو کوئی اُس پر اِیمان لائے ہلاک نہ ہو بلکہ ہمیشہ کی زِندگی پائے۔

خدا کی صفات میں سےایک محبت ہے، جسکی تعریف میں پیار، دوستی، چاہت، محبت، عشق، ہمدردی، احساس، رحمدلی، عقیدت شامل ہے۔ خدا، اپنے رحم، فضل میں، یہاں مذکور ہرلفظ اورمزید کیساتھ پہچانا جاتا ہے۔ مجھےفکرہےکہ کیا آپ واقعی اس حقیقت کوسمجھتےہیں کہ خدا کی محبت آپ کیلئےکیا ہے۔ محبت کی طاقت کامظاہرہ خُدا کی اس قابلیت میں کیا گیا ہےکہ ہمیں اپنی طرف واپس بلانےکیلئےیسوع کوہمیں بخش دیا۔

آجکل کچھ لوگوں کیلئے مسیحی تجربہ معمول کےمطابق محبت کا ذکرکرنا ہے۔ اور درحقیقت، کردار اورعمل میں محبت کا بہت کم یا کوئی ظاہری مظاہرہ نہیں ہوتا ہے۔ زیادہ متنازعہ ماحول کبھی کبھی کلیسیا میں پایاجاتا ہے۔ جماعتیں اورکلیسیا کےارکان اکثرگروہی ہوتےہیں اوربعض تعلقات کی بِناپرایکدوسرے سےجڑے ہوتےہیں۔

کلیسیا کےاندر قبائلی، سماجی، نسلی، یا معاشی بنیاد پرواقفیت ہوتی ہے؛ ایک جماعت کےارکان کیطرف سےدوسروں کیساتھ بیگانوں جیسا سلوک روا رکھا جاتا ہے۔ پھربھی جب ہمیں کاٹا جاتا ہے، ہم سب اپنی جلد کی رنگت کےباوجود سرخ خون بہاتے ہیں۔ اسی طرح، ہم کہاں رہتےہیں، ہماری رنگت، سماجی حیثیت، یا نسلی تقسیم سےقطع نظر، خدا اپنی محبت بنی نوع انسان پرنچھاور کرتا ہے۔ سوچیں اس بارےمیں! ہیلیلویاہ!

## نبوتی اقرار

میں خدا کی محبت کا مجسمہ ہوں۔ خدا کی محبت میرے ذریعے دیکھی جاتی ہے جب میں دوسروں سے جڑتا اور ان کا خیال رکھتا ہوں۔ میں محبت سے خالی زندگی گزارنے کا متحمل نہیں ہو سکتا۔ خدا کا کلام مجھ میں کام کر رہا ہے۔ لہذا، میں ہمیشہ محبت کے ذریعے خدا کی حقیقی فطرت کو ظاہر کروں گا!

مزید مطالعہ
رُومِیوں 5: 8



**1 - سلاطِین 18: 46**

اور خُداوند کا ہاتھ ایلیّاہؔ پر تھا اور اُس نے اپنی کمر کس لی اور اخیاؔب کے آگے آگے یزرعیل کے مدخل تک دَوڑا چلا گیا۔

پیشرفت کرنے کیلئے آپکو رفتار کی ضرورت ہوتی ہے، اور عجلت تیزی کا تقاضا کرتی ہے، سستی کا نہیں۔ ایمرجنسی میں ایمبولینس معمول کی رفتار سے نہیں چلتی۔ زندگی، موت کی صورتحال میں، ایمبولینس کیلئے ٹریفک کے تمام اصول و ضوابط رد کر دیے جاتے ہیں۔

لائف سپورٹ پر، بے ہوش، یا کوما میں جانےوالےشخص کو معمول پر لانے کیئے، انہیں انتہائی تیز رفتاری سےہسپتال لیجایا جاتا ہے۔ سستی، رفتار کا متضاد ہے؛ اس بادشاہی میں سست روی، ترقی کی کمی ہے۔ دشمن کیطرف سےاستعمال کیےجانےوالےحربوں میں سےایک مسیحی کو ایک ہی جگہ پر رکھنا ہے۔ جب خُدا آپکے کاروبار، شادی، مالیات، کیریئر اور خاندان میں شامل ہوتا ہے، آپ روحانی، فطری دونوں لحاظ سےترقی کرتےہیں۔

ہم میں سے کچھ دشمن کے ساتھ بہت دھیمے رہےہیں اور اسکی طرف سے آنےوالےہرتھپیڑےکو معمولی سمجھاہے، لیکن جمود، معمول کی چیز نہیں ہے۔ اگرجمود آپکا مسئلہ ہے، تو آپکو دعا میں خدا کے کلام کے ساتھ اپنے معاملے کو بہت تیزی سے آگے بڑھانے کی ضرورت ہے۔ جب دشمن کے ساتھ تصادم کی بات آتی ہے تو یہ جرم پر ہونے کی ادائیگی کرتا ہے۔ یہ جنگ ہے، اور الٰہی نجات کا وقت اب ہے۔

## نبوتی اقرار

میں اپنی رفتار کو کم نہیں کر سکتا۔ میں اپنی دوڑ جوش اور ہوشیاری کے ساتھ دوڑ رہا ہوں۔ میں سر ہوں، دم نہیں، اور میں بھاگ کر دشمنوں سے مجھ سے چوری کی ہوئی ہر چیز واپس لے لوں گا۔ یسوع کے نام سے! آمین۔

**مزید مطالعہ**

**یسعیاہ 8: 11**



2 - کُرِنتھِیوں 4: 18
جِس حال میں کہ ہم دیکھی ہُوئی چیزوں پر نہیں بلکہ اندیکھی چِیزوں پر نظر کرتے ہیں کیونکہ دیکھی ہُوئی چِیزیں چند روزہ ہیں مگر اندیکھی چِیزیں ابدی ہیں۔

زندگی جسمانی سےزیادہ روحانی ہے۔ آجکا کلام ان چیزوں کی بات کرتاہےجو ناقابل تسخیر ہیں اوران چیزوں کےمقابلےمیں زیادہ مستقل ہیں جو ظاہری اورعارضی ہیں۔ آپ پولوس رسول کےآسمانی مادیت کےبیان میں اسکے دلیرانہ بیان کوکیسے سمجھ سکتے ہیں؟ جب میں اپنےکمرےمیں روح القدس کی آمد اور اس کیساتھ آمنےسامنےگفتگوکی بات کرتا ہوں، میں اپنی کتاب ہیلو ہولی اسپرٹ میں حقائق بیان کرتا ہوں۔

یہ مافوق الفطرت ملاقاتیں جن کو دیکھنےکا مجھےفضل حاصل ہوا ہے،خدا کا ہمیں اپنا جلال دکھانےکا طریقہ ہے۔ جب خدا ہماری خدمات، کانفرنسوں، یا ایک لاکھ سے زیادہ لوگوں کے اسٹیڈیم اجتماعات میں ظاہرہوتا ہے، تو ہم خدا کی قدرت کومعجزات، نشانات اور عجائبات میں ظاہر ہوتا دیکھتےہیں۔

مافوق الفطرت چیز، فطری میں بدل جاتی ہے، اور خدا کی قدرت ظاہرہوتی ہے۔ جب ایسے معجزے ہوتےہیں تو اس پربہت کم بحث ہوتی ہےکیونکہ ثبوت ناقابل تردید ہوتے ہیں۔ بائبل کے زمانے میں، خُدا کا جلال اُترتا تھا اور خیمہ اجتماع کو بھر دیتا تھا کہ اس میں داخل ہونا بھی تقریباً ناممکن تھا۔ خدا کا وہ جلال آج بھی سپرٹ ایمبیسی میں زندہ ہے۔ ہیلیلویاہ!

## نبوتی اقرار

میں اپنے پورے حصے میں خدا کا جلال دیکھتا اور محسوس کرتا ہوں۔ میں خدا کے جلال کو بانٹنے والا ہوں۔ میں جہاں بھی قدم رکھتا ہوں، خدا کے جلال کیساتھ ماحول کو متاثر کرتا ہوں۔ میرا ماحول نشانیوں، معجزوں اور عجائبات سے بھرا ہوا ہے جب میں یسوع کے نام سے آگے بڑھتا ہوں!

**مزید مطالعہ**
2 - کُرِنتھِیوں 5: 7



**آعمال 4: 20**
کیونکہ مُمکِن نہیں کہ جو ہم نے دیکھا اور سُنا ہے وہ نہ کہیں۔

ہوسکتا ہےکوئی پوچھےکہ بوجھ کیا ہے، اور میں اسےکیسےاتارسکتا ہوں؟ یہ جائزسوالات ہیں۔ حضرت یرمیاہ نےاپنے زمانےمیں ایک قسم کاغیرمعمولی بوجھ محسوس کیا، جو خدا کےکلام کا اعلان کرنا تھا۔ نبی یرمیاہ نےاظہار افسوس کیا کہ وہ اب خداوند کےنام پربات نہیں کرسکتا۔ پھربھی، آخرمیں، اس نےکہا، "... مَیں اُس کا ذِکر نہ کرُوں گا نہ پِھر کبھی اُس کے نام سے کلام کرُوں گا تو اُس کا کلام میرے دِل میں جلتی آگ کی مانِند ہے جو میری ہڈِّیوں میں پوشِیدہ ہے اور مَیں ضبط کرتے کرتے تھک گیا اور مُجھ سے رہا نہیں جاتا۔" (یرمیاہ 20: 9) ! زبردست!

ایک بوجھ ایک بہت بڑا وزن ہے؛ یہ ایک ایسا مسئلہ ہےجسکاحل فراہم کرنےکی آپ ذمہ داری محسوس کرتےہیں۔ یہ ایک بوجھ بن جاتا ہےجب کلیسیا میں یا مشن کےمیدان میں فوری ضرورت کو پورا کرنا لازمی ہو۔ ایک بوجھ آپکوآرام کے دائرے سےباہرنکالتا ہے، بےآرام راتیں دیتا ہے، جب تک یہ حل نہیں ہوتا۔

جب آپ خدمت میں کسی ضرورت کودیکھ کرخود کو بےچین محسوس کرتےہیں، تو یہ آپ کیلئےذاتی وزن بن جاتا ہے، اوریہ آپکا بوجھ ہے جسےسنبھالنےکیلئےآپکو بلاوا دیا گیا ہے۔ ایک بارجب آپ فوری عمل کرلیں گےتو ایک سکون اور قرارہو گا۔

## نبوتی اقرار

میں اپنے بلاوے پرعمل کرنے کو تیار ہوں۔ میں رب کے گھر میں آرام پسند نہیں ہوں میں جانتا ہوں کہ میں جلال سے جلال کی طرف بڑھ رہا ہوں۔ میں جانتا ہوں کہ مسیح میں اور بھی بہت کچھ ہے، لہٰذا میں یسوع کے نام سے بلندی اور مزید گہرائی میں جانے کیلئے تیار ہوں!

**مزید مطالعہ**
**1 - کُرِنتھِیوں 9: 16**




BECOME A GoodNews DAILY PARTNER TODAY BY VISITING

WWW.GOODNEWSWORLD.COM/GNDPARTNER

# GoodNews DAILY

## EVANGELISM





لُوقا 9: 42
وہ آتا ہی تھا کہ بدرُوح نے اُسے پٹک کر مروڑا اور یِسُوعؔ نے اُس ناپاک رُوح کو جِھڑکا اور لڑکے کو اچھّا کر کے اُس کے باپ کو دے دِیا۔

خدا کی موجودگی میں خدا کی قدرت ناقابل تردید ہےاوراسےچھپایا نہیں جا سکتا۔ میں نےابھی تک یہ نہیں دیکھا کہ جہاں ہماری خدمت ہو، حتیٰ کہ خدمت کےابتدائی دور میں، وہاں خدا کی قدرت کاحرکت میں مشاہدہ نہ کیاگیا ہو۔ جب بھی ہم بطور ایک جماعت ملتےہیں، میں خود کو خدا کی قدرت کےمظاہرے میں چلتےہوئےدیکھتا ہوں۔ ایسےلمحات آتےہیں جب میں یہ سوچ کرخدمت میں جاتا ہوں، حتیٰ کہ جماعت والوں کو اطلاع کرتا ہوں، میں نبوت نہیں کروں گا، لیکن میں خود کو باربارنبوت کرتا ہوا پاتا ہوں۔

اس آخری انتظام میں، دنیا کو خُدا کو اُس کی معموری میں دیکھنےاورتجربہ کرنےکی ضرورت ہے، جیسا کہ پولس کہتا ہے، نہ صرف الفاظ میں بلکہ قدرت سےظاہر ہوتی تھی (1 - کرنتھیوں 2: 4)۔ لوگ تنقید کرتےاورخدا کی طاقت کے بارے میں بحث کرتےہیں جب وہ طاقت کا کوئی مظاہرہ نہیں دیکھتےہیں۔

اس زمین پرجنت کےسال میں، معجزات، نشانات، عجائبات میں موجود ثبوتوں کو انسانوں کی عقل پرغالب آنےدیں۔ یہ ٹیڑھی نسل اس بات کو تسلیم کرنے لگےگی، خدا، اقتدار اعلیٰ، انسانوں کےمعاملات میں حکمرانی کرتا ہے، جب وہ آپکی زندگی میں طاقت کا مظاہرہ اور زمین پرجنت کا مظہردیکھےگی!

## نبوتی اقرار

خدا کے فرزند کے طور پر، میں زمین پرجنت کی زندگی بسر کرتا ہوں۔ میں بیماروں کو شفا دینے کی طاقت سے نوازا گیا ہوں۔ میں بے اختیار نہیں بلکہ طاقتور ہوں۔ میں کامیابی کی زندگی گزاروں گا، اور میری زندگی ہمیشہ خدا کی اس طاقت کو دکھائے گی جو میرے وجود میں ہے۔

**مزید مطالعہ**
لُوقا 5: 17



یرمِیاہ 23: 29
کیا میرا کلام آگ کی مانِند نہیں ہے؟ خُداوند فرماتا ہے اور ہتھوڑے کی مانِند جو چٹان کو چکنا چُور کر ڈالتا ہے؟

جب بات انکی زندگی میں چیزوں کا زور سےفرمان و اعلان کرنےکی آتی ہے، کچھ مسیحی اسکو موڑ دیتےہیں۔ مثلاً، وہ ایسی صورتحال کےخلاف بااختیار بات کرنےکےبجائےشکایت کرتےہیں جو انکےخاندان میں عذاب بن گئی ہے۔ کچھ مسیحیوں نےیا تو خاموشی سے، اپنےمسائل کو اندرونی طورپر، یا محض امیزنگ گریس گاتےہوئےخود- مشاورت کو اپنایا ہےجبکہ انکی کشتی ڈوب رہی ہے! میں دعا کرتا ہوں، آپ اس قسم کےمسیحی نہ ہوں۔

مسیح کامطلب ہےمسیح جیسا یا مسیح کی تقلید کرنیوالا۔ جب فریسیوں، صدوقیوں کی مخالفت کا سامنا کرنا پڑا تویسوع کبھی خاموش نہیں رہا۔ چاہے فطری تصادم میں جس میں وہ ہوا کو ڈانٹتا ہے، چاہےبدروح کا سامنا ہو یا شیطان کا، یسوع نےاختیار کیساتھ بات کی جس نےاثر کیا۔

ہم اس دنیا میں مسیح کےسفیرہیں۔ ہم دلیری سےکہہ سکتےہیں کہ " اِس لِئےکہ ہماری لڑائی کےہتھیارجِسمانی نہیں بلکہ خُدا کےنزدِیک قلعوں کو ڈھا دینےکےقابِل ہیں" (2 - کرنتھیوں 10: 4)۔ آپ فوجی کےبھیس میں، سفیر ہیں۔ دشمن کےخلاف ایسےالفاظ بولو جو تمھاری تقدیر بدل دیگا۔ خاموش رہنےسےانکار کریں۔ اس اختیارکیساتھ بات کریں جو مسیح نے آپکو اپنے کلام میں دیا ہے۔ یسوع کےنام سےاب اپنا اختیار نافذ کریں! آمین۔

## نبوتی اقرار

میرے الفاظ میں طاقت ہے۔ میں اب خاموش نہیں رہوں گا۔ میں فرمان و اعلان کروں گا جو خدا میرے بارے میں کہتا ہے۔ میں ہر اس چیز سےزندگی اور جی اٹھنے کی بات کرتا ہوں، جو میری زندگی میں مردہ لگتی ہے۔ میں نہیں مروں گا بلکہ خداوند کے کلام کا اعلان کرنے کیلئے زندہ رہوں گا۔ ہیلیلویاہ!

مزید مطالعہ
عِبرانیوں 4: 12



رُومِیوں 11: 33
واہ! خُدا کی دَولت اور حِکمت اور عِلم کیا ہی عمِیق ہے! اُس کے فَیصلے کِس قدر اِدراک سے پرے اور اُس کی راہیں کیا ہی بے نِشان ہیں!

خدا میں ایک مقام ہے جہاں آپکو لگتا ہےکہ آپ پہنچ گئے ہیں، لیکن میں آپکوبتاتا ہوں، ایسا نہیں ہے. فرشتے خدا کو قدُّوس کہتے ہیں (مکاشفہ 4: 8)۔ کیونکہ جب بھی وہ مڑتا، حرکت کرتا ہے، وہ خدا کا ایک مختلف پہلو دیکھتےہیں جو انہوں نے پہلےنہیں دیکھا تھا۔ فرشتوں کی حیرت کیلئے، ازل سے، ہر زمانہ میں، خداخود کومختلف طریقے سے ظاہرکرتا ہے۔

خدا میں ناقابل فہم اورلامحدود جہتیں ہیں۔ پرانےزمانے کےہرنبی نےزمین پرچلتے ہوئےخدا کا ایسا رخ دیکھا جو پہلےکبھی نہیں دیکھا تھا۔ مثلاً، ابراہیم کو خدا کا دوست کہا گیا۔ خدا نےابراہیم کو اتنا پسند کیا کہ باپ، بیٹا، روح القدس اس پرظاہرہوئے اورجسمانی طورپر اسکےساتھ کھانا کھایا!

جب ہم نےبرسوں پہلےمعجزاتی پیسےکا آغازکیا تو شدید مخالفت ہوئی۔ لوگوں نےمحسوس کیا کہ خدا کی مہربانی اسطرح مالیات کو تبدیل نہیں کرسکتی، جیسے معجزاتی پیسےکی فراہمی۔ وقت کیساتھ، لوگوں کو یہ احساس ہونےلگا کہ یہ خدا کا ایک پہلو ہےجس سےانکار نہیں کیا جا سکتا۔ جتنا زیادہ آپ خدا کیساتھ چلتے ہیں، اتنا ہی آپکو احساس ہوتا ہے، ایسی جہتیں ہیں جن کو ابھی آپ نےچھوا بھی نہیں۔ جتنا خُدا کی چیزوں کی گہرائی میں جائیں گے، اتنا ہی زیادہ آپکو احساس ہوگا کہ اُسکی دولت ناقابلِ تلاش ہےاور یہ کتنی دلچسپ بات ہے!

## نبوتی اقرار

میں خُدا کی چیزوں کی گہرائی میں جا رہا ہوں، اور میری زندگی یسوع کے قادر نام سے جلال سے جلال میں تبدیل ہو رہی ہے! ہیلیلویاہ!

مزید مطالعہ
ایُّوب 11: 7



زبُور 31: 91
آہ! تُو نے اپنے ڈرنے والوں کے لِئے کَیسی بڑی نِعمت رکھ چھوڑی ہے۔ جِسے تُو نے بنی آدمؔ کے سامنے اپنے توکُّل کرنے والوں کے لِئے تیّار کِیا۔

جب میری خوبصورت بیوی، نبیہ بی بی اینجل نے کتاب گریس ڈریون لائف لکھی، یہ ایک سنگ میل تھا، جس نےفضل کے پیغام کی بنیادی نظریاتی تشریح کا احاطہ کیا، جسکی ہم منادی کرتےہیں۔ فضل کا مطلب لوگوں کو گناہ کا لائسنس دینا نہیں ہے۔ رومیوں 2: 4 کہتا ہے، " یا تُو اُسکی مِہربانی اورتحمُّل اورصبر کی دَولت کو ناچِیزجانتا ہےاور نہیں سمجھتا کہ خُدا کی مِہربانی تُجھکو تَوبہ کی طرف مائِل کرتی ہے؟" اس قسم کی بھلائی آپکو اپنی لپیٹ میں لےلیتی ہےاورغالب آتی ہے۔ فضل اس حد تک نعمتوں کا ایک بہاؤ ہےکہ آپکی موجودہ خامیوں کےباوجود، خدا آپکی زندگی پربرکتوں کا ڈھیرلگاتا ہے۔

فضل خدا کیطرف سےایک مفت، غیرمشروط تحفہ ہے۔ جو آپکو مشکل کا سامنا کرنےسےپہلےپہنچا دیاجاتا ہے۔ فضل آپکےساتھ ہوتا ہےجب آپ خدا کی رحمت کےدائرے سےبہت دورنظر آتےہیں، پھربھی آپ خود کو اس کی بھلائی کا بنیادی فائدہ اٹھانے والےکے طورپر پاتےہیں، جو آپ پرغالب آتی ہے۔ یہ آپ کی اپنی انسانی کوشش نہیں ہے جو آپ کو یہ سوچنے پر مجبور کرتی ہے کہ آپ مستحق ہیں۔ نہیں، یہ خداکا آپکو اپنی بےانتہامحبت کیساتھ تحفہ دینےکاطریقہ ہے، جسکی منطق مخالفت کریگی۔ وہ پرواہ کرتا ہے!

## نبوتی اقرار

مجھے خدا کے فضل کی فراوانی ملی ہے۔ میں سدا خوش ہوں اور کلام کو پھیلانے کے لیے تیار ہوں۔ میں جانتا ہوں کہ خُدا نے اپنی روح سے اپنی محبت مجھ پر کثرت سے ڈالی ہے۔ میں فضل وصول کرنیوالا ہوں!

مزید مطالعہ
زبُور 16: 11



پَیدائش 13: 15
کیونکہ یہ تمام مُلک جو تُو دیکھ رہا ہے مَیں تُجھ کو اور تیری نسل کو ہمیشہ کے لِئے دُوں گا۔

چیزوں کے بارے میں آپکا نظریہ آپکو محدود کر سکتا ہے۔ جب خُدا ابرہام، ایمان کےباپ، کوبرکت دینےکوتیارتھا، اُس نے ابرہام سے کہا کہ اگروہ ستارے گن سکتا ہے، تو وہ اسکی اولاد کو گن سکتا ہے! ستاروں کو گننا اتنا ہی ناممکن ہےجتنا سمندر کےکنارے ریت کےذروں کو۔ خُدا ابرہام کی بصارت کو آگےدیکھنے کیلیے بڑھا رہا تھا۔ اسکی نظریں خود پر، اسکی عمراور اسکی اورسارہ کی جسمانی حقیقت پر جمی ہوئی تھیں۔ ان حقائق نےاسےمحدود کر دیا، خدا، جس نےوعدہ کیا تھا، ابرہام قوموں کا باپ ہوگا، ایک الگ عینک استعمال کر رہا تھا۔

خدا ابرہام کو حقیقت کے ایک اور دائرےسے متعارف کروا رہا تھا جو انسانی سمجھ کو الجھا دیتا ہے۔ ازل سےابد تک، خدا کبھی جھوٹ نہیں بولتا، اس لیےجوکچھ وہ کہتا ہےوہ حقیقت ہے۔ خدا کہتا ہے، غریب خود کو امیر کہیں، کیونکہ وہ آپکی موجودہ مالی حالت کےباوجود آپکو خوشحال دیکھتا ہے۔ جب آپ اسےبھی دیکھ سکتےہیں، تو آپ اسےحاصل کرسکتےہیں!

بہت عرصےسے، آپ نے خود کو ایک کمزور، مشقت کرنےوالے، ٹوٹےبکھرےہوئے فرد کے طور پرچھوڑ دیا ہے۔ خدا آپ سے کہہ رہا ہےکہ اپنی نیند سےجاگو، دور دیکھو، اور اپنے موجودہ عارضی حالات سےباہر دیکھو۔ آپ پیدائشی فاتح ہیں، اوریہی آپ مسیح میں ہیں!

## نبوتی اقرار

میں دیکھ رہا ہوں کہ میری برکت یسوع کے نام سے آ رہی ہے۔ میں ابھی اس سے آگے دیکھ رہا ہوں۔ میں بھرا ہوا ہوں! میں ایک بادشاہی سرمایہ دار ہوں اور بامقصد پیسے کو اپنی طرف متوجہ کرنیوالا ایک مقناطیس ہوں!

**مزید مطالعہ**
پَیدائش 13: 17



**یُوحنّا 4: 34**

یِسُوعؔ نے اُن سے کہا میرا کھانا یہ ہے کہ اپنے بھیجنے والے کی مرضی کے مَوافِق عمل کرُوں اور اُس کا کام پُورا کرُوں۔

یسوع کے شاگرد اس بات پر حیران ہوئے کہ ہادی نے کہا کہ وہ کھانا کھاتا ہے جس سے وہ بے خبر تھے۔ کلام اس پر واضح ہے: یسوع خدا کےکلام اورکام کوبوفےسمجھتا ہے۔ یسوع ہمیں بتاتا ہے، آپ خدا کےکلام پرکھانا کھا سکتےہیں اور بھوک مٹ جائیگی۔

خُدا کا کلام جان کو طاقت اورتازگی بخشتا، اور روح کو زندہ کرتا ہے۔ حزقی ایل اسےاسطرح بیان کرتا ہے: "پِھر اُس نے مُجھے کہا اَے آدمؔ زاد اِس طُومار کو جو مَیں تُجھےدیتا ہُوں کھا جا اور اُس سے اپنا پیٹ بھر لے۔ تب مَیں نے کھایا اور وہ میرے مُنہ میں شہد کی مانِند مِیٹھا تھا۔" (حزقی ایل 3: 3)۔

جب آپ خدا کےکلام پرعمل کرنا شروع کرتےہیں، آپکی روح زیادہ چوکس، متحرک ہوتی ہے۔ اچانک، آپکا دماغ تازہ ہوجاتا ہے، آپکی توقعات پوری ہوجاتی ہیں۔ خدا کا کلام خالی لٹریچراورافسانےنہیں ہے، جیسا کہ کچھ لوگ تجویزکرسکتےہیں۔ نہیں! آپکو روحانی طور پربڑھنےکیلئےدرکارتمام اجزاء خُدا کےکلام میں ہیں۔ اسکےبرعکس بھی سچ ہے۔ جب آپ خدا کےکلام پر عمل کرنےمیں ناکام رہتے ہیں، تو آپکی روح بھوکی اورغذائی کمی کا شکارہوتی ہے۔ آپکو تازہ من کی ضرورت ہےجو خدا کا کلام ہے۔ اسے روزانہ کھائیں!

## نبوتی اقرار

میں جنت کی روٹی کھاتا ہوں۔ میری خوراک خالص خدا کے کلام پر ہے۔ اس لیے میں غذائی کمی کا شکار نہیں ہو سکتا۔ میرا دماغ ہوشیار ہے، میری روح خوش ہے، اور میری روح اچھی طرح سے بھری ہوئی ہے۔ یسوع، آپ کا شکریہ! آمین۔

**مزید مطالعہ**
**زبُور 119: 103**



فِلِپّیوں 2: 10
تاکہ یِسُوعؔ کے نام پر ہر ایک گُھٹنا جُھکے۔ خَواہ آسمانِیوں کا ہو خَواہ زمِینِیوں کا۔ خَواہ اُن کا جو زمِین کے نِیچے ہیں۔

کوئی معجزہ ہونے پر آپ اکثر مجھے یسوع کا نام پکارتے ہوئے دیکھتےہیں۔ میں ہمیشہ جماعت اور کلیسیا سے کہتا ہوں کہ وہ یسوع کے نام کی تعریف کا ایک بڑا نعرہ لگائیں۔ یہ محض جوش اور خوشی کی زیادتی نہیں ہے۔ یہ ادراک ہےکہ یسوع کے نام سے، اپاہج چل سکتے ہیں۔

جی ہاں، یہ یسوع نام کے نام زریعے ہی ہےکہ اندھے دیکھتے، بہرے سنتے، بانجھ بچے جنتی ہے، کینسر ٹھیک ہو جاتا، اوردیوالیہ ہوئےکروڑ پتی بن جاتے ہیں۔ معجزات، نشانات، عجائبات اس وقت رونما ہونےکے پابند ہیں جب آپ اس نام کو اسکےاصل کردار اورطاقت سے پکارتے ہیں۔

ایسےناقدین اور بےدین ہیں جو یسوع کےنام کو ہلکا لیتےہیں، لیکن میرے، میرے گھر اور اسپرٹ ایمبیسی، ہم نےاس نام کے معجزے کو بار بار دیکھا اورمشاہدہ کیا ہے! یسوع کا نام طاقت ہے۔ مرض، بیماری اورغربت اسی نام کے آگےجھکتی ہے۔ اپنے بینک اکاؤنٹ پر یسوع کا نام بولیں۔ یہ بغیرکسی ناکامی کےاس نام کا جواب دیگا۔ پیسہ اب آپکے پاس آ رہا ہے، یسوع کےنام سے! یہ خالی الفاظ نہیں ہیں جو میں اب آپکو بتا رہا ہوں۔ یسوع کےنام سےاپنی شفایابی حاصل کریں! ہیلیلویاہ!

## نبوتی اقرار

میں جانتا ہوں، میں کون ہوں۔ میرا تعلق مسیح سے ہے۔ میں نے یسوع کے نام سے مسیح کے کردار کو پہنا ہے۔ میں فاتح، ایک غالب اور رکاوٹ توڑنے والا ہوں۔ میں ناکام نہیں ہو سکتا کیونکہ میں یسوع کا نام جانتا ہوں، اور میری زندگی کا ہر مسئلہ جھک جائیگا! ہیلیلویاہ!

مزید مطالعہ
رُومِیوں 14: 11



2 - تِیمُتھِیُس 2: 4
کوئی سِپاہی جب لڑائی کو جاتا ہے اپنے آپ کو دُنیا کے مُعاملوں میں نہیں پھنساتا تاکہ اپنے بھرتی کرنے والے کو خُوش کرے۔

ایک مسیحی کو سپاہی جیسا رویہ پیدا کرنے کی ضرورت ہے۔ ایک سپاہی ہونےکا مطلب ہے، کسی بھی وقت ضرورت پڑنے پرآپ فرض کے بلائےجانے پر تیار رہتے ہیں۔ ایک سپاہی ہر وقت چوکس اورتیار رہتا ہے۔ سپاہی کبھی آرام نہیں کرتا، خاص طور پرجب محاذ جنگ پر مامور ہو۔

بائبل ہمیں بتاتی ہے، ہم خُداوند کی فوج میں سپاہی ہیں، اپنے خُداوند کیلئے ڈیوٹی پر ہیں اورخود کو دوسرے معاملات میں الجھانے کا وقت نہیں رکھتے۔ ہمیں جنگ کرنےکیلئے ایک جنگجو،لڑاکا، خدا کےکلام سے مسلح سپاہی کا رویہ رکھنا چاہیے۔ جب ایک مسیحی کی ذہنیت اس احساسِ فرض اور خدمت کے بلاوے میں جذب ہوگی تو معمولی باتوں پرکوئی تشویش نہیں ہوگی۔

جب مسیحی کو یہ ادراک ہے، وہ میدان جنگ میں دشمنوں کےدرمیان کھڑا ہےجن کا مقصد اسکی جان لینا ہے، تو وہ ہتھیار دوبارہ ترتیب دیگا اورضروری باتوں پر توجہ مرکوزکریگا: ہمیشہ بغیر رکے دعا کرتا، خدا کے کلام کا مطالعہ کرتا اور اسےجانتا، بھائیوں کےاجتماع کو ترک نہیں کرتا، اور خُداوند کےگھرکی خدمت کو بہت سنجیدگی سےلیتا ہے۔ آپ ایک سپاہی، میدان جنگ میں ایک جنگجو ہیں جسکےپاس ضائع کرنےکیلئےکوئی وقت نہیں ہے۔ اس لیےاپنی توجہ اس دلیری پر رکھیں جسکی اسےضرورت ہے۔

## نبوتی اقرار

میں ایک جنگجو ہوں میں خدا کے لافانی کلام سے لیس ہوں جو دشمن کی ہر آگ کو بجھا سکتا ہے۔ مجھے مسیح کی فوج میں ایک جنگجو کے طور پر شکست نہیں دی جا سکتی۔ میں آگے بڑھتا رہوں گا۔ ہیلیلویاہ!

مزید مطالعہ
اِفِسیوں 6: 13



**یُوحنّا 1: 14**

اب سب کُچھ سُنایا گیا۔ حاصِلِ کلام یہ ہے۔ خُدا سے ڈر اور اُس کے حُکموں کو مان کہ اِنسان کا فرضِ کُلّی یِہی ہے۔

بائبل کا کوئی طالب علم ایسا نہیں جوحکمت پربحث کرے اورسلیمان کوخارج کردے۔ اپنےدورحکومت میں، سلیمان سب سے زیادہ عقلمند، دولت مند اور ہوشیار تھا۔ سلیمان کی شہرت دور درازکےدیگر شاہی خاندانوں تک پہنچی ہوئی تھی۔ سلیمان کی عورتوں کیطرف اس حد تک خصوصی رغبت تھی، اسکے گھر میں 300 عورتیں بطور لونڈیاں اور 700 بیویاں تھیں (1 - سلاطین 11: 3)۔ سلیمان کےمحل اورنوکروں کی شان وشوکت کا آج بھی چرچا ہے۔

سلیمان کے پاس وہ سب کچھ تھا، جو زندگی ایک انسان کو پیش کرسکتی ہے۔ غور کریں، زندگی اور اسکی بادشاہی کی عظمت سےمتعلق تمام چیزوں کےہونے کےباوجود، سلیمان ہماری توجہ اس طرف مبذول کروانا چاہتا تھا، جو اس نےزندگی میں سب سے اہم نتیجہ اخذ کیا تھا۔

زندگی میں سلیمان کےتجربات سےمعلوم ہوتا ہےاسکا یہاں اقتدارتھا۔ اگر آج سلیمان زندہ ہوتا تو وہ فوربس میگزین کےامیر ترین آدمی میں نمبر 1 ہوتا، سال بہ سال، کوئی قریب نہ آتا۔ زندگی کے ضروری عناصر پر سلیمان کا نتیجہ، جیسا کہ آجکے کلام میں لیا گیا ہے، ہمارا معیار بننا چاہیے۔ اسے دل پر رکھیں اور اپنی زندگی کو بہتر کیلئے بدلتے ہوئے دیکھیں۔ ہیلیلویاہ!

## نبوتی اقرار

میرا مقصد متعین ہے، اور جو کچھ میں خدا کے لیے کرتا ہوں وہ ہمیشہ رہے گا۔ خدا کے کام سے باہر باقی تمام چیزیں عارضی ہیں۔ میں اب وہ کام کرنے کے لیے تیار ہوں جس کیلئے میں پیدا ہوا ہوں، جو اپنے پورے وجود اور ذات کیساتھ خدا کی خدمت کرنا ہے۔ ہیلیلویاہ!

**مزید مطالعہ**

**1 - سموئیل 12: 24**



فِلِپّیوں 2: 10
تاکہ یِسُوعؔ کے نام پر ہر ایک گُھٹنا جُھکے۔ خَواہ آسمانِیوں کا ہو خَواہ زمِینِیوں کا۔ خَواہ اُن کا جو زمِین کے نِیچے ہیں۔

ہماری خدمت کے ابتدا میں اگرچہ صرف چند ارکان ہوتے تھے، لیکن میں اسی جذبے کیساتھ منادی کرتا اور تعلیم دیتا تھا، جیسےمیں آج کرتا ہوں! اس وقت، مجھےیاد ہےمیں نےایک پیغام دیا تھا، جو میرے روحانی والد، چرواہا کرس اویاخیلوم نے اپنی الٰہی فطرت کے حصہ داروں کو دیا تھا۔

اس سے اگلے اتوار کو، جماعت ایک رکن ہمارے درمیان ایک بزرگ خاتون وہیل چیئر پرلیکر آیا۔ اسکی عمر بیاسی سال تھی اورشفا یاب ہونا چاہتی تھی۔ یہ بلا شبہ ایک چیلنج تھا۔ اسکا سامنا ہونےسے پہلےمیں نےایک رویا دیکھی تھا جہاں میں نےلوگوں کیلئےدعا کرتےہوئےتیروں کو اپنےسروں سے نکلتےدیکھا تھا۔ جب میں اس بوڑھی عورت کیلئے دعا کرنےلگا تو مجھےامید تھی، مجھ سےتیرنکلیں گے، لیکن ایسا کچھ نہیں ہوا۔

خُدا کے رحم سے، اُسی لمحےمجھ پرظاہرہوا، وہ تیرنہیں تھےجو میری رویا میں مجھ سےنکل رہے تھے، بلکہ صرف، یسوع! میں نے اسے عملی جامہ پہنایا، اور بیاسی سالہ خاتون اپنی وہیل چیئر سے اٹھ کھڑی ہوئی اور ادھرادھر چلنےلگی۔ جب آپ خدا کےکلام کی قدرکرتےاور اسےسنجیدگی سےلیتےہیں اور اسےاپنی زندگی میں لاگو کرتے ہیں، تو یہ یقیناً آپ کیلئے کارگرثابت ہوگا۔

## نبوتی اقرار

میں اکیلا نہیں ہوں. میرا پاس نام ہے جو تمام ناموں سے بڑھ کر ہے، وہ نام جس سے شیاطین کانپتے ہے۔ اس نام کی طاقت تاریکی کی تمام قوتوں کو ختم کر سکتی ہے۔ میں بادشاہی کے فائدے کیلئے نام استعمال کروں گا۔ میں فتح مند ہوں کیونکہ میں یسوع کا قادر نام استعمال کرتا ہوں!

**مزید مطالعہ**
فِلِپّیوں 2: 9



متّی 20: 28
چُنانچہ اِبنِ آدمؔ اِس لِئے نہیں آیا کہ خِدمت لے بلکہ اِس لِئے کہ خِدمت کرے اور اپنی جان بُہتیروں کے بدلے فِدیہ میں دے۔

مسیح نےحقیقی فطرت اور رویہ کی مثال دی کہ خدمت کرنےکا کیا مطلب ہے۔ پرانےوقتوں کے جلال کے بادشاہ کا تصور کریں، جس نے وقت اپنے ہاتھ میں رکھا ہوا ہے، ایک موقع پر انسان کو خودسے دوبارہ ملانے کی خاطر وقت میں قدم رکھنے کا فیصلہ کیا۔ یسوع نےاپنی حیثیت پرغورنہیں کیا۔ وہ بنی نوع انسان کو واپس جیتنے کیلئےپرعزم تھا اوربطور ایک خادم، اس کام کو اپنےاوپر لےلیا تھا۔

تابعداری کی زندگی گزارتےہوئے، آپ مسیح کی فطرت کو ظاہرکرتے ہیں۔ مسیح میں، ہمیں خدمت کرنے کیلئے بلایا گیا ہے۔ اسی لیے اس نے کہا، اگر آپ بادشاہی میں سب سےبڑا بنناچاہتے ہیں تو آپکو خدمت کرنا سیکھنا چاہیے۔ آج خود کو خالی کرنےکا ذہن بنائیں۔ ایک سچے لیڈرکی زندگی ہمیشہ دوسروں کیلئےمثال ہوتی ہے، جو بندگی کی وہ شکل ہے جسے دکھانے کیلئے ہمیں بلاوا دیا گیا۔

آجکا صحیفہ بہت طاقتور ہے، یسوع مسیح، آسمان اور زمین کا بنانے والا، خالق خود تخلیق میں قدم رکھتا ہے تاکہ اس کی بنائی ہوئی چیز کی خدمت کرے۔ یہ بہت عاجزانہ ہے۔ جب ہم یسوع کے خادم کی شکل اختیار کرنے کےاثرات کو سمجھتے ہیں، تو ہم خدمت کیلئےتیارہوتےہیں۔

## نبوتی اقرار

مجھے خدمت کے لیے بلایا گیا ہے، اور میں خدمت کے لیے تیار ہوں۔ مسیح میری مثال ہے، اور کوئی بھی چیز مجھے خدمت کے کام کرنے سے باز نہیں رکھ سکتی۔ میں خدا کی خدمت میں جہنم کو خالی اور جنت کو پُر کرنے کے واضح رویا کیساتھ بااختیار ہوں۔ ہیلیلویاہ!

مزید مطالعہ
فِلِپّیوں 2: 7



**عِبرانیوں 4: 15**

**کیونکہ ہمارا اَیسا سردار کاہِن نہیں جو ہماری کمزورِیوں میں ہمارا ہمدرد نہ ہو سکے بلکہ وہ سب باتوں میں ہماری طرح آزمایا گیا تَو بھی بے گُناہ رہا۔**

کچھ مسیحی سمجھتےہیں کہ یسوع ان سےبہت دور ہے۔ یہ مت سوچوکہ خدا اس سےبہت دور ہےجس سےتم مغلوب ہو۔ یاد رکھو، تم خدائی کا صدر مقام ہو۔ جب پولس کہتا ہے، "تم مسیح کا بدن ہو" (1 - کرنتھیوں 12: 27)۔ اس کا مطلب ہے، آپکے چلنےمیں خدا چلتا، آپکےبیٹھنےمیں خدا بیٹھتا، آپکےاعلان کرنےمیں، خدا اعلان کر رہا ہوتا ہے۔ آپ یہاں زمین پرخدا کی نمائندگی کرتےہیں۔ یہ نمائندگی نظریاتی نہیں، حقیقت ہے۔


مسئلہ یہ ہے، زیادہ تر مسیحیوں کو یہ احساس نہیں ہے کہ وہ خدا کےنگہبان ہیں۔ اگر آپ نئےسرے سےپیدا ہوتےہیں، خُدا کا روح آپ میں سکونت کرتا ہے۔ بائبل کہتی ہے، "اور خُداوند رُوح ہےاور جہاں کہیں خُداوند کا رُوح ہےوہاں آزادی ہے" (2 - کرنتھیوں 3: 17)۔ آج آپکی زندگی کی حقیقت یہ ہےکہ یسوع آپ میں بستا ہےاور آپکی پریشانیوں میں آپکا ہمدرد ہے۔ آپ بیماری میں پریشان ہوتےہیں تو یسوع بےسکون ہوتا ہے۔ وہ آپکو شفا دینا چاہتا ہے! جب آپ غربت کا شکارہوتےہیں تو یسوع خوش نہیں ہوتا، جیسا کہ کچھ لوگ سوچتےہیں۔ نہیں، یہ یسوع کا کام نہیں ہے۔ جب آپ اسےاجازت دیں گے، وہ درمیان میں آنےکیلئےتیار ہے۔ ہیلیلویاہ!

## نبوتی اقرار

میں خداوند کا گرز ہوں۔ میں اعلیٰ سطح پر خدا کی قدرت کا تجربہ کروں گا۔ میں جانتا ہوں کہ میرے اندر خدا کا روح کام کر رہا ہے۔ لہذا، مجھے یقین ہے، میں سب کچھ کر سکتا ہوں، کیونکہ میں جانتا ہوں کہ خدا کے ساتھ سب کچھ ممکن ہے۔ آمین!

**مزید مطالعہ**

**یسعیاہ 53: 4**


HEALING INSTITUTE OF SPIRIT EMBASSY
HEALING INSTITUTE
with
Prophet Uebert Angel
Networking the world with God's healing power...
BECOME A PARTNER NOW, VISIT
WWW.HEALINGINSTITUTE.ORG



**یسعیاہ 43:19**

دیکھو میں ایک نیا کام کروں گا۔ اب وہ ظہور میں آئے گا۔ کیا تم اس سے ناواقف رہو گے؟ ہاں میں بیابان میں ایک راہ اور صحرا میں ندیاں جاری کروں گا۔

یہ حیران کن ہے، کتنےمسیحی اب بھی ماضی سےجڑا اور پھنسا ہوا محسوس کرتےہیں۔ کچھ مسیحی اب بھی اسکےساتھ کشتی لڑ رہے ہیں، جو انکےساتھ تین، چار، پانچ دہائیاں پہلےہوا تھا۔ مسیحی بننے کےبعد، اب آپکی زندگی مسیح میں پوشیدہ ہے۔ آپکا پرانا وجود نکال دیا گیا، اورآپ میں ایک نئی روح پھونکی گئی۔ بائبل کہتی ہے، پرانی چیزیں جاتی رہیں۔ دیکھو وہ نئی ہو گئیں (2 - کرنتھیوں 5: 17)۔

وہی چیز جسکےساتھ آپ کئی دہائیوں سےکشتی لڑ رہےہیں وہی چیز ہےجو آپکو نیچے کھینچتی رہتی ہے۔ آپ ایک نئی مخلوق ہیں، جو خدا کےپیارےبیٹے، یسوع کی بادشاہی میں دوبارہ پیدا ہوئےہیں۔ ہیلیلویاہ! خدا آپ سے براہ راست، خصوصی، واضح، با مقصد اور کلی طور پر، آپکی قسمت، مالیات اور خاندان کےبارے میں بات کرنےکیلئےتیار ہے۔ وہ آپکو زمین پرجنت کا تجربہ دینے کیلئےتیار ہے۔ لیکن آپکا ماضی آپکا شکارکرتا رہتا ہے۔

اپنی زندگی کےاس موڑ پر، ماضی کو اپنی سوچ کےعمل کو دھندلا نہ کرنےدیں۔ آجکےکلام کا بنیادی متن بہت واضح ہے: خدا آپکی زندگی میں کچھ نیا کر رہا ہے۔ اسےتھام لیں، اورآپ چمکیں گے۔

## نبوتی اقرار

میں ایک نئی مخلوق ہوں۔ خدا کا ڈی این اے اب میری رگوں میں بہتا ہے، اور مجھے اپنے ماضی سے ہراساں نہیں کیا جا سکتا۔ میں دلیر اور مضبوط ہوں۔ میں خوف کا غلام نہیں ہوں، کیونکہ خدا نے مجھے خوف کی روح نہیں دی ہے، بلکہ طاقت اور دانشمندی دی ہے۔ میں زمین پرجنت کا طرززندگی جیتا ہوں۔ ہیلیلویاہ!

**مزید مطالعہ**

2 - کرنتھیوں 5: 17



خرُوج 13: 21

اور خُداوند اُن کو دِن کو راستہ دِکھانے کے لِئے بادل کے سُتُون میں اور رات کو روشنی دینے کے لِئے آگ کے سُتُون میں ہو کر اُن کے آگے آگے چلا کرتا تھا تاکہ وہ دِن اور رات دونوں میں چل سکیں۔

بائبل کہتی ہے، جب بنی اسرائیل مصر سےنکلے تو خداوند رات کو آگ کا ستون اور دوپہر کو بادل ہوتا۔ خدا نےانہیں سخت صحرائی حالات سےبچانے کیلئےموزوں آب و ہوا اور ماحول دیا۔ صحرا بہت سخت ہے، رات کو ٹھنڈا اور دن میں انتہائی گرم۔

ایسے علم کےساتھ، خُدا نےاُنہیں اپنی مرضی کےمطابق آب و ہوا اور ماحول دینےکا انتخاب کیا۔ بنی اسرائیل جو کچھ تجربہ کر رہے تھے وہ دوسری نسلوں سےمختلف تھا۔ ہمارا خدا عجائبات کا خدا ہے، وہ آپکی زندگی کو اسطرح سے سنوارنے کے قابل ہے کہ کوئی بھی نہیں سمجھ سکتا۔ جیسا کہ آپ اس کلام سے توانائی لے رہے ہیں، خداوند آپ اور آپکے خاندان کیلئے زمین پر جنت کا ایک منفرد ماحول بنا رہا ہے۔

کتنا عجیب ہے بھائیو اور بہنو! بائبل ہمیں مسیح کے سفیر کہتی ہے، یعنی ہماری فراہمی قدرتی دائرے سے نہیں بلکہ اوپر سے ہے۔ جب دوسرے روتے ہیں تو آپ کو رونا نہیں چاہیے کیونکہ جہاں سے آپکا تعلق ہے وہاں غربت، شرمندگی یا مصیبت نہیں ہے۔ آپ خدا سے پیدا ہوئے ہیں، اور آپکا ماحول خدائی ہے۔ یہ زمین پر جنت کا ماحول ہے۔ آپ یسوع کےنام سےعجائبات کی زندگی گزاریں گے۔

## نبوتی اقرار

میری فراہمی اوپر سے ہے اور مجھے اس زندگی میں کسی اچھی چیز کی کمی نہیں ہوگی۔ میں بہتات کی زندگی گزارتا ہوں کیونکہ مجھے یسوع کے نام سے اوپر سے فراہم کیا جاتا ہے۔ آمین!

مزید مطالعہ

ایُّوب 22: 29



2 - کُرِنتھِیوں 4: 9
ستائے تو جاتے ہیں مگر اکیلے نہیں چھوڑے جاتے۔ گِرائے تو جاتے ہیں لیکن ہلاک نہیں ہوتے۔

پالش شدہ ہیرے یا سونےکی انگوٹھی کی خوبصورتی، چمک کے پیچھے ایک کچلنے، جلانے والاعمل ہوتا ہے۔ پولوس رسول نےواضح کیا، خدا کے فرزند ہونےکےناطے، ہرطرح کےظلم و ستم ہمارےپاس آتےہیں، لیکن سب سےاچھی بات جو اس نےکہی وہ یہ تھی، ہم تباہ یا ختم نہیں ہوئے! جب دنیا ہم پردباؤ ڈالتی ہےتو انہیں یہ معلوم ہونا چاہیے، ہم کس چیز سےبنےہیں۔

ہم روح سےپیدا ہوئےاورخدا کےکلام سے توانائی حاصل کرتے ہیں! کلام، ہماری جینیاتی بناوٹ ہے! ہم خُدا کےکلام میں سانس لیتےہیں کیونکہ ہم کلام کےمطابق جیتےہیں! جب دبایا جاتا ہےتو ہم میں سے"کلام کا اثر" نکلتا ہےکیونکہ ہم خدا کےکلام سے بنےہیں۔ کوئی چیز آپکو، آپکے خاندان کو متزلزل نہیں کریگی کیونکہ آپ اسکےکلام میں گہری جڑیں رکھتے ہیں۔ آپ ٹھوس چٹان مسیح پر کھڑے ہیں، اور یسوع کے نام پر کوئی سیلاب یا ظلم آپکونہیں ہلا ئےگا!

میں جنت میں جاکر جرنیلوں کےسامنے، ایک ایسےجرنیل کیطرح کھڑا ہونےسےانکار کرتا ہوں جس میں کوئی زخم کا نشان نہیں ہے۔ ہو سکتا ہےکہ ہم پر ظلم کیا جائے، الزام لگایا جائے، یا بلیک میل کیا جائے، لیکن ہر چیز خدا کو جلال دیگی۔ ہماری خدمت اس بات کی گواہی ہےکہ خدا کسطرح نفرت اور ظلم و ستم کے بھڑکتے شعلوں سے ایک قیمتی موتی نکال سکتا ہے۔ جب آپکے اندر خُدا کا کلام ہے، تو کوئی بھی چیز آپکو تباہ نہیں کر سکتی!

## نبوتی اقرار

خدا کا کلام میرا ریشہ اور جینیاتی بناوٹ ہے، میں یسوع کے نام سے ظلم، تکلیف یا بہتان سے متاثر نہیں ہوں گا!

**مزید مطالعہ**
متّی 5: 12-10



2 – کُرِنتھِیوں 5: 17
اِس لِئے اگر کوئی مسِیح میں ہے تو وہ نیا مخلُوق ہے۔ پُرانی چِیزیں جاتی رہِیں۔ دیکھو وہ نئی ہو گئِیں۔

دوبارہ پیدا ہونے والی زندگی صرف ایک زندگی سے دوسری زندگی میں منتقلی نہیں ہے۔ یہ پرانے نظام کی مکمل اصلاح ہے۔ بائبل کہتی ہے، اگر کوئی آدمی مسیح میں ہےتو وہ ایک نئی مخلوق ہے۔ لفظ "نیا" یونانی زبان میں لفظ "کائنوس"ہے، یعنی ایک ایسی نسل جو پہلےکبھی موجود نہیں تھی۔ آپ صرف تبدیل نہیں ہوئے بلکہ مکمل طور پر بدل گئے ہیں۔

آپکی زندگی ایک تبدیل شدہ پرانا ماڈل نہیں ہے بلکہ بالکل نئی چیز ہے۔ شیطان آپکو آپکی پچھلی ناکامیوں، تمام منفی خصلتوں کو یاد دلانے کی کوشش کر سکتا ہے، لیکن اسے بتا دیں، آپ اب وہ نہیں ہیں جو ماضی میں ناکام ہوئےتھے۔ ناکامی کے خصائص، پرانے آپ سے جڑے ہوئے تھے، نئی تخلیق سے نہیں۔ فرمان و اعلان جاری کریں، ناکامی آپکا حصہ نہیں ہے اور آپ کا ہر کام اچھی رفتارسے ہوگا۔

نئے اہداف اور مقاصد کا سامنا کریں کیونکہ جو آپ میں ہے وہ اس سے بڑا ہے جو دنیا میں ہے۔ اب آپ کے ذریعے چلنے والی جینیاتی بناوٹ آپ کے جسمانی خاندان سے نہیں بلکہ اوپر سے ہے۔ جیسا کہ آپ اس نبوتی پیغام کو پڑھتے ہیں، اسکو اپنی روح، جان اور جسم میں درج ہو نے دیں کہ آپ خدا سے پیدا ہوئے ہیں۔

## نبوتی اقرار

میں خدا سے پیدا ہوا ہوں، میں الہی کا بیج ہوں اور میں نئے علاقوں کو فتح کروں گا۔ میں اپنے ماحول کا چارج سنبھالوں گا اور یسوع کے نام سے ہر شعبے میں غلبہ حاصل کروں گا!

مزید مطالعہ
کُلسِّیوں 3: 2



یُوحنّا 15: 19
اگر تُم دُنیا کے ہوتے تو دُنیا اپنوں کو عزِیز رکھتی لیکن چُونکہ تُم دُنیا کے نہیں بلکہ مَیں نے تُم کو دُنیا میں سے چُن لِیا ہے اِس واسطے دُنیا تُم سے عداوت رکھتی ہے۔

اس وقت دنیا میں بدامنی پھیلی ہوئی ہےکیونکہ معیشتیں تباہ ہو رہی ہیں، منڈیوں میں مندی ہو رہی ہیں، معاشی بدحالی قریب آ رہی ہے، خدا کےکچھ فرزند یہ سوچ رہےہیں، وہ اس طوفان سے کیسے گزریں گے۔ بھائیو اور بہنو، میں آپ کو یاد دلاتا ہوں، آپکو گزرنےکی ضرورت نہیں، بس شرکت کرنےسےانکار کر دیں!

آپ پوچھ سکتےہیں، "مرد خدا، میں کیسے مستثنیٰ ہو سکتا ہوں، پھر بھی میرا کاروبار، میرا کام، اور میرے بارے میں سب کچھ اس جسمانی دنیا میں ہے؟" سنو، ہمارا آجکا کلام ظاہر کرتا ہے، ہم اس دنیا میں ہیں، لیکن ہم اس دنیا کےنہیں ہیں! ہمارا تعلق اس جہاں سےنہیں ہے جس میں افراتفری، کمی یا افسردگی ہو۔

ہمیں صیون کی معیشت سےفراہم کیا جاتا ہے۔ ہم زمین پر جنت کی زندگی بسر کرتےہیں۔ جب دنیا کہتی ہے، مندی ہے، تو ہم کہیں گے، اوپر اٹھ رہی ہے۔ جیسا کہ آپ یہ بنوتی پیغام پڑھتےہیں، توقع کریں کہ آپکےساتھ غیرمتوقع واقع ہوگا! آپکی رقم، پروموشن اور اضافہ ایسی جگہوں سے آئےگا جسکی سب سے کم توقع ہوگی۔ اس دن کےبعد سے، جب آپ انہیں معاشی بدحالی کےبارےمیں بات کرتےہوئے سنیں، بس انہیں بتائیں، آپ اس میں حصہ نہیں لے رہےہیں!

## نبوتی اقرار

میں اوپر سے پیدا ہوا ہوں اور میری فراہمی اوپر سے ہے۔ مجھے کسی اچھی چیز کی کمی نہیں ہوگی۔ میری زندگی ایک گواہی ہے اور جس چیز کو بھی میں چھووں گا وہ یقیناً یسوع کے نام پر کامیاب ہوگا!

مزید مطالعہ
رُومِیوں 12: 2



احبار 25: 49

یا اُس کا چچا یا تاؤُ یا اُس کے چچا یا تاؤُ کا بیٹا یا اُس کے خاندان کا کوئی اَور آدمی جو اُس کا قریبی رِشتہ دار ہو وہ اُس کو چُھڑا سکتا ہے یا اگر وہ مال دار ہو جائے تو وہ اپنا فِدیہ دے کر چُھوٹ سکتا ہے۔

جب ہم کہتے ہیں، یسوع مسیح نےہمیں ہرطرح کی لعنتوں سےنجات دلائی تو لگتا ہے، مذکورہ بالا کلام کےمطابق، بائبل جو کہتی ہےاس میں اختلاف کا تنازعہ ہے۔ مندرجہ بالا کلام کےمطابق، جو شخص آپکا رشتہ دارنہیں وہ آپکو چھڑا نہیں سکتا۔ اسےہم الہیات میں متن میں تناؤ کہتےہیں کیونکہ اگر یسوع ہمارا رشتہ دارنہیں، تو ہمیں کیسےچھڑا سکتا ہے؟

سائنس کی شاخ میں آٹوسومل ڈی این اے نامی چیزہوتی ہے؛ یہ اصطلاح، جینیاتی نسب نامہ میں آٹوسومل کروموسوم سے حاصل کردہ ڈی این اے کو بیان کرنےکیلیےاستعمال ہوتی ہے۔ تو، جب یسوع مسیح ہمارے رشتہ دارنہیں تھےتوہمیں کیسےچھڑایا؟ افسیوں 4: 6 کی کتاب بتاتی ہے، وہ ہمارا "باپ" ہے، گلتیوں کی کتاب بتاتی ہے، وہ ہماری "ماں" ہے۔

صحیفےبتاتےہیں، وہ آسمانوں سےبہت اوپربیٹھا ہے، یعنی وہ سب سےاوپرہے، وہ ہماری بنیاد بھی ہے، یعنی وہ نیچےہے! امثال کےمطابق، وہ ہماری "بہن" ہے، عبرانیوں میں، وہ ہمارا "بھائی" ہے۔ احبار کی کتاب میں، وہ ہمارا "چاچا" اور "کزن" بھی ہے۔ یسوع مسیح اس لیے ہرچیز میں ہرچیز کو پورا کرتا ہے! اپنےکندھوں کوچوڑا کریں، آج یہ جان کرباہرنکلیں، آپ کوہ صیون میں اجنبی نہیں ہیں، یسوع آپکا رشتہ دار ہے!

## نبوتی اقرار

میں یسوع مسیح کا ایک خالص رشتہ دار ہوں، اور اس لیے میں یسوع کے نام سے اپنی کسی کوشش میں رک نہیں سکتا!

**مزید مطالعہ**

مُکاشفہ 1: 17



2 - کُرِنتھِیوں 3: 18
مگر جب ہم سب کے بے نِقاب چہروں سے خُداوند کا جلال اِس طرح مُنعکِس ہوتا ہے جِس طرح آئینہ میں تو اُس خُداوند کے وسِیلہ سے جو رُوح ہے ہم اُسی جلالی صُورت میں دَرجہ بَدرجہ بدلتے جاتے ہیں۔

جو وقت ہم بلوغت میں آئینے میں دیکھنے میں گزارتے ہیں وہ ایک سال میں گھنٹوں کےبرابرہو سکتا ہے۔ لوگ آئینے میں دیکھتے ہیں، آیا انکی جسمانی شکل درست ہے۔ کچھ آئینے میں اپنی بیرونی شکل کو بنانے سنوارنے میں اپنے کام، فلائٹ اور کلاس سےدیر کرلیتے ہیں۔ جسمانی آئینے میں دیکھنا آپکو اپنے چہرے پر داغ دکھانےکےعلاوہ کچھ نہیں کرتا۔

تاہم بائبل کلام کو بطورخدا کا آئینہ بیان کرتی ہے۔ جتنا زیادہ آپ خدا کا کلام پڑھیں گےآپ خدا کی طرح بن جائیں گے! آئینہ، آپکی بائبل کہتی ہے، آپکو ہر طرح کی روحانی برکت بخشی (افسیوں 1: 3)، اور مسیح تُمھاری خاطِر غرِیب بن گیا تاکہ تُم دَولت مند ہو جاوٴ۔ (2 - کرنتھیوں 8: 9)۔ جتنا زیادہ آپ اسے پڑھیں گے، اتنا ہی زیادہ آپ وہی بن جائیں گے جو رب کا کلام کہتا ہے۔

اس زمین پرجنت کےسال میں، خدا کے کلام پر دن رات دھیان کریں، اورآپکو اچھی کامیابی ملے گی۔ کلام کیلئے جائیں اور آپ، یسوع کے نام سے، اپنی صحت، کاروبار، تعلیم، شادی میں گواہی کے ساتھ واپس آئیں گے! آج ہی سوچ سمجھ کر فیصلہ کریں اور خدا کا کلام پڑھنے اور دعا کرنے کے لیے وقت نکالیں۔

## نبوتی اقرار

میں کلام کے لیے جاتا ہوں اور میں ضرور گواہی کیساتھ واپس آؤں گا۔ میری زندگی زمین پر جنت کی زندگی ہے اور خداوند کا جلال میری زندگی کے تمام دنوں میں ظاہر ہے۔

مزید مطالعہ
یعقُوب 1: 23



**لُوقا 18: 1**

**پِھر اُس نے اِس غرض سے کہ ہر وقت دُعا کرتے رہنا اور ہِمّت نہ ہارنا چاہیے اُن سے یہ تمِثیل کہی کہ**

بائبل کہتی ہے، خدا کبھی نہیں سوتا، نہ ہی اونگھتا ہے۔ کیسی صلاحیت یا ٹیکنالوجی ہےجسکی وجہ سےخدا کو کبھی نیند نہیں آتی۔ یعنی خدا کےپاس کوئی گزرا ہوا یا آنےوالا کل نہیں ہےکیونکہ وہ کبھی نہیں سویا۔ وہ زیادہ بیدار، زیادہ فعال ہے، اور وہ اب ایک ابدیت میں رہتا ہے! وہ کل کےاخبار سےزیادہ تازہ ترین ہے، اور وہ آپکی زندگی کی ہرتفصیل کو اس حد تک جانتا ہےکہ آپکےسرکےبالوں کی تعداد کتنی ہے!

ہمارا کلام بتاتا ہے، ہم کسطرح خدا کی، ہمت نہ ہارنے، نہ اونگھنے یا نہ تھکنےکی ٹیکنالوجی، صلاحیت کوحاصل کر سکتےہیں۔ اس نےکہا، دعا کرتے رہنا اورہمت نہ ہارنا، یعنی جس لمحےآپ دعا کرنا چھوڑ دیتےہیں، آپ پرہمت ہارنے کا وقت آ جاتا ہے۔ آپکی فعالیت دعا کی کمی کیوجہ سےمتاثر ہوتی ہے۔ آج ہی اپنا اختیاروایس لو اور جیسے پہلےکبھی نہیں کی، ویسے دعا کرنا شروع کرو۔ یہ خدا کیساتھ بات چیت کےچند لمحے ہوسکتےہیں، لیکن کوئی بھی دعا بیکار نہیں ہے۔

خود کو دعا کیلئےوقف کرکے اپنی روح کو روحانی وجود سےہم آہنگ ہونےدیں۔ آپکی روح بدل گئی ہے، اور آپکی دعائیں ہرحال میں غالب رہیں گی۔ اب زندگی مزید ہمت ہارنے، اونگھنے، یا پسماندہ رہنےکی نہیں ہے۔ آپکی دعا کا مقام یسوع کےنام سےآپکی فتح کا مقام ہے!

## نبوتی اقرار

میری دعا کا مقام میری فتح کا مقام ہے۔ میں دعا میں اپنا اختیار واپس لیتا ہوں اور میں یسوع کے نام سے فتح اور فراوانی کی زندگی گزاروں گا!

**مزید مطالعہ**

**1 - تھِسّلُنیکیوں 5: 16**



آعمال 17: 28

کیونکہ اُسی میں ہم جِیتے اور چلتے پِھرتے اور مَوجُود ہیں۔ جَیسا تُمہارے شاعِروں میں سے بھی بعض نے کہا ہے کہ ہم تو اُس کی نسل بھی ہیں۔

اگر آپ بائبل کو ایک تاریخ کی کتاب کےطورپر لیں، تو آپکو اس میں یقیناً جنگیں اور ہروہ چیزملےگی، جو اس خیال کی تصدیق کرتی ہے۔ جو لوگ اسےمحبت کی کتاب کےطورپرلیتےہیں، انھں اس میں محبت کےحوالےسےکچھ نہ کچھ ضرور ملےگا، لیکن خدا کےکلام میں اس سےآگےبھی کچھ ہے۔ بائبل کہتی ہے، "اُسی میں ہم جِیتےاور چلتے پِھرتے اور مَوجُود ہیں۔" توجہ دیں، بائبل کہتی ہے "اُس میں" نہ کہ "اس کےساتھ"، یعنی آپ مسیح میں ہیں، جیسےآپ اپنےٹھکانےپرہیں۔

مسیح کواپنےٹھکانےکےطورپرجاننا مکاشفہ کی ایک اعلیٰ جہت ہے۔ جب آپ بلڈوزرکےاندرہوتےہیں توکوئی چیز آپکو روک نہیں سکتی۔ آپ ایک ایسی قوت کےاندر ہیں جسکا مقابلہ، بندش نہیں کی جا سکتی! جب آپ مسیح میں ہوتےہیں، آپ مضبوط ترین قوت یا طاقت کےاندرہوتےہیں! کوئی پہاڑ ایسا نہیں جسےہموارنہ کیا جا سکے، کوئی وادی ایسی نہیں جس پہ قبضہ نہ کیا جا سکے۔

جاؤ اور فتح کرو، کیونکہ یسوع مسیح میں کچھ بھی ناممکن نہیں ہے۔ وہ کاروبار، منصوبہ جو ناممکن لگتا ہے، آسان ہوجاتا ہےجب آپ یسوع مسیح میں ہوں! آجکا دن آپ کیلئے بالکل نیا ہے۔ مسیح کو بطور ٹھکانہ، جاننا شروع کریں اور ہر اس دیوار کو پارکریں، جس نےآپکی مزاحمت کی! طاقت دستیاب ہے، اور فضل کافی سےزیادہ ہے!

## نبوتی اقرار

مسیح میرا مقام ہے۔ میں، یسوع مسیح میں جیتا، چلتا پھرتا اور موجود ہوں۔ کوئی چیز مجھے نہیں روکے گی! خوشحالی، اچھی صحت اور کامیابی کے دروازے، یسوع کے نام سے خود ہی کھل جائیں گے!

**مزید مطالعہ**

2 – کُرِنتھِیوں 5: 17



2 - پطرؔس 1: 12
اِس لِئے مَیں تُمہیں یہ باتیں یاد دِلانے کو ہمیشہ مُستعِد رہُوں گا اگرچہ تُم اُن سے واقِف اور اُس حق بات پر قائِم ہو جو تُمہیں حاصِل ہے۔

معلومات وقتاً فوقتاً متحرک رہتی ہیں، جو کچھ گزشتہ دور میں مناسب تھا وہ اس جدید دور، زمانہ میں شاید اتنا مناسب نہ ہو۔ وہ کاریں یا برانڈز، جن کو دیکھ کر ماضی میں منہ میں پانی بھر آتا تھا، آج شاید اتنی پرکشش نہ ہوں۔ یہی اصول روحانی دنیا میں چلتا ہے۔ مکاشفہ جامد نہیں بلکہ انتہائی متحرک، متنوع ہے۔

جب آپ خدا یا خدا کی چیزوں کےپاس آتےہیں، توخود کو خالی کردیں اور خدا کو اس وقت کیلئے آپکو متعلقہ معلومات سے بھرنےکی اجازت دیں۔ ہمارا کلام ہمیں حق بات جوحاصل ہے، پر قائم ہونے کی تاکید کرتے ہوئے ختم ہوتا ہے۔ غورکریں، ایک حق بات جوحاصل ہے (آج کی، موجود سچائی)؛ یعنی ماضی اور مستقبل کی سچائی بھی ہے۔ کچھ مکاشفات بمشکل پرانی سچائیاں ہیں، جن پر کلیسیا ابھی تک چل رہی ہے۔ خدا کومعجزات کرنےوالےکےطورپرجاننا ایک پرانا مکاشفہ ہے۔

ابھی جیساکہ ہم جانتےہیں، اسی میں ہم چلتےپھرتے، جیتےاورموجود ہیں، یعنی ہم معجزے کرنےوالےہیں۔ ہم معجزاتی کارکن ہیں! جب ہم کلام کیلئےجاتےہیں، دعا اور التجا کےذریعےخُدا سےرابطہ کرتےہیں، تو ہمیں آسمان سےتازہ من ملتا ہے! خدا آپکی تقدیر کیلئےموجودہ سچائی، متعلقہ معلومات جاری کرنا شروع کردیگا اورآپ کل کےاخبار سےزیادہ تازہ ترین ہوں گے!

## نبوتی اقرار

میں اس حق بات پر قائم ہوں جو مجھے حاصل ہے اور مسیح میں جیتا، چلتا پھرتا اور موجود ہوں۔ میری تقدیر خدا کے کلام سے چلتی ہے جو کہ نبوت کا زیادہ یقینی کلام ہے! ہیلیلویاہ!

مزید مطالعہ
2 - کُرِنتھِیوں 5: 17



دانی ایل 7: 9
میرے دیکھتے ہُوئے تخت لگائے گئے اور قدِیمُ الایّام بَیٹھ گیا۔ اُس کا لِباس برف سا سفید تھا اور اُس کے سر کے بال خالِص اُون کی مانِند تھے۔ اُس کا تخت آگ کے شُعلہ کی مانِند تھا اور اُس کے پہئے جلتی آگ کی مانِند تھے۔

آپکو پیش آنیوالا ہرمسئلہ خدا کی طاقت کو کمزورکرنےکی کوشش کر رہا ہے۔ کوئی صورتحال ایسی نہیں جو خدا سےبڑی ہو۔ خدا وقت کےشروع ہونےسےپہلےموجود تھا، اور رب کی نظرمیں کوئی چیزنئی نہیں ہے، چاہےمنفی ہو یا مثبت۔ آپکےحالات کتنےہی پیچیدہ یا اونچےہوں، اس سےکوئی فرق نہیں پڑتا، کیونکہ خدا اعلیٰ عہدےپر رہتا ہے۔

دانی ایل نے اسے "قدیم الایام.." کہا، خدا کو قدیم الایام کہنےکا مطلب ہےدن بھی اس کا احترام بحیثیت بزرگ کرتےہیں۔ وہ وقت کےشروع ہونےسےپہلےموجود تھا۔ دن اسے قدیم کہتےہیں۔ جب آپ اُس کی عبادت کرتےہیں، آپ اُس بُت کی پرستش نہیں کرتےجسکا مجسمہ کل بنایا گیا، بلکہ اُس کی جو وقت کےشروع ہونےسےپہلےموجود تھا۔ وہ آپکو اندر، باہرسےجانتا ہے، آپکی صورتحال اس کیلئےکوئی نئی بات نہیں ہے۔ آپکے جسم میں وہ بیماری، آپکےکام کی جگہ، اسکول میں وہ صورتحال، خدا کی قدرت کےمقابلےمیں کچھ بھی نہیں ہے!

آپ ایک عظیم خدا کی عبادت کرتےہیں، جسےہرایا نہیں جا سکتا۔ وہ جو اپنی ذات کےدائرے میں بیٹھا ہے۔ باہرجائیں اور اپنی زندگی کے ہرپہلو میں تبدیلی دیکھیں کیونکہ خُداوند کا ہاتھ آپکی زندگی پر ہے!

## نبوتی اقرار

میرا خدا قدیم الایام ہے، وہ میرے حال سے پہلے موجود تھا۔ میں اس عظیم 'میں ہوں' کی عبادت کرتا ہوں۔ ہر چیز جسکا مجھ سے تعلق ہے، یسوع کے نام سے میری بھلائی کیلئے مل کر کام کر رہی ہے!

مزید مطالعہ
مُکاشفہ 22: 13



پَیدائش 32: 24
اور یعقُوبؔ اکیلا رہ گیا اور پَو پھٹنے کے وقت تک ایک شخص وہاں اُس سے کُشتی لڑتا رہا۔

تقدیر سےیعقوب کا سامنا ایسےوقت میں ہوا جب وہ اکیلا تھا۔ یعقوب کےبچے، نوکر، دوست اور پورا گھرانہ تھا، لیکن اس نےاپنے اگلےدرجےپرگہرائی سےغورکرنےکیلئےاس وقت اکیلا رہنےکا انتخاب کیا۔ جب خُدا آپکو استعمال کرنا چاہےگا، ایسےلمحات آئیں گے، جب آپ خود کو اکیلا پائیں گے!

ہر الٰہی ملاقات کیلئےباقیوں سےالگ تھلگ ہونا ضروری ہوگا۔ مقدس کی صحیح تعریف "الگ تھلگ" یا "علیحدہ" ہے۔ خدا آپکی زندگی میں جو کچھ کرنےوالا ہے، وہ اکیلا اوردوسروں کیلئےناقابل رسائی ہونےکا مطالبہ کریگا۔ جن جگہوں پر آپ جاتےتھے، اب آپ نہیں جائیں گے! جب آپکو خدا کی طرف سےاستعمال کرنےکیلئےتنہا چھوڑ دیا جائیگا، تو آپکےالفاظ اورضابطہ لباس کوتبدیل کر دیا جائیگا۔

جب کسی واضح وجہ کےبغیر، آپکو برطرف کر دیا جائے، جن لوگوں کو آپ دوست سمجھتےتھے، ان کیلئے آپکی غیرمشروط محبت کےباوجود، آپکو چھوڑ دیں، آپ سمجھ جائیں، اب آپ ہادی کےاستعمال کیلئےایک بہترین امیدوارہیں۔ بائبل، یعقوب 1: 2 میں کہتی ہے، “جب تم طرح طرح کی آزمائشوں میں پڑو تو اِس کو کمال خوشی کی بات سمجھنا” کچھ حالات جو آپکی زندگی میں اچانک رونما ہو جاتےہیں، ان کاجشن منانا چاہیے۔ فکر نہ کریں، خدا ابھی تک تخت پرہے؛ آپکا اگلا اعلیٰ درجہ قریب ہے، اور آپ یسوع کےنام سےفاتح ہو نگے۔

## نبوتی اقرار

مجھے عظمت کے لیے بلایا گیا ہے، میں قوموں کو شاگرد بناؤں گا، میری زندگی چمکے گی اور مضبوط ہو گی۔ کوئی بھی صورت حال مجھ پر قابو نہیں پا سکے گی کیونکہ جب میں سات بار گروں گا، میں یسوع کے نام سے سات بار دوبارہ اٹھوں گا، آمین!

مزید مطالعہ
دانی ایل 10: 8



**قُضاۃ 6: 12**
اور خُداوند کا فرِشتہ اُسے دِکھائی دے کر اُس سے کہنے لگا کہ اَے زبردست سُورما! خُداوند تیرے ساتھ ہے۔

جدعون نےغیریقینیت میں جواب دیا، جب خداوند کےفرشتے نے اسےایک "زبردست سورما" کہا۔ درحقیقت، اکثر لوگوں نے پوچھا: اگر خدا مجھے اچھا کہتا ہے، تو پھرمیرے مالی معاملات کیوں خسارے میں ہیں؟ اگرخدا واقعی موجود ہے تو مجھے میرے کام سے کیوں نکالا جا رہا ہے؟ اگر خدا اتنا طاقتور ہے تو میرے حالات ابھی درمیان میں کیوں پھنسے ہوئے ہیں؟

خُداوند کے فرشتے نے جدعون سے ایک کھلیان پر ملاقات کی اور اُسے اپنی حقیقی شناخت بتائی، جب اسرائیل کی پوری قوم بغیر کسی فوجی جرنیل کے مشکل وقت سے گزر رہی تھی۔ اپنی لامحدود حکمت میں، خدا آپکو مختلف طریقے سے دیکھتا ہے۔ آپ کون ہیں، اسکی حقیقت بعض اوقات قدرتی زندگی کی حقیقت سے متصادم ہوتی ہے۔

معلوم اور نامعلوم تمام کہکشاؤں، سیاروں کے نظام کے بارے میں سوچیں۔ کائنات کی وسعت اور اس میں موجود تمام چیزیں آپ کو یہ سمجھنے پر اکسائیں گی کہ اس کی ذات انسانی سمجھ سے بالاتر ہے۔ اس وقت آپ جس چیز سے بھی گزر رہے ہیں، ایک گہری سانس لیں کیونکہ خُدا آپکی صورتِ حال میں ظاہر ہونے اور اظہار کرنے کیلئے تیار ہے، وہ آپکے لیے زمین پرجنت کےتجربے کیساتھ تیار ہے۔ اور آپ یسوع کے قادر نام سے ایک نیا گیت گائیں گے!

## نبوتی اقرار

میں مضبوط ہوں، میں مکمل ہوں، کوئی چیز گمشدہ نہیں ہے، کسی چیز کی کمی نہیں ہے۔ میری زندگی ہمیشہ کے لیے لوگوں کے سامنے چمکے گی تاکہ جنت میں اپنے باپ کی تمجید کروں۔ میں یسوع کے نام سے ایک عجوبہ ہوں۔ آمین!

**مزید مطالعہ**
**لُوقا 1: 11**



**1 سموئیل 10: 11**

اور اَیسا ہُوا کہ جب اُس کے اگلے جان پہچانوں نے یہ دیکھا کہ وہ نبِیوں کے درمِیان نبُوّت کر رہا ہے تو وہ ایک دُوسرے سے کہنے لگے قِیس کے بیٹے کو کیا ہو گیا؟ کیا ساؤُل بھی نبیوں میں شامِل ہے؟

ساؤل اپنے دوستوں، خاندان، رشتے داروں میں ایک عام آدمی کےطورپرجانا جاتا تھا۔ اپنی نبوت سے پہلے، ساؤل نےکبھی ایسا شخص ہونےکا تصورنہیں کیا تھا جو نبوت کریگا۔ بہت سےلوگ پوچھیں گے، ساؤل کو کیا ہوا؟ اس نےنبوت کرنا کہاں سےسیکھا؟ اسےکس نےسکھایا، یا نبوت کا تحفہ اسےدیا گیا؟ غور کریں، ساؤل نبیوں میں سےتھا۔ وہ انکےدرمیان تھا اور نبوت سےجڑا ہوا تھا۔

کبھی کبھی آپ نبوت کیساتھ جڑ جاتےہیں۔ آپ خود کو نبوت کیساتھ منسلک مکاشفہ میں ڈبو دیتےہیں، جیسا کہ اسپرٹ ایمبیسی، گڈ نیوز چرچ، اور تبدیلی اندر سےشروع ہوجاتی ہے۔ خدا کا کلام آپکی زندگی کو کلی طور پر بدلنے اور آپکو زمین پرجنت کا تجربہ دینےکی طاقت رکھتا ہے؛ کلام کو مسلسل پڑھ کر، اس پردھیان کرتےہوئے، اسکی روزانہ خوراک لیں۔

آپکو اسے اپنےوجود کا حصہ بنانےکی ضرورت ہے۔ جب آپ خُدا کیساتھ، اُس کےکلام کےذریعے جڑے ہوتےہیں، تو آپ ایک معجزے کیلئےتیار ہوتےہیں۔ کلام کا مطالعہ کرنے کیلئےساتھی مسیحیوں کیساتھ رابطہ کریں، اور جیسے ہی یہ آپ کے دل و دماغ میں جڑ پکڑتا ہے، آپ دنیا کو مختلف انداز میں دیکھنا شروع کر دیں گے۔

## نبوتی اقرار

میں الٰہی رابطوں میں چلتا ہوں۔ میں خدا کے کلام سے جڑا ہوا ہوں؛ میری روح بھری ہوئی ہے اور میری زندگی خدا کے جلال سے چمکتی ہے، کیونکہ میں یسوع کے نام سے، خدا کے زندہ کلام سے جڑا رہتا ہوں، میری زندگی زمین پرجنت بن جاتی ہے۔ آمین!

**مزید مطالعہ**
متّی 13: 54



**1 تھِسّلُنیکیوں 5: 11**
پس تُم ایک دُوسرے کو تسلّی دو اور ایک دُوسرے کی ترقّی کا باعِث بنو۔ چُنانچہ تُم اَیسا کرتے بھی ہو۔

کئی بار، عوامی چکاچوند اور کیمرے کی روشنی میں، جیتنے والا خوشی سے ٹرافی اٹھانےکیساتھ، تعریفیں، انعامات، تحائف اور خطابات بھی جیتتا ہے۔ مناظر شاندار اور پرجوش ہوسکتے ہیں، اور ماحول برقی ہوسکتا ہے! جیتنے والا، میلے، تعریف کےباوجود، مسلسل ایک چیز یا ایک شخص کو یاد کرتا ہے؛ یہ حوصلہ افزائی کرنیوالا ہے۔.

آپکی زندگی میں وہ واحد شخص، جسکی استقامت، عزم نےآپکو اضافی میل طےکرنےکیلئےمتحرک کیا؛ آپکو، آپکی خداداد صلاحیت تک پہنچنے کیلئے تیارکیا۔ حوصلہ افزائی کرنیوالےکو تحائف، انعامات نہیں ملتے، لیکن جیتنے والا جانتا ہے، اسکے بغیر کامیابی ناممکن ہے۔ پولس تھسلنیکیوں کے نام اپنے خط میں اس بات پر زور دے رہا تھا کہ وہ ان سے کیا کرنے کی توقع رکھتا ہے۔

آپ کہہ سکتے ہیں، میں منادی کرنیوالا، رسول، نبی نہیں، لیکن آپ مسیحی ہیں! آپ سب سے پہلے ہیں جنہیں ایک غیر مسیحی نے دیکھا ہے۔ ہوسکتا ہے، آپ اس مقام پر نہ ہوں، لیکن آپکی تسلی، حوصلہ افزائی کے الفاظ کسی کی زندگی میں فرق ڈالیں گے۔ عمیق زندگی میں، ایک دوسرے سے محبت کا اظہار کرنا، ناپسندیدہ لوگوں سے محبت کرنا، اور ایک دوسرے کو بلندیوں تک پہنچنے کی ترغیب دینا شامل ہے۔

## نبوتی اقرار

میری زندگی کامیابی کی زندگی ہے۔ میں حوصلہ شکنی پر توجہ نہیں دونگا، اور نہ ہی میں حوصلہ شکنی کرنیوالا بنوں گا، نہیں، یہ میرا حصہ نہیں ہوگا۔ میں دوسروں کی راہنمائی اور تعمیر کرنے کے لیے تیار ہوں۔ میں جہاں بھی جاؤں، میری زندگی ہمیشہ اچھی خبروں کو راغب کریگی۔ آمین!

**مزید مطالعہ**
اِفسیوں 4: 29



آعمال 12: 7
کہ دیکھو خُداوند کا ایک فِرشتہ آ کھڑا ہُوا اور اُس کوٹھری میں نُور چمک گیا اور اُس نے پطرس کی پسلی پر ہاتھ مار کر اُسے جگایا اور کہا کہ جلد اُٹھ! اور زنجِیریں اُس کے ہاتھوں میں سے کُھل پڑِیں۔

میں لوگوں سےکہتا ہوں، شیطان آپکی روشنی سےڈرتا ہے، آپکےمسح سےنہیں! اسکو سمجھنےمیں مسیحیوں کو کافی وقت لگےگا۔ آپ میں طاقت، آپ میں روشنی کی مقدار کیوجہ سےہے، اور اس روشنی کا ہونا روح کےجہان میں آپکا درجہ بلند کرتا ہے۔ وہ فرشتہ جو پطرس کو آزاد کرنےآیا تھا، وہ روشنی لیکر آیا تھا، اور یہ روشنی، پیٹر کو قید میں بند کرنیوالی زنجیرکو توڑنےکی صلاحیت رکھتی تھی۔

روشنی پیدا کرنےکیلئے، آپ میں روشنی کی ضرورت ہوگی۔ اگر آپکےاندر روشنی نہیں ہے، تو خارج کرنےکیلئے کچھ نہیں ہوگا. زبور 119: 130 " تیری باتوں کی تشرِیح نُور بخشتی ہے۔ وہ سادہ دِلوں کو عقل مند بناتی ہے۔" اس کلام کےذریعے ہم جانتےہیں، روشنی خُدا کےکلام سےحاصل کی جاتی ہے، ہیلیلویاہ!

آپ میں خُدا کا کلام جتنا زیادہ ہوگا، آپ اُتنی ہی زیادہ روشنی انڈیلیں گے۔ چونکہ روشنی بالآخر اندھیرے کو منتشرکرتی ہے، غربت، بیماری، افلاس، قید کی زنجیروں کو توڑنے کےقابل ہوتی ہے، اس لیے اسکا حل یہ ہے، خدا کے کلام کو زیادہ سے زیادہ اپنےاندر رکھ کرمزید روشنی کو جذب کیا جائے۔

## نبوتی اقرار

میں خدا کے کلام کے ساتھ چلنے پھرنے، جینے اور سانس لینے والی قسم ہوں۔ میں روشنی کا پیدا کرنے والا ہوں؛ لہذا، شیطان کا مجھ پر کچھ اختیار نہیں ہے. میں روشنی کے ساتھ چلتا پھرتا ہوں جو مجھ پر دشمن کے کنٹرول کو ختم کرتا ہے۔ آمین!

مزید مطالعہ
لُوقا 2: 9



لُوقا 5: 4
جب کلام کر چُکا تو شمعُوؔن سے کہا گہرے میں لے چل اور تُم شِکار کے لِئے اپنے جال ڈالو۔

ہمیں خدا کےفضل سے، بحیثیت ایک کلیسیا، مرحلہ عمیق زندگی میں داخل ہوئےسات مہینےہوچکےہیں۔ جب روح کی چیزوں کی بات آتی ہے، سات عام طورپر 'کمال' کی عکاسی کرتا ہے۔ عمیق زندگی کا، مزید گہری دعائیہ زندگی، خُدا کی چیزوں سے متعلق مزید گہری پرعزم زندگی کا احاطہ کرتےہوئےآغاز کیا۔

عمیق زندگی کیلئےخدا کےکلام کی مزید گہرائی میں جانےکی ضرورت ہے۔ عمیق زندگی ہمیں ایسےکامل مرد، عورت بننے کیلئے تیارکرنے کیلئے بنائی گئی ہے، جیسےخُدا بنانا چاہتا ہے، کیونکہ باپ کامل ہے۔ عمیق زندگی، بائبل کو واحد کتابچےکے طور پر لیتی ہے، جو آپکو وہ بننےکیلئے بہتر طورپر تیارکرتی ہے، جو خدا آپکو بنانا چاہتا ہے۔ خدا کیساتھ مزید گہرائی میں جانےکا ایک فائدہ یہ ہےکہ ہم زیادہ پھل لائیں‌گے۔

جب آپ سمجھتےہیں، گہری زندگی فائدہ مند ہےتو روحانی زندگی کےبارے میں آپکا نقطہ نظر ایک مختلف انداز اختیارکرتا ہے۔ ہم مردوں کے ماہی گیرہیں نہ کہ مردوں کو پکڑنےوالے، اگر ہم یسوع کیلئےمزید روحیں جیتنا چاہتےہیں تو ہمیں خُدا کی چیزوں میں مزید گہرائی اورگہرائی میں جانےکی ضرورت ہے۔ عمیق زندگی میں جانا، سطحی مسیحیت سےگریز کرنا، خدا کے کلام اور روح کی چیزوں سےمضبوطی سےجڑ جانا ہے۔

## نبوتی اقرار

میں پہلے ہی مرحلہ عمیق زندگی میں ہوں، میرے پاس کوئی ریورس گیئر نہیں ہے، میں واپس نہیں جا سکتا، لیکن خدا کی چیزوں کی مزید گہرائی میں جا سکتا ہوں۔ میں بشارت جاری رکھوں گا، مزید روحیں جیتتا رہوں گا، اس بات کو یقینی بنا کر کہ جنت بھری ہوئی ہے اور جہنم خالی ہے!

مزید مطالعہ
یُوحنّا 21: 6



خرُوج 17: 12

اور جب مُوسیٰؔ کے ہاتھ بھر گئے تو اُنھوں نے ایک پتّھر لے کر مُوسیٰؔ کے نِیچے رکھ دِیا اور وہ اُس پر بَیٹھ گیا اور ہارُونؔ اور حورؔ ایک اِدھر سے دُوسرا اُدھر سے اُس کے ہاتھوں کو سنبھالے رہے۔ تب اُس کے ہاتھ آفتاب کے غرُوب ہونے تک مضبُوطی سے اُٹھے رہے۔

موسیٰ اپنی مرضی سے ہاتھ اٹھا رہے تھے اور بنی اسرائیل اور ان کے دشمنوں کے درمیان لڑی جانے والی جنگ اب ان کے حق میں تھی۔ جس لمحے موسیٰ کے ہاتھ نیچے گئے، دشمنوں کا ہاتھ اوپر ہوگیا۔

یہ سمجھنے کے لیے اہم ہے کہ کچھ گہرا ہو رہا تھا۔ موسیٰ کے اٹھائے ہوئے ہاتھوں، جسمانی عمل اور میدان جنگ میں بنی اسرائیل کی فتح کے درمیان ایک واضح تعلق تھا۔ ہاتھ اٹھانے اور فتح دلانے کا یہ آسان عمل یہ ظاہر کرتا ہے کہ ایک دوسری سطح پر معجزے کا مظاہرہ دیکھنے کیلئے ہماری شرکت ضروری ہے۔

میں ہمیشہ لوگوں سے کہتا ہوں کہ دعا کو امکانی یا معمولی نہ سمجھیں کیونکہ جب آپ دعا کرتے ہیں تو آپ کیلئے تفویض کردہ فرشتے برقرار رہتے ہیں۔ آپ کی دعا ایسی ہے جیسے موسیٰ نے میدان جنگ میں بنی اسرائیل کو فتح دلانے کیلئے ہاتھ اٹھائے۔ جیسے ہی آپ دعا کرتے ہیں، آپکی طرف سے لڑنے والے فرشتے شیطانی قوتوں اور سلطنتوں پر بالادستی حاصل کرتے ہیں۔

## نبوتی اقرار

میں کبھی بھی ہتھیار نہیں پھینکوں گا، میری زندگی خُداوند کے گرز کے طور پر کام کرے گی، میں فرشتوں کو دعا میں اپنے لیے تفویض پر برقرار رکھوں گا، اور یسوع کے قادر نام سے، آرام پسند نہیں ہوں گا۔ آمین!

مزید مطالعہ

اِفسیوں 6: 18


BeBe Angel
CORE 100
BeBe Angel
CORE 100 IS AN EXCLUSIVE MEMBERSHIP PROGRAM BY PROPHETESS BEBE ANGEL FOR LADIES FROM ALL WALKS OF LIFE WHO HAVE ONE THING IN COMMON – A DESIRE TO GROW IN THEIR KNOWLEDGE OF JESUS!
TO JOIN CORE100 VISIT
WWW.BEVERLYANGEL.ORG



زبُور 91: 1
جو حق تعالیٰ کے پردہ میں رہتا ہے۔ وہ قادرِ مُطلق کے سایہ میں سکُونت کرے گا۔

زیادہ ترممالک میں ایمرجنسی نمبرموجود ہیں، جن پر ان ممالک میں رہنےوالےخطرہ ہونےپر رابطہ کرتےہیں۔ جب ان نمبروں پرکال کی جاتی ہے، ایک ڈسپیچر، ریسکیو ٹیم کوخطرے سےآگاہ کرتا ہے، اور ریسکیو ٹیم کو فوراً بھیج دیا جاتا ہے۔ قابل توجہ بات یہ ہے، جب یہ ایمرجنسی نمبرزغلطی سےڈائل کر دیےجاتےہیں، تب بھی ریسکیورزکو اس پتےپربھیجا جائیگا، اس بات کو یقینی بنایا جا سکے، کال کرنیوالےکو واقعی کوئی خطرہ نہ ہو۔

اسی طرح، خدا نےہمیں ہنگامی نمبردیئےہیں، خطرے کا سامنا ہونےپر فوراً ڈائل کریں۔ ہمارا آجکا کلام ان نمبروں میں سے ایک ہے۔ مزید برآں، یرمیاہ 33: 3 کہتا ہے: "کہ مُجھے پُکار اور مَیں تُجھے جواب دُوں گا اور بڑی بڑی اور گہری باتیں جِن کو تُو نہیں جانتا تُجھ پر ظاہِر کرُوں گا۔"

ایسی صورت حال میں جہاں آپکو بےدخلی کا خط ایک جھٹکے کیطرح ملتا ہے، اچانک ایک معذوری والی، گھمبیر بیماری کی تشخیص ہوجاتی ہے، کام کی جگہ پر برطرفیاں بڑھ رہی ہوں، تو یہ غیرزبانوں میں پکارنے اور ہنگامی نمبرز ڈائل کرنےکا بہترین وقت ہے۔ جب آپ زبور 911، یرمیاہ 333 ڈائل کریں گے، ہمارا قابلِ اعتماد خُدا آپکو آنیوالے خطرےسے بچانےکیلئےفرشتوں کو بھیجےگا۔ جیسےآپ خُدا کےکلام پرقائم ہیں، ابھی کال کریں اوریسوع کےنام سے، فوری مدد کی آمد دیکھیں!

## نبوتی اقرار

میں خدا کی واچ لسٹ میں، مسلسل آسمانی نگرانی میں ہوں، میں اکیلا نہیں ہوں، فرشتے میری رہائش گاہ کو 7/24 گھیرے ہوئے ہیں، اس لیے میرے خلاف بننے والا کوئی بھی ہتھیار کامیاب نہیں ہوگا۔ میں یسوع کے نام سے فاتح ہوں۔

**مزید مطالعہ**
زبُور 32: 7



**عِبرانیوں 6: 20**
جہاں یِسُوعؔ ہمیشہ کے لِئے مَلکِ صِدؔق کے طَور پر سردار کاہِن بن کر ہماری خاطِر پیش رَو کے طَور پر داخِل ہُؤا ہے۔

مَلکِ صِدؔق میں "ملک" کا مطلب، اقتدار یاحکومت کرنا اور "صدق"، راست (کاہن) یا راستبازی ہے۔ پرانےعہد نامےمیں مذکور مَلکِ صِدؔق ایک بادشاہ اورایک کاہن ہے (پیدائش 14: 18-20)، یعنی اسکےپاس دوعہدےہیں۔ عجیب بات، مَلکِ صِدؔق کا کوئی حسب نسب نہیں جسکی بات کی جاسکے، جیسےوہ ایسےہی کہیں سےظاہرہوجاتا ہے۔

کلام سےمجھے اپنے یسوع کے بارےمیں جو چیز پسند ہے، وہ یہ ہے، وہ پہلےہی ہمارے لئےداخل ہوچکا ہے، وہ ہمارا سردار کاہن بن گیا ہے۔ یسوع ہمارے بادشاہ بھی ہیں۔ بطورمسیحی، ہمیں مَلکِ صِدؔق کےدور کےبعد یسوع کےبطورکاہن اوربادشاہ، دوہری کردارکوسمجھنا چاہیے۔ مسیح میں آپکی حیثیت دوہرے فرائض رکھتی ہے۔ ایک بطورکاہن، عدالت میں ایک وکیل کیطرح التجا کرتا ہے، اوریسوع میں آپکی بادشاہی کیوجہ سے،ایک جج۔

جب دعا کی بات آتی ہے، آپ خدا کےکلام پرکھڑے ہوکر التجا کرتےہوئےآغازکرتےہیں، جیسے ہی آپ اپنی دعا ختم کرتے ہیں، چیزوں کا فرمان واعلان کرنا شروع کرتے ہیں کیونکہ آپکے اندرکا بادشاہ بااختیار ہےاور حالات پر حکمرانی کرتا ہے، حالات کے تحت نہیں۔ اس پورے سال کےدوران، اپنی زندگی کےمعمول کےطورپر زمین پرجنت کا فرمان و اعلان کریں۔ یسوع کا نام آپکا جنگی ہتھیار ہے، اورخدا کا کلام دشمن کےہرحملےکو ختم کرنےکیلئےآپکا حتمی توپ خانہ ہے۔

## نبوتی اقرار

میں ایک کاہن اور بادشاہ ہوں۔ میں خدائی اختیار کی پوری زمہ داری اٹھاتا ہوں۔ جب میں بولتا ہوں تو صورتحال جھکنے کی پابند ہوتی ہیں، جب میں فرمان اور اعلان کرتا ہوں تو حالات ختم ہوجاتےہیں۔ میری زندگی ہمیشہ یسوع کے نام سے، مجھ میں خدا کی الٰہی فطرت کو پیش کریگی۔

**مزید مطالعہ**
**زبُور 110: 4**



2 - کُرِنتھِیوں 4: 13

اور چُونکہ ہم میں وُہی اِیمان کی رُوح ہے جِس کی بابت لِکھا ہے کہ مَیں اِیمان لایا اور اِسی لِئے بولا۔ پس ہم بھی اِیمان لائے اور اِسی لِئے بولتے ہیں۔

کئی بار، میں نےکہا ہے، خاموش مسیحی خاموشی سےمرجاتےہیں کیونکہ وہ بولنےسےانکارکرتےہیں۔ یہ ان چیزوں کا اپنے اور اپنےجسم کو اعلان کرنےکاوقت ہے۔ چپ یا خاموش رہنےکا مزید وقت نہیں ہے۔ چاہے آپکو صحت سےمتعلق مسائل ہوں یا نہ ہوں، یہ الفاظ، دل سے، میرےساتھ کہیں۔ کہیے، 'میں مسیح میں مکمل ہوں! میری روح، جان اورجسم میں کسی چیز کی کمی نہیں ہے!'

آپکو اپنے فہم اور وجود کا حصہ بنانےکیلئےاسکا اعادہ کرنا ہوگا۔ ہچکچائیں نہیں، مسلسل بولیں، جو آپکےخیال میں آپکے کاروبار، شادی، خاندان، مالیات، صحت میں ہونا چاہئےاوردیکھیےگا، آپکی زندگی میں وہی چیز واقع ہوگی۔ دوبارہ، آج اور ہر روز اپنی زندگی، اپنے خاندان پر اسکا اعلان کریں۔ اونچی آواز میں یہ کہیں: میرے اعضاء یسوع کےنام سے معمول کےمطابق کام کر رہے ہیں!

معمول کےمطابق، میرا دل دھڑک رہا ہے، میرے پھیپھڑے ہوا لے رہے ہیں، میری آنکھیں دیکھ رہی ہیں، یسوع کے نام سے! میرے گردے بالکل ٹھیک کام کر رہے ہیں۔ میرے پٹھے اور ٹشوز بالکل ٹھیک حالت میں ہیں! میرے کاروبار عروج پر ہیں، میری مالیات یسوع کے نام سے بڑھ رہی ہے! میری زندگی زمین پرجنت کےسوا کچھ نہیں! روزانہ بولیں اور شیطان کو بھاگنےپرمجبورکردیں۔ یسوع کے قادر نام سے، آپکو فتح یاب ہونے سے روکانہیں جا سکتا! آمین!

## نبوتی اقرار

میرا جسم خدا کے کلام کا جواب دیتا ہے نہ کہ بیماری کا! میرے اندر اور اوپر خدا کی مہر ہے، کیونکہ میں اُس کی تیار کردہ پیداوار ہوں۔ خدا کوجلال پہنچے!

**مزید مطالعہ**

2 - کُرِنتھِیوں 3: 12



2 - پطرؔس 1: 3
کیونکہ اُس کی اِلٰہی قُدرت نے وہ سب چِیزیں جو زِندگی اور دِین داری سے مُتعلِّق ہیں ہمیں اُس کی پہچان کے وسِیلہ سے عِنایت کِیں جِس نے ہم کو اپنے خاص جلال اور نیکی کے ذرِیعہ سے بُلایا۔

غربت وسائل یا پیسے کی کمی نہیں ہے۔ یہ تخیل کی عدم موجودگی ہے۔ لوگ اکثرمجھ سےپوچھتےہیں، "جب میرےپاس کاروبارشروع کرنےکیلئےپیسےنہیں ہیں تو میں امیرکیسےبنوں؟" میراجواب ہے، اگر آپکوکاروبارشروع کرنےکیلئے پیسہ چاہیےتو آپ کاروباری شخص نہیں ہیں۔ آپکوجوچیزچاہیے، وہ ہے، دانشورانہ سرمایہ - ایک نظریہ۔ ہر کامیاب کاروباری شخص نےایک نظریےکیساتھ آغازکیا۔

آپکو ایک عام شخص سےبھی زیادہ فائدہ حاصل ہےکیونکہ خدا کی مہربانی ایک مسیحی کوہردوسرے کاروباری شخص سے ممتازکرتی ہے۔ ایک اوراہم وسیلہ ہے، جسےاکثر نظراندازکردیا جاتا ہے، جب خوشحالی کی بات آتی ہے، اور وہ ہےنبی کی موجودگی۔ ایک نبی اپنےاندرخوشحالی کا ماحول لیکرچلتا ہے۔ خدا نےاپنےنبیوں کوخوشحالی کا وسیلہ سونپا ہے۔

کچھ مسیحیوں کےپاس نبی نہیں ہےیا انکےپاس بھیجےگئےنبی کی شناخت نہیں ہے۔ دوسروں نےاپنےنبی کو پہچان لیا ہے، لیکن وہ ان پر ایمان لانےسےانکاری ہیں، یہ نہیں سمجھتے، خدا کےنبی کو ماننا ہی انکی فلاح کا تقاضا ہے۔ وقت بہت کم ہے، اس لیےخدا نےجو وسائل آپکو دیے ہیں، انکو اب ترقی کیلئےاستعمال کریں۔ اس کےنبی کی باتوں پریقین کریں اور آج ہی انکے دیےگئےکاروباری نظریے کیساتھ آگےبڑھیں!

## نبوتی اقرار

میں خوشحال ہونے کا اختیار رکھتا ہوں۔ خُداوند کا فضل مجھے زرخیز اور نتیجہ خیز بناتا ہے، اور میں جس بھی کام میں ہاتھ ڈالتا ہوں وہ پھلتا پھولتا ہے۔ کلام میرے لیے کام کر رہا ہے، اور میں یسوع کے قادر نام سے، کبھی بھی محروم نہیں ہو سکتا!

**مزید مطالعہ**
2 - تواریخ 20: 20



امثال 25: 2
خُدا کا جلال رازداری میں ہے لیکن بادشاہوں کا جلال مُعاملات کی تفتِیش میں۔

خدا چیزوں کوچھپانےمیں خوش ہوتا ہے۔ اس کا ارادہ وہ چیزیں آپ سےدور رکھنا نہیں، بلکہ آپکو وہ سب کچھ، دریافت کرنےکی خوشی کا تجربہ کروانا ہے، جو اس نےآپ کیلئےفراہم کیا ہے۔ اس نےیہ سب کچھ اپنےکلام میں چھپا کرآسان کردیا ہے۔ بائبل باطنی علم پرمشتمل ہے: خدا کےاسرارجو بےدینوں سےپوشیدہ رکھےگئے، اس کےفرزندوں کو فراخدلی سےدیئے گئےہیں۔ آپکو جس چیزکی ضرورت ہےوہ کلام میں لپیٹ دی گئی ہے۔ آپکو صرف وہ کلام تلاش کرنا ہےجسکی آپکو ضرورت ہے!

یہ صرف سچائی نہیں، بلکہ وہ سچائی ہے، جو آپ جانتےہیں، جو آپکوصحت، مالیات، رشتے، روح، ہر اس شعبےمیں، جس میں رہائی یا نجات کی ضرورت ہوتی ہے، آزاد بناتی ہے۔ بےشعورمسیحی صرف اس علم تک محدود ہوتےہیں جو انہیں کلام کی تعلیم، منادی کرنیوالوں کےزریعےدیاجاتا ہے، لیکن باشعور مسیحی یہ سمجھتا ہےکہ خدا کا منصوبہ آپ کیلئے یہ ہےکہ آپ خود "ایک معاملےکی چھان بین" کےزریعے، جو کچھ آپکو سکھایا گیا ہےاسکی تکمیل کریں۔۔

بادشاہ یہی کرتےہیں۔ لہذا، جب آپکو کسی خاص موضوع، حالات، یا مسئلہ جسےآپ حل کرناچاہتےہیں، پر سچائی کی ضرورت ہو، تو اسے کلام میں تلاش کریں۔ روح القدس اسکاخیال رکھےگا، آپکو وہ مل جائےجسکی آپکوضرورت ہے، اور آپ کبھی مایوس نہیں ہوں‌گے۔ خوش ہو جائیں! کلام کام کرتا ہے!

## نبوتی اقرار

کلام مجھ میں مسیح کےکردار کو تشکیل دے رہا ہے۔ میں ایک کلام کا ماہر ہوں، خدا کیطرف سےمیرے لیے فراہم کردہ ہر اچھی چیز کےفائدے اٹھا رہا ہوں۔ میں فرمان و اعلان کرتا ہوں، میری زندگی خوشیوں، فراوانی، دولت، عزت، جلال سے بھری ہوئی ہے!

**مزید مطالعہ**
2 - تِیمُتھِیُس 2: 15



2 – کُرِنتھِیوں 5: 20
پس ہم مسِیح کے ایلچی ہیں۔ گویا ہمارے وسِیلہ سے خُدا اِلتماس کرتا ہے۔ ہم مسِیح کی طرف سے مِنّت کرتے ہیں کہ خُدا سے میل مِلاپ کر لو۔

یہ جاننا ضروری ہے، آپ کون ہیں۔ بائبل کہتی ہے، آپ مسیح کےسفیر ہیں، اورسفیر زندگی بھرکا درجہ ہے۔ بطورسفیر، آپ خدا کی حکومت کےرہائشی نمائندہ ہیں، جسےکائنات کےحاکم نےایک خصوصی سفارتی ذمہ داری کیلئےمقررکیا ہے۔ آپ مفاہمت کےوزیرہیں جنہیں آپکے وطن، صیون، کے امن، خوشحالی، تحفظ اور اقتدارکی نمائندگی کیلئے بھیجا گیا ہے۔ بنیادی طورپر، آپکو زمین پرجنت کا مظاہرہ کرنےکیلئےبھیجا گیا ہے۔

بطور سفیر، آپ اس دنیا کی معیشت کےتابع نہیں ہیں۔ آپکو آپکےآبائی ملک سے بڑے پیمانے پرمہیا کیا جاتا ہے۔ یہاں سفیر ہونےکےبارے میں ایک اور دلچسپ حقیقت ہے۔ جس گھر میں سفیر رہتا ہےوہ سفارت خانہ نہیں، ایک محافظ خانہ ہے. یہ صرف سفیر کی موجودگی میں ایک سفارت خانہ ہے۔ یعنی آپکا جسم، اور یہ دنیا بھی، آپکا سفارت خانہ ہے۔

آپکو کسی اورطرح سےزندگی گزارتےنہیں پایا جا سکتا کیونکہ آپ اس کی نمائندگی کرتےہیں جو اعلیٰ ترین حکمرانی کرتا ہے، خداوند یسوع مسیح! واحد طرزِ زندگی جو آپ کیلئےموزوں ہےوہ ہےزمین پرجنت کا طرزِ زندگی۔ بطورسفیر، آپکو غیر ملکی علاقےمیں رہتےہوئےاپنےملک کا جھنڈا بلند کرنےکی اجازت ہے۔ آپ اس تمام قوم کی نمائندگی کرتےہیں جن کیلئے آپ کھڑےہیں۔ جب تک آپ یہاں ہیں، آپ اپنےآس پاس کی ہرچیزکی اقدارکومتاثرکرتےہیں۔

## نبوتی اقرار

میں جانتا ہوں، میں کون ہوں۔ میں اس دنیا کا نہیں ہوں۔ میں اس زمین پر خدا کا نمائندہ ہوں۔ مجھے اس دنیا کےنظام، علامات، بیماریوں سےسفارتی استثنیٰ حاصل ہے۔ زمین میرا سفارت خانہ ہےاور میں جہاں بھی جاتا ہوں اسےجنت کے ماحول سےمنسلک کرتا ہوں۔

مزید مطالعہ
2 – کُرِنتھِیوں 5: 18



رُومِیوں 12: 2
اور اِس جہان کے ہم شکل نہ بنو بلکہ عقل نئی ہو جانے سے اپنی صُورت بدلتے جاؤ تاکہ خُدا کی نیک اور پسندِیدہ اور کامِل مرضی تجربہ سے معلُوم کرتے رہو۔

بہت عرصے سے کلیسیا اس دنیاوی نظام سےمتاثر رہا ہے۔ اب مسیحیوں میں طلاق کی شرح بےدینوں سےزیادہ ہے۔ منادی کرنیوالوں نے حساسیت میں سچائی کو چھوڑ دیا ہے۔ دنیا ایک ٹوکری میں جہنم کی طرف جا رہی ہے، اور کچھ منادی کرنیوالوں نے ٹوکری کو بُننے میں مدد کی ہے، لیکن ہم جنھوں نے عمیق زندگی کو سبسکرائب کیا ہے، دنیاوی اقدارکو منسوخ کردیا ہے۔

اٹھائےجانےکیطرف لیجانےوالےان آخری دنوں میں، حقیقی کلیسیا اور دنیا کےدرمیان تقسیم کی لکیر بالکل واضح ہوتی جا رہی ہے۔ حقیقی مسیحیوں کیلئے یہ وقت ہے، وہ ہماری راستبازی میں کھڑےہوں اورسمجھوتہ کرنےسےانکار کریں۔ دنیا کا مقررہ منشور گناہ، لاقانونیت ہے، جہاں "شمولیت" کے نام پرکچھ بھی ہوتا ہے۔ دنیا کا مقررہ منشور یہ ہے، بیماری، وبا کو روزمرہ کی زندگی کا ایک عام حصہ سمجھ لیا جائے۔

دنیا کا مقررہ منشور کم از کم اجرت، تنگدستی میں جینا ہے۔ ہمیں اس مقررہ منشور سے انحراف کرنا چاہیے اور اپنے کانوں کو خدا کے کلام کی طرف مائل کرنا چاہیے۔ اپنا مؤقف خدا کیطرف مضبوط رکھیں، اور کبھی بھی ہتھیار نہ ڈالیں! اس زمین پر جنت کے سال میں، خدا کے کلام کو اپنی صحت، مالیات، رشتوں، زندگی کا معیار بنائیں۔

## نبوتی اقرار

میں دنیا کے معیار پر جھکنے سے انکار کرتا ہوں۔ میں فرمان و اعلان کرتا ہوں؛ میرا دماغ اور کردار مسیح کا ہے۔ میرے قدم اُس کے کلام کی بنیاد پر مضبوطی سے لگائے گئے ہیں، اور میں یسوع کے قادر نام سے، نہیں ہلوں گا!

**مزید مطالعہ**
رُومِیوں 12: 2-1



دانی ایل 11: 32
اور وہ عہدِ مُقدّس کے خِلاف شرارت کرنے والوں کو خُوشامد کر کے برگشتہ کرے گا لیکن اپنے خُدا کو پہچاننے والے تقوِیت پا کر کُچھ کر دِکھائیں گے۔

میں ایمان لانےوالا نہیں ہوں۔ میں نے ایمان لانا بہت پہلےچھوڑ دیا۔ میں خدا کو پہچانتا ہوں! ایک مسیحی ایمان لانےوالانہیں ہوتا ہے۔ بائبل بتاتی ہے، ایمان لانیوالوں کو ایک خاص قوت دی گئی ہے - مسیحیوں کونہیں۔ یہ خدا کےفرزند بننےکی قوت ہے۔ یعنی ایمان لانےوالا وہ ہےجو ابھی تک خدا کا فرزند نہیں بنا۔ کلام بتاتا ہے، یہ وہ ہیں جو اپنےخدا کو پہچانتےہیں جو تقویت پاکرکچھ کر دکھائیں گے۔

آپکو خدا کےبارےاورخدا کو آپکےبارےمیں ایک تجرباتی علم ہوناضروری ہے۔ ابرہام کواسکا احساس اس وقت ہوا جب وہ اپنےبیٹےکو قربان کرنےکیلئےایمان کیساتھ آگےبڑھا۔ تب خدا نےکہا، اب میں جانتا ہوں، تم مجھ سےڈرتے ہو! خدا کو پہچاننےکا واحد طریقہ اس کےکلام کےذریعےہے۔ بائبل کہتی ہےکہ اُس زِندگی کے کلام کی بابت جو اِبتدا سے تھا اور جِسے ہم نے سُنا اور اپنی آنکھوں سے دیکھا بلکہ غَور سے دیکھا اور اپنے ہاتھوں سے چُھوُا۔ (1 - یوحنا 1: 1)۔

کلام کےبارےمیں آپکا علم آپکےکاموں سےظاہرہوتا ہے: ایمان کےوہ قدم جو آپ کلام کی بنیاد پر اٹھاتےہیں، اس لیے ایمان لانےسےانکارکریں۔ آپ اس سےبڑےہیں! آپ حقیقت میں اُسے پہچان سکتےہیں۔ خُدا کےکلام پر ایمان کوعمل میں لاکراس کےساتھ اپنےتجربات کوفروغ دیں، اور آپ کچھ کر دکھائیں گے۔

## نبوتی اقرار

میں نڈر ہوں! مجھے کسی چیز کا خوف نہیں کیونکہ میں اپنے خدا کو جانتا ہوں! ہر روز، میں بے مثال فتوحات کا تجربہ کرتا ہوں۔ میں ہر امتحان کو امتحان میں ڈالتا ہوں، کیونکہ خدا میرے ساتھ ہے! ہیلیلویاہ!

مزید مطالعہ
یُوحنّا 1: 12



1 - یُوحنّا 5: 14-15
اور ہمیں جو اُس کے سامنے دِلیری ہے اُس کا سبب یہ ہے کہ اگر اُس کی مرضی کے مُوافِق کُچھ مانگتے ہیں تو وہ ہماری سُنتا ہے۔ اور جب ہم جانتے ہیں کہ جو کُچھ ہم مانگتے ہیں وہ ہماری سُنتا ہے تو یہ بھی جانتے ہیں کہ جو کُچھ ہم نے اُس سے مانگا ہے وہ پایا ہے۔

ایمان تکنیکی ہے، جب آپ سمجھ لیں، یہ کام کیسےکرتا ہے، آپ اس میں ترقی کرسکتےہیں ۔ آپکو ملکیت رکھنے، ذخائرجمع کرنےکا فضل حاصل ہے، لیکن ایک مساوات ہےجس پر، آپکو اپنےایمان کو استعمال میں لانےاوراپنی خواہش کوحاصل کرنےکیلئے، لازمی عمل کرناہوگا۔ خدا نےآپکوکلام میں ایک ضمانت دی ہے، جوکچھ بھی آپ مانگتےہیں اسے حاصل کرنےکا ایک طریقہ، اور یہ اصول ہے: اگرجوکچھ آپ چاہتےہیں، اسے کلام میں دیکھ سکتےہیں، اورخدا آپکےدیکھنےکو دیکھتا ہے، تو آپکو یقین ہےکہ آپ نےجو مانگا ہےوہ پایا ہے۔

بائبل کہتی ہے، خدا تمام چیزوں کو اپنی مرضی کےمشورےسےکرتا ہے۔ اسکا مطلب یہ نہیں کہ خدا کسی صحیفےکی تلاش میں جاتا ہے۔ وہ کلام ہے! اسکا سیدھامطلب ہے، خُداجوچاہتا ہے، حاصل کرنےکیلئےاپنےکلام کو استعمال کرتا ہے۔ اس لیے، وہ آپ سےبھی ایسا ہی کرنےکی توقع رکھتا ہے، یہاں ایک خوبصورت بات ہے: ایک بارجوآپ چاہتےہیں، کلام میں دیکھ لیں، آپ اسےحاصل کرنے کیلئےدعا نہیں کرتے؛ آپ دعا کرتےہیں کیونکہ آپکے پاس یہ پہلےسےہی ہے! آپ کیسے جانتے ہیں، آپکے پاس ہے؟ آپ نےاسےکلام میں دیکھا! باقی اب بس آپ نے اسے بتانا ہے جو آپ نے دیکھا!

## نبوتی اقرار

جب میں دعا کرتا ہوں، خُدا میری سنتا ہے اور اُس کے کلام میں میرا ایمان ہر بار، سو فیصد نتائج پیدا کرتا ہے!

**مزید مطالعہ**
اِفِسیوں 1: 11



2 – کُرِنتھِیوں 2: 14
مگر خُدا کا شُکر ہے جو مسِیح میں ہم کو ہمیشہ اسِیروں کی طرح گشت کراتا ہے اور اپنے عِلم کی خُوشبُو ہمارے وسِیلہ سے ہر جگہ پَھیلاتا ہے۔

میں کتابیں لکھتا ہوں کیونکہ مجھے خداوند نےحکم دیا ہے۔ میں جو کتاب لکھتا ہوں اس میں اس فضل کاحصہ شامل ہوتا ہے جو میرےپاس ہے۔ ہرکتاب کے صفحات میں موجود مکاشفہ، روحانی اصول، عملی اطلاق اس وقت تک معلوم نہیں ہوسکتا، جب تک کہ میں اس شخص کو اپنےاندرجھانکنےکی اجازت نہ دوں۔ میں جب بھی کوئی کتاب لکھتا ہوں، احتیاط سےایک عنوان منتخب کرتا ہوں جو آپکو بتاتا ہے، کتاب کس مسئلےکوحل کرتی ہے۔

باہرکاعنوان اندرکی چیزکی قدرکو بتاتا ہے۔ یہ مارکیٹنگ اور میری کتابوں کےبکنےکا، کا ایک بنیادی اصول ہے۔ آپ وہ عنوان ہیں جو خدا نےپہنا ہوا ہے۔ اس نےآپکا اندراج کیا تاکہ وہ اپنی قدر آپکومنتقل کرسکے۔ وہ سب کچھ جو وہ ہے، اور اسکی تمام صلاحیتیں، آپکےاندر بسی ہوئی ہیں۔ جب کوئی ایسا شخص جوخداوند کو نہیں جانتا آپکی طرف دیکھتا ہے، تو انہیں آپکاحل کردہ مسئلہ نظرآنا چاہیے۔

اگروہ اندھیرے میں ہیں، آپکی طرف دیکھنے پر انہیں روشنی نظر آنی چاہیے۔ اگر انکےپاس "پیسےسےزیادہ مہینہ" ہے، تو انہیں آپ پرمالی خوشحالی نظرآنی چاہیے۔ اگروہ بیمارہیں اورشفا یابی کی ضرورت ہے، تو آپکاچہرہ اس کی صحت اور شفا بخش قوت کو ظاہرکرے۔ آپ خدا کی بہترین مارکیٹنگ کی حکمت عملی ہیں۔ دنیا کودکھائیں، آپ اپنےاندرکیا رکھتےہیں!

## نبوتی اقرار

میں ایک قدر والا آدمی ہوں. میں ان مسائل کا حل ہوں جو میری طرف متوجہ ہوتے ہیں۔ میں جہاں بھی جاتا ہوں، خدا کے علم کی میٹھی خوشبو پھیلاتا ہوں۔ میں خدا کیلئے دکھاوا کرتا ہوں!

**مزید مطالعہ**
متّی 5: 14-16



1 - کُرِنتھِیوں 14: 10
دُنیا میں خواہ کِتنی ہی مُختلِف زُبانیں ہوں اُن میں سے کوئی بھی بے معنی نہ ہو گی۔

ہماری آج کی آیت بتاتی ہے، ہر آواز معنی رکھتی ہے۔ ہر لفظ جو آپ بولتے ہیں وہ نتائج پیدا کرتا ہے، خُدا آپ سے، اُس کے فرزند سے، توقع کر رہا ہےکہ آوازکی اس ٹیکنالوجی کوجو اُس نےآپکو دی ہے، اسے لےاور آپنےمکمل فائدے کیلئے استعمال کرے۔ آپکی آوازکی لہریں خدا کیطرف سےآپکی زندگی میں خدا کی برکات کومتوجہ کرنےکیلئےاستعمال کرنے کیلئےڈیزائن کی گئی تھیں. جب آپ بولتے ہیں، آپ فرشتوں کےسفر کیلئےشاہراہیں اورسڑکیں بناتےہیں۔

جتنا زیادہ آپ اپنی زندگی پرخدا کی برکات کا فرمان و اعلان کریں گے، اتنا ہی زیادہ آپ فرشتوں کو اپنی طرف بڑھنےاور نجات کےفوائد پہنچانےکا اختیاردیں گے۔ اس لیےآپکو کبھی غربت کی آوازنہیں نکالنی چاہیے۔ جب آپ ایسی آوازیں نکالتے ہیں جو خدا کے کلام سےمطابقت نہیں رکھتیں، فرشتوں کو طاقت دینےکےبجائے، آپ شیاطین کوطاقت دیتے ہیں جو اس بات کا خیال رکھیں گےکہ آپکوغربت پہنچائی گئی ہے۔

"میں ٹوٹ گیا ہوں"، "میں اسے برداشت نہیں کر سکتا،" اور "میرے پاس کافی نہیں ہے" جیسے الفاظ کبھی آپکی زبان کا حصہ نہیں بننے چاہئیں۔ لوگوں کا آپکو مغرور کہنا بہترہے، بجائے شیطانی روحوں کومتحرک کرنےکےجو ان الفاظ کو سنیں گی۔ آپکے الفاظ میں طاقت ہے! لہٰذا، اُن کا استعمال فراوانی کا پھل پیدا کرنےکیلئےاستعمال کریں جو آپکا حق ہے۔

## نبوتی اقرار

میں مالی زوال یا معاشی تناؤ کا شکار نہیں ہوں۔ میں فرمان اور اعلان کرتا ہوں کہ میں بہت خوشحال ہوں! میں خوشحالی کے ماحول میں رہتا ہوں، اور میرے خاندان کی مالی میراث یسوع کے قادر نام سے، محفوظ ہے!

مزید مطالعہ
امثال 13: 2



**1 - کُرنتھِیوں 14: 4**
جو بیگانہ زُبان میں باتیں کرتا ہے وہ اپنی ترقّی کرتا ہے اور جو نُبوّت کرتا ہے وہ کلِیسیا کی ترقّی کرتا ہے۔

یہ ممکن ہے، ایک شخص پانی کی کمی کا شکار ہو اور اسے معلوم بھی نہ ہو۔ اور آپکےفون کی بیٹری ختم ہوسکتی ہے، اورآپکو فون بند ہونےکے بعد ہی اسکا احساس ہوتا ہے۔ اسی طرح، آپکی روحانی توانائی آپکےجانےبغیرکم ہوسکتی ہے۔ جب پیاس لگتی ہے، تو آپ میں پہلےہی پانی کی کمی ہوچکی ہوتی ہے۔ لہذا، پیاس کی حد تک پہنچنےتک انتظار کرنےکے بجائے، دن بھرپانی پیتےرہنا بہترہے۔

اسی طرح، بہتر ہےکہ آپ دن بھر اپنی بیٹری کی سطح کو دیکھتےرہیں اورجتنا زیادہ ممکن ہو اسےچارج کرتےرہیں۔ آپکی روحانی توانائی کا بھی یہی حال ہے۔ جب آپ زبان میں بولتے، دعا کرتےہیں، آپ روحانی توانائی بھر رہےہوتےہیں۔ آپ خود کو خدا کی دونامی طاقت سےبیٹری کیطرح چارج کرتےہیں۔ جب یسوع بیماروں کی خدمت کرتا تھا، اس سےطاقت نکل جاتی تھی۔

اسےمعلوم ہوجاتاتھا جب اسکی توانائی کی سطح نیچے جاتی، اس لیےوہ خود کو دعا کےزریعےبھرلیتا۔ کچھ لوگ اپنی توانائی کو بڑھانےکیلئےکھیلوں کےمشروبات، ادویات کا سہارا لیتےہیں، لیکن ہمارے پاس اپنےروحانی بوسٹرزہیں۔ غیرزبان میں بولنےکےپانچ منٹ بیس سال کےمسائل سےنمٹنے کیلئےکافی توانائی بھر سکتےہیں! اپنی روحانی توانائی کم ہونےتک کا انتظارنہ کریں۔ اسکےبجائے، اپنےپورےدن میں وقت نکال کر دعا میں توانائی حاصل کریں۔

## نبوتی اقرار

خدا کی دونامی طاقت مجھ میں کام کر رہی ہے! جب میں دعا کرتا ہوں، میں شیطان کو پریشان کر دیتا ہوں اور اپنے مسائل پر پھٹ پڑتا ہوں! میری پریشانیاں ختم ہو رہی ہیں، چیزیں میری زندگی میں یسوع کے نام سے کام کر رہی ہیں!

**مزید مطالعہ**
اِفِسیوں 3: 20



2 - کُرِنتھِیوں 5: 17
اِس لِئے اگر کوئی مسِیح میں ہے تو وہ نیا مخلُوق ہے۔ پُرانی چِیزیں جاتی رہِیں۔ دیکھو وہ نئی ہو گئِیں۔

پیسہ ناکام ہونے کیلئے جانا جاتا ہے کیونکہ یہ دنیاوی نظام کا ایک حصہ ہے، اور وہ نظام بگڑا ہوا ہے، لیکن جب آپ مسیح میں ایک نئی تخلیق بن جاتے ہیں، تو بائبل کہتی ہے، دیکھووہ نئی ہوگئیں، اورسب چیزیں خدا کیطرف سے ہیں۔ اس میں آپکے پیسےبھی شامل ہیں۔ جو چیز اسےنیا بناتی ہے، وہ، وہ قدر ہے جو آپ اس پر رکھتے ہیں، اس قدر کا تعین اس سےہوتا ہےکہ آپ اسےکیسے استعمال کرتےہیں۔ آپ پیسےکوخدا کےاستعمال کیلئےمخصوص کرکےاپنےمالی وسائل کو روحانی دائرے میں لیجا سکتےہیں۔

اگر خدا اسےآپکے ذریعےحاصل کرسکتا ہے، تو وہ اسکو آپکےپاس لیکرآئیگا۔ پیسہ آ رہا ہے! آپکے پیسےآ رہےہیں! اورخدا کےلوگ امیر ہونگے! لیکن یہ سمجھ لیں، پیسہ سب کچھ نہیں ہے۔ پیسہ ان چیزوں کوحاصل کرنےکا ایک ذریعہ ہےجو واقعی اہم ہیں - ابدی قدرکی چیزیں۔ اسی لیے ہم بامقصد پیسہ رکھنےکی بات کرتےہیں۔

ہمیں ادراک ہے، جب ہم کام کرتے ہیں تو ہم روزی کیلئے کام نہیں کرتے۔ ہم دینے کیلئے کام کرتے ہیں۔ یہ آپ کیلئے خدا کی مرضی ہےکہ آپ مالی طور پر خوشحال ہوں تاکہ آپ اپنی پسند کی زندگی کا انتخاب کر سکیں، بجائےاسکےجو آپ کیلئے انتخاب کی گئی ہے۔ سب سے اہم بات، یہ آپکےپیسے کےذریعےہی ہےکہ انجیل اور خدا کی بادشاہی کے ایجنڈے کو بیرون ملک پھیلایا جائے گا!

## نبوتی اقرار

میرے کاروبار کبھی ناکام نہیں ہوںگے، اور میرے مالیات کبھی خسارے میں نہیں جائیں گے۔ میں اچھی کامیابی کے لیے مخصوص ہوں؛ میرے پیسے آ رہے ہیں اور آتے رہتے ہیں!

**مزید مطالعہ**
پَیدائش 47: 15



**زبُور 105: 37**
اور اِسرائیل کو چاندی اور سونے کے ساتھ نِکال لایا اور اُس کے قبِیلوں میں ایک بھی کمزور آدمی نہ تھا۔

بنی اسرائیل نے جب مصر سے خروج کیا، ان میں کوئی کمزور یا بیمار نہیں تھا۔ وہ سب صحت مند، توانا تھے۔ اب، کلیسیا جلد ہی سب سے بڑے خروج پر جانیوالا ہے - اٹھائے جانا! خُداوند جلد ہی آنے والا ہے، اورخُدا کےمقدس اُس سے ملنے کیلئے ہوا میں اُٹھائے جائیں گے۔ خدا کی ذات کو جلال ہو!

بائبل کہتی ہے، وہ ایک جلال والی کلیسیا کیلئے آ رہا ہےجو بےداغ اور بےعیب ہو۔ جب ہم اس دنیا سےنکلیں گےتو ہم ایک جلال والے جسم سے ملبوس ہوں گے، جو کبھی بیمار نہیں ہوں گے، نہ ہی مریں گے۔ آپکے جسم میں بیماری کا مطلب ہے، بیماری کاعلم، کلام کےعلم سےزیادہ ہےجو کہتا ہے، آپ شفا پاچکےہیں۔ شفا فراہم کی جاچکی ہےاور ابھی آپ کیلئےدستیاب ہے!

آپکو صحت مند، توانا جسم میں ہونےکیلئے، اٹھائےجانے کا انتظار کرنے کی ضرورت نہیں۔ خدا آپکی شفایابی کےبارےمیں کیا کہتا ہے، اس پر ایمان رکھیں اور ان الفاظ کو بولنا شروع کریں جو اس کےکلام سےمطابقت رکھتےہوں۔ اپنی علامات کو گوگل نہ کریں؛ کلام میں جائیں! جب آپ شفا یابی کے متعلق کلام کا اپنے جسم پر اعلان کرینگے، آپ بیماری کیلئےباہر آنے کا راستہ بنائینگے، اور شفا یابی آپکی موجودہ حقیقت ہوگی۔

## نبوتی اقرار

خدا کی زندگی میرے جسم کو دی گئی ہے۔ مسیح کی شفا بخش صفت میرے ذریعے بہہ رہی ہے، اور میں خلیاتی اور سالماتی سطح پر توانا ہو گیا ہوں۔ یسوع میرا شفا دینے والا ہے، اور میں اب شفا یابی کیلئے اس کا فضل حاصل کرتا ہوں!

**مزید مطالعہ**
1 - کُرِنتھِیوں 15: 53-51

# تحفظ کے لیے صحیفے کا حوالہ

## یسعیاہ 54

14 تُو راستبازی سے پایدار ہو جائے گی۔ تُو
ظُلم سے دُور رہے گی کیونکہ تُو بے خَوف ہو گی اور
دہشت سے دُور رہے گی کیونکہ وہ تیرے قرِیب نہ
آئے گی۔

15 مُمکِن ہے کہ وہ کبھی اِکٹّھے ہوں پر میرے
حُکم سے نہیں۔ جو تیرے خِلاف جمع ہوں گے وہ
تیرے ہی سبب سے گِریں گے۔

16 دیکھ مَیں نے لُہار کو پَیدا کِیا جو کوئلوں کی
آگ دَھونکتا اور اپنے کام کے لِئے ہتھیار نِکالتا ہے
اور غارت گر کو مَیں ہی نے پَیدا کِیا کہ لُوٹ
مار کرے۔

17 کوئی ہتھیار جو تیرے خِلاف بنایا جائے کام نہ
آئے گا اور جو زُبان عدالت میں تُجھ پر چلے گی تُو
اُسے مُجرِم ٹھہرائے گی۔ خُداوند فرماتا ہے یہ
میرے بندوں کی مِیراث ہے اور اُن کی راستبازی
مُجھ سے ہے۔

خدا مجھ سے یہی کہتا ہے اور
یہ ناکام نہیں ہو گا یسوع کے نام سے!

TRANSLATED FROM THE MESSAGE BIBLE IN ENGLISH



## کیا آپ نے ابھی تک یسوع مسیح کو قبول کیا ہے؟

### ہم آپ کو دعوت دیتے ہیں یسوع مسیح کو
### اس دعا کے ذریعے اپنی ذندگی کا خداوند بنائیں؛

"اے خداوند خدا، ا یسوع مسیح کے نام پر آپ کے پاس آتے ہیں۔ میں اپنے پورے دل سے یسوع مسیح، زندہ خدا کے بیٹے، پر ایمان لاتا/لاتی ہوں ۔ میرا ایمان ہے کہ وہ میرے لیے مرا اور خُدا نے اُس کو مُردوں میں سے زندہ کیا۔ میرا ایمان ہے کہ آج وہ زندہ ہے۔ میں اپنے منہ سے اقرار کرتا/کرتی ہوں کہ یسوع مسیح اس دن سے میری زندگی کا خداوند ہے۔ اُس کے ذریعے اور اُس کے نام میں، میں نے ہمیشہ کی زندگی حاصل کی ہے۔ میں پھر سے پیدا ہوا/ہوئی ہوں۔ خُداوند، میری جان کو بچانے کے لیے آپ کا شکریہ! میں اب خدا کا/کی فرزند ہوں۔ ہیلیلویاہ!"

---

مبارک ہو! اب آپ خدا کے فرزند ہیں۔

TO RECEIVE MORE INFORMATION ON HOW YOU CAN GROW AS A CHRISTIAN PLEASE GET IN TOUCH WITH US ON:

UK: +44 3333 448 612
USA +1 240 781 6942
RSA +27 51 004 0209

WWW.UEBERTANGEL.ORG | WWW.GOODNEWSWORLD.COM



**TheGoodNewsWorld Helplines**

USA: +1 (240) 781-6942

UK: +44 333 344 8612

RSA: +27 (51) 004-0209

www.goodnewsworld.com